رشید صاحب طبعاً ایک مذہبی ذہن کے مالک تھے۔ خاص طور پر اسلام کی عظمت اور فوقیت کے معترف اور قائل۔ لیکن طاعت وزہد کی جانب عملی رجحان بہت کم تھا۔ اس لیے انھوں نے مذہبی مباحث اور فرائض سے بیشتر خود کو دور رکھا۔ لیکن ہندی مسلمانوں کی تاریخ، تہذیب اور معاشرت سے انھیں گہری دلچسپی تھی جو ان کی تحریر و تقریر دونوں سے ظاہر ہوتی ہے۔

سرسید کو وہ مسلمانوں کا مسیحا سمجھتے تھے اور علی گڑھ تحریک کو ان کی نشاۃ ثانیہ۔ سیاست میں وہ وسط سے دائیں طرف تھے۔ اس لیے وہ ادبی تحریکیں جن کا ماخذ کعبہ و کاشی سے دور ہوتا ان کو مشتبہ نظروں سے دیکھتے۔ بنیادی طور پر وہ انسان اور قوم پرست تھے۔ اس لیے گاندھی، نہرو، محمد علی، اقبال، اور ذاکر حسین جیسی شخصیتیں ان کے تخیل کو گرماتی تھیں۔ ذاکر حسین سے ان کی عقیدت اب اُردو ادب کی ایک علامت بن چکی ہے۔ ان سے وہ بدظن اور خفا (جہاں تک مجھے علم ہے) صرف ایک بار ہوئے تھے جب وہ اچانک علی گڑھ چھوڑ کر بہار کی گورنری پر چلے گئے تھے۔ ان کا خیال تھا کہ علی گڑھ چھوڑ کر جانا تھا تو جامعہ بازگشت کرتے جہاں ان کے ساتھ کام کرنے کے لیے انھوں نے اپنی پیش کش کی تھی۔

جنوری ۱۹۷۳ء میں رشید صاحب کی تحریک پر میرا انتخاب جامعہ اُردو کے شیخ الجامعہ کے اعزازی عہدے کے لیے ہوگیا۔ ستمبر ۱۹۷۳ء میں جامعہ ملیہ کے شیخ الجامعہ کی حیثیت سے میری نامزدگی عمل میں آئی۔ میرے لیے رشید صاحب کا مشورہ اور آشیرباد ضروری تھی۔ ملا تو کہا بڑی ذمہ داری سر پر آگئی ہے ضرور قبول کیجیے۔ میں نے کہا یہ کیا ظلم ہے کہ پہلے تو آپ نے ایک پٹھان کو شیخ بنادیا اب چاہتے ہیں کہ ڈبل شیخ ہو جائے۔ کہنے لگے کہ لطیفہ کو سنگین نہ بنائیے، اس سے لطف اٹھائیے اور کمر باندھ لیجیے۔


علی گڑھ سے تقریباً پانچ سال باہر رہا لیکن جامعہ اُردو کے ناتے سے ہر ماہ دو ماہ میں ایک چکر ضرور ہو جاتا۔ رشید صاحب کے درِ دولت پر میرے لیے حاضری ناگزیر تھی۔ ان کا قلم ابھی تک نہیں تھکا تھا۔ تابڑ توڑ وہ علی گڑھ

اور اس سے متعلق موضوعات پر لکھ رہے تھے۔ یہ تحریریں جا بجا چھپتی بھی رہیں۔ لیکن اب وہ مزاح اور طنز نگار نہیں تھے۔ خاکہ نگاری بھی چھوڑ دی تھی وہ اب علی گڑھ نگار تھے۔ کچھ ماضی کی یادیں، کچھ حال کے مناظر اور کچھ مستقبل کے بارے میں پیش گوئیاں۔ موجودہ علی گڑھ کی طرف سے مضطرب رہتے۔ اسی شدت سے ماضی کے علی گڑھ کی جانب بازگشت کرتے۔ اس کے حالِ زار پر ان کا اُس زمانے کا محبوب شعر یہ تھا ؎

کیسے کیسے ایسے ویسے ہوگئے
ایسے ویسے کیسے کیسے ہوگئے

ان کے مکان کے اندر کے سبزہ زار، گل و گلزار اسی طرح شاداب اور شگفتہ تھے۔ لیکن مالی بوڑھا ہو چکا تھا۔ عمرانتی سے تجاوز کر چکی تھی مگر حوصلۂ قلم ورقم اب تک باقی تھا۔ ان کے انتقال سے قبل میں اکتوبر ۱۹۷۶ء میں آخری بار علی گڑھ گیا اور پہلی بار ان کے یہاں بعض مصروفیات کی بنا پر حاضری نہ دے سکا۔ جنوری ۱۹۷۷ء میں اچانک خبر ملی کہ علی گڑھ کے چمن کا بلبل بھری بہار میں پرواز کر گیا!

؏ مجنوں جو مرگیا ہے تو صحرا اُداس ہے



رشید صاحب کے "ادبِ ممنوع" کو برسرِ عام لانے کی یہ جرأتِ رندانہ ان کی ہدایت اور اپنی شرافت کو خطرے میں ڈال کر کی جا رہی ہے۔ تمام دوستوں اور عزیزوں کو سخت اور مسلسل ہدایت تھی کہ ان کے خطوط ہرگز ہرگز ان کی حیات میں یا ان کے بعد شائع نہ کیے جائیں۔ اس ہدایت کی زد پر وہ بعض اوقات مکتوب الیہ کی شرافت تک کو لے آتے تھے۔

رشید صاحب، جہاں تک خطوط نویسی کا تعلق ہے۔ بسیار و زود نویس تھے۔ خطوط کا جواب جلد از جلد دینا ان کی عادت تھی۔ اس کے لیے انھوں نے ایک 'تکنیک' بھی ایجاد کر لی تھی۔ عام طور پر رقعوں اور پوسٹ کارڈوں کا استعمال، فوراً مکتوب الیہ کے خط کو پھاڑ کر اس سے نجات حاصل کرنے کی عادت (یہی وجہ ہے کہ ان کے گھر سے جو سامان نکلا ہے اس میں اچھے سے اچھے مکتوب نگاروں کے خطوط مفقود ہیں!) اور پھر فوری طور پر انھیں پوسٹ کر دینے کی ہدایت۔ اس طرح ان کی "پابندی رسمِ نیم ملاقات" مرتے دم تک جاری رہی جب کہ ان کی بینائی جواب دے چکی تھی، ہاتھ میں رعشہ آ چکا تھا اور دماغ کی شریانوں میں دورانِ خون کی کمی کی وجہ سے مسلسل لذت آتشیں کی سی کیفیت محسوس کرتے رہتے تھے۔

میں نے ان کے مکاتیب کو جان بوجھ کر 'رقعات' سے موسوم کیا ہے۔ ر
ا لیے کہ ان میں سے بیشتر رقعوں اور پرچوں پر لکھے گئے ہیں کچھ اس وجہ
کہ مکتوب الیہ مقامی تھا اور اس کا مکان ان کے دولت کدہ سے بمشکل ایک
فرلانگ کے فاصلے پر تھا اور کچھ اس سبب سے کہ رشید صاحب اپنے خطوط کے
یے مخصوص اسٹیشنری یا ڈاک کا بے جا خرچ اٹھانے کے قائل نہ تھے۔ جب ڈاک
ے ذریعہ ترسیل خط منظور ہوتی تو پوسٹ کارڈ کا استعمال کرتے۔ اس میں
کفایت کے علاوہ سہولت بھی تھی۔ ایک دفعہ کی گفتگو سے یہ بھی اندازہ ہوا
۔ وہ پوسٹ کارڈ کو لفافے (بند یا کھلے) کے مقابلے میں زیادہ پائدار سمجھتے
تھے۔ انھیں اس بات کا بخوبی علم تھا کہ ان کی ہدایت کے علی الرغم میں ان
کے خطوط کو حرزِ جاں سمجھ کر محفوظ رکھتا ہوں اور نیت بھی خراب ہے۔
نہیں کہہ سکتا کہ غالب کی طرح رشید صاحب اس بارے میں کہاں تک
محتاط قلم ہو گئے تھے لیکن یہ مسلم ہے کہ ان کے تمام خط قلم برداشتہ ہیں۔ بہت
کم مقامات پر انھوں نے کسی لفظ یا جملے کو قلم زد کیا ہے۔

اس مجموعہ میں ان کا سب سے پہلا خط ۱۹۴۴ء کا ہے جب میں شعبۂ اُردو
میں نیا نیا لکچرر مقرر ہوا تھا یہ رسیدی قسم کا ہے لیکن قدامت کے پیشِ نظر
شامل کر لیا گیا۔ ۴۴ ۱۹ء تا ۱۹۶۲ء کے بیشتر رقعات زائل ہو گئے۔ تعداد
بھی کچھ زیادہ نہیں تھی۔ میں علی گڑھ ہی میں تھا اور رشید صاحب سے
مراسلت کا کاروبار ابھی نہیں کھلا تھا۔ ان کے خطوط کا باقاعدہ سلسلہ ۱۹۶۲ء
کے بعد شروع ہوتا ہے جب میرا عثمانیہ یونیورسٹی کے شعبۂ اُردو میں پروفیسر کی
حیثیت سے تقرر ہوا اور میں علی گڑھ سے چھ سال کے لیے باہر چلا گیا۔ خطوط
کی بڑی تعداد انھیں چھ سال سے تعلق رکھتی ہے۔ اس دوران میں مختلف تعلیمی

کاموں کے سلسلے میں رشید صاحب نے دوبار حیدرآباد کا سفر میری خاطر اختیار کیا۔ ۱۹۶۸ء میں میں دوبارہ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں لسانیات کی پروفیسری پر آ گیا۔ ہر چند کہ رشید صاحب سے سو قدم کے فاصلے پر رہتا تھا لیکن اگلے پانچ سالوں میں رقعات کی تعداد سب سے زیادہ ہے۔ رشید صاحب ان دنوں ریٹائرڈ زندگی بسر کر رہے تھے۔ ان کے اندر مزاح نگار مر چکا تھا۔ اب وہ مسلسل سنجیدہ مسائل بالخصوص علی گڑھ کے بارے میں لکھ رہے تھے۔ علی گڑھ ان کے لیے کچھ ماضی کی یادوں سے عبارت تھا، کچھ حال کے تشویشناک حالات سے اور کچھ نامعلوم مستقبل سے! اس زمانے میں مسلم یونیورسٹی کے سہ ماہی مجلے 'فکر و نظر' کا میں ایڈیٹر بھی ہو گیا تھا۔ ان کے اکثر رقعات میں اپنے ان مضامین کا تذکرہ ملے گا جنھیں وہ اس مجلے کے صفحات میں شائع کرانا چاہتے تھے۔ یا ان اداریوں کا تذکرہ جو میں نے اسی زمانے میں 'ہماری زبان' کے عارضی ایڈیٹر کی حیثیت سے لکھے تھے۔ نومبر ۱۹۷۲ء میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کا وائس چانسلر ہو کر میں پھر پانچ سال کے لیے علی گڑھ سے غائب ہو گیا۔ کچھ میری منصبی مصروفیات، کچھ ان کی گرتی ہوئی صحت۔ خطوط کم تر آنے جانے لگے، اور موضوعات گفتگو بھی سمٹ کر رہ گئے۔ میں کاروباری بنتا گیا اور وہ گراں قلم۔ رشید صاحب سے بہتر مکتوب لکھوانے کے لیے انھیں 'برانگیختہ' کرنا ضروری ہوتا تھا۔ ان کی فکر مصرعوں اور فقروں کی فکر تھی۔ اس لیے دوسرے کے پھڑکتے ہوئے جملے یا برمحل نقل شعر کی داد دیے بغیر نہیں رہ سکتے تھے۔ اکثر لکھنے مجھے یہ کیوں نہیں سوجھا اور اس کے ساتھ ان کے ذہن کا دبستاں کھل جاتا۔

رشید صاحب بنیادی طور پر ایک 'درون بیں' شخصیت کے مالک تھے۔ ایسی شخصیت اپنے نجی رشتوں اور تحریروں میں احتیاط اور دیر سے کھلتی ہے

خاص طور پر اگر مکتوب الیہ اس کا ہمدم و ہمراز نہ ہو۔ رشید صاحب کی نسبت سے مجھے یہ درجہ کبھی حاصل نہیں ہوا۔ گو وہ مجھ پر طالب علمی کے زمانے سے شفقت کرتے تھے اور ادبی و علمی معاملات میں میں ان کا معتمد علیہ تھا۔ زندگی کا بڑا حصہ ان کی رفاقت میں گذرا۔ لیکن ہمیشہ "باادیم" میں ایک 'نہایت دوری' قائم رہی جیسا کہ خطوط میں الفاظ خطاب سے ظاہر ہے۔ "مکرم" جو مکتوب نویسی میں ایک غیر جانب دار، بے رنگ اور رسمی خطاب ہے۔ انھوں نے زیادہ تر مجھے اسی لفظ سے یاد کیا ہے۔ کبھی کبھی 'ونورکرم' میں 'محترم' بھی لکھ جاتے تھے جس پر میں محجوب ہو کر رہ جاتا۔ اسی طرح ان کے خطوط کا خاتمہ ہمیشہ لفظ 'مخلص' پر ہوتا جسے پھر میں رسمی سمجھتا ہوں۔

مکتوب نویسی میں ان کے اس رویے کے باعث رشید صاحب اپنے رقعات میں بہت کم بے پردہ ہوئے ہیں۔ صرف کبھی کبھی ذاتی غم کی لہر جیسا کہ خط نمبر ۲ میں اپنی چھوٹی اور عزیز بیٹی منّی کی جواں میری پر بلبلا اٹھے ہیں۔ ۱۹۶۲ء تا ۱۹۶۸ء کے بعض خطوط میں اپنی گرتی ہوئی صحت اور بڑھاپے کے عوارض کا ذکر نہایت پژمردگی سے کرتے ہیں اور 'رہیے اب ایسی جگہ چل کر جہاں کوئی نہ ہو' کے آرزومند ہیں۔

سماجی نقطۂ نظر سے رشید صاحب کی شخصیت کا سب سے مثبت پہلو جو ان رقعات سے بخوبی ظاہر ہے چھوٹوں کے ساتھ ان کی کریم نفسی ہے۔ ان کی فیض بخشی سے بہرۂ وافر مجھے بھی ملا تھا۔ ہماری زبان کی عارضی ادارت کے زمانے میں انھوں نے ہر ادار یے پر جو رقعات مجھے لکھے ہیں وہ کسی بھی لکھنے والے کے لیے باعث فخر ہو سکتے ہیں۔

علم و ادب کے معاملات کے لیے وہ مجھ پر بہت زیادہ بھروسہ کرتے

تھے جیسا کہ ۱۹۶۸ء تا ۱۹۷۳ء کے خطوط سے ظاہر ہے۔ اس دوران جو بھی لکھتے شائع کرنے سے قبل میری نظر سے ضرور گزارتے۔ دہلی یونیورسٹی کے توسیعی خطبے کے لیے انھوں نے غالب اپنا موضوع منتخب کیا تو میری مدد چاہی اور یہ میں نے بھرپور دی۔ اس دوران جو خطبے تحریر کیے مجھ سے بار بار مشورہ کرتے رہے۔ وہ ایک نہایت ذہین انسان تھے 'تھوڑے' کو 'بہت' کر دینا ان کے قلم کا کھیل تھا۔ وہ صحیح معنیٰ میں ایک صاحب طرز انشا پرداز تھے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے رقعے اور پرچے آج تک ہمیں عزیز ہیں۔

دیوانِ غالبؔ (اُردو) نسخۂ خدا بخش

تقدیم
فرخ جلالی

حرفِ چند

دیوانِ غالب کے کئی قلمی نسخے خدا بخش لائبریری میں محفوظ ہیں۔ فرخ جلالی صاحب نے ان میں سے ایک کا خصوصی مطالعہ کر کے اسکی تدوین کی ہے اور اس پر تفصیلی حواشی لکھے ہیں۔ اس نسخے کا تعارف اور متن پیش کیا جا رہا ہے۔ مقدمہ اور حواشی اگلی بار۔

——— ضرب

جناب فرخ جلالی
میکرو

دیوانِ غالب

نسخۂ خطی خدا بخش لائبریری

لائبریری اندراج نمبر — ۹۲

> یہ نسخہ قدیم معلوم ہوتا ہے۔ قاضی عبدالودود کا یہ قیاس کہ کتابت شورش ۱۸۵۷ء سے پیشتر کی ہے، میری رائے میں ۱۸۲۰ء کے آس پاس کی ہے۔ اب تک توجہ نہیں ہوئی ہے۔

اس دیوان میں غالب کی ایک قدیم غزل حسب روایت قدیم شامل ہے اس میں ایک شعر شامل ہے۔

تکلف برطرف نظارگی میں بھی سہی لیکن　　وہ دیکھا جائے کب یہ فتنہ دیکھا جائے ہے مجھ سو

حضرت عرشی مرحوم نے اور اب کالی داس گپتا رضا نے بہ پیروی عرشی "فتنہ" کے بجائے "ظلم" کا لفظ پسند کیا ہے۔ چند قدیم نسخوں میں جن میں اشاعتِ اوّل بھی شامل ہے لفظ "فتنہ" موجود ہے۔ فتنہ میں جو شوق اور شعریت ہے وہ ظلم میں کہاں ہے۔

یاد آیا کہ غالب نے اپنے دورِ شباب میں ایک مشہور اور معرکہ کا شعر کہا

چھیڑ خوباں سے چلی جائے اسد　　گر نہیں وصل تو حسرت ہی سہی

یہ شعر خوباں کی طرح مشہور ہو گیا اگر مان لیا جائے کہ بڑے بڑے لوگوں کے مشورے سے غالب نے اپنے دیوان کا انتخاب کیا اور بعض اشعار کی صورت خود بگاڑ دی۔ اپنے پہلے ہی دیوان کی اشاعت کے موقع پر غالب نے شعر کے اس متن کو پسند کیا

یار سے چھیڑ چلی جائے اسد　　گر نہیں وصل تو حسرت ہی سہی

قبول عام نے پہلا متن مشہور رکھا اس طرح اس قتل کا چرچا نہیں ہوا مگر مطبوعہ دیوانوں میں آخری متن چھپ رہا ہے۔

ایک حیرت کی بات ہے کہ جناب کالی داس گپتا رضا اور ان سے پہلے کے بڑے حضرات خدا بخش لائبریری کے اس خطی نسخہ کی طرف کوئی خاص توجہ نہیں فرماتے۔ جناب کالی داس گپتا رضا بارہ قلمی نسخوں اور پانچ مطبوعہ نسخوں کی مدد سے اپنا دیوان غالب مرتب فرماتے ہیں مگر یہ نسخہ خدا بخش لائبریری یا نسخۂ عظیم آباد قابل ذکر قرار نہیں پاتا۔ میں نسخۂ عظیم آباد کو شائع کرنا چاہتا ہوں۔ مالک رام مرحوم سے بارہا تذکرہ رہا کہ غالب کے خطی نسخوں کی اشاعت کی ضرورت ہے۔ بہت برسوں کی بات ہے کہ میں نے غالب پہ ایک مضمون کی اشاعت پر لکھا تھا کہ سرسید اور ان کے بھائی سید محمد کے مطبع کا نام سید المطابع نہیں تھا۔

حضرت عرشی مرحوم نے اپنے مرتبہ دیوان میں ایک جگہ تحریر فرمایا :

" یہ مطبع سرسید کے بھائی سید محمد خان بہادر نے دہلی میں قائم کیا تھا اور سید المطابع یا مطبع سید الاخبار کے نام سے مشہور تھا۔"

جناب مالک رام نے اور کالی داس گپتا رضا نے اشاعت اول کا سرورق چھاپا ہے۔ اس میں صاف لکھا ہے کہ "سید محمد خان بہادر کے چھاپہ خانے کے لیتھو گرافک پریس میں چھاپا ہوا۔"

اس سے قبل سرسید کی پہلی فارسی کتاب "جام جم" اسی مطبع سے جب شائع ہوئی تو "پریس" کا نام مطبع سید الاخبار نہیں تھا۔ بعد کو اس چھاپہ خانہ کا نام مطبع سید الاخبار ہوگیا۔ یہ ترکیب لکھنؤ کے پریسوں کی طرز پر کی گئی۔ بعد میں جب اس پریس کا نام مطبع سید الاخبار ہوگیا تو سرسید احمد کی کئی کتابیں اس مطبع سے چھپتی رہیں جیسے آثار الصنادید ۱۸۴۷ء (طبع اول) وغیرہ۔ اور مصنفین کی کتابیں بھی مطبع سید الاخبار سے شائع ہوئیں جن کی ایک مختصر فہرست آئندہ دی جائے گی۔ ۱۸۴۰ء یا ۱۸۴۱ء میں اس مطبع سے اخبار سید الاخبار بھی چھپنے لگا۔ اس کا موضوع زیادہ تر قانون تھا۔

رب یسر بسم اللہ الرحمن الرحیم و تمم بالخیر

نقش فریادی ہے کس کی شوخیٔ تحریر کا — .... کاغذی ہے پیرہن ہر پیکرِ تصویر کا
کاوکاوِ سخت جانیہائے تنہائی نہ پوچھ — صبح کرنا شام کا لانا ہے جوئے شیر کا
جذبۂ بے اختیارِ شوق دیکھا چاہیے — سینۂ شمشیر سے باہر ہے دم شمشیر کا
آگہی دامِ شنیدن جس قدر چاہے بچھائے — مدعا عنقا ہے اپنے عالمِ تقریر کا
بسکہ ہوں غالب اسیری میں بھی آتش زیر پا — موئے آتش دیدہ ہے حلقہ مری زنجیر کا

ولہ

جز قیس اور کوئی نہ آیا بروئے کار — صحرا مگر بہ تنگیٔ چشمِ حسود تھا
آشفتگی نے نقشِ سویدا کیا درست — ظاہر ہوا کہ داغ کا سرمایہ دود تھا
تھا خواب میں خیال کو تجھ سے معاملہ — جب آنکھ کھل گئی نہ زیاں تھا نہ سود تھا

ہیں مکتبِ غمِ دل میں سبق ہنوز
لیکن یہی کہ رفت گیا اور بود تھا

ڈھانپا کفن نے داغِ عیوبِ برہنگی
میں ورنہ ہر لباس میں ننگِ وجود تھا

تیشے بغیر مر نہ سکا کوہکن اسد
سرگشتۂ خمارِ رسوم و قیود تھا

ولہ

کہتے ہو نہ دیں گے ہم دل اگر پڑا پایا
دل کہاں کہ گم کیجے ہم نے مدعا پایا

عشق سے طبیعت نے زیست کا مزا پایا
درد کی دوا پائی دردِ بے دوا پایا

سادگی و پرکاری بے خودی و ہشیاری
حسن کو تغافل میں جرأت آزما پایا

غنچہ پھر لگا کھلنے آج ہم نے اپنا دل
خوں کیا ہوا دیکھا گم کیا ہوا پایا

حالِ دل نہیں معلوم لیکن اس قدر یعنی
ہم نے بارہا ڈھونڈا تم نے بارہا پایا

شورِ پندِ ناصح نے زخم پر نمک چھڑکا
آپ سے کوئی پوچھے تم نے کیا مزا پایا

دوستدارِ دشمن ہے اعتمادِ دل معلوم
آہ بے اثر دیکھی نالہ نارسا پایا

ولہ

دل مرا سوزِ نہاں سے بے محابا جل گیا
آتشِ خاموش کی مانند گویا جل گیا

دل میں ذوقِ وصل و یادِ یار تک باقی نہیں
آگ اس گھر میں لگی ایسی کہ جو تھا جل گیا

میں عدم سے بھی پرے ہوں ورنہ غافل بارہا
میری آہِ آتشیں سے بالِ عنقا جل گیا

عرض کیجے جوہرِ اندیشہ کی گرمی کہاں
کچھ خیال آیا تھا وحشت کا کہ صحرا جل گیا

دل نہیں

دل نہیں تجھکو دکھاتا ورنہ داغوں کی بہار
اس چراغاں کا کروں کیا کارفرما جل گیا

میں ہوں اور افسردگی کی آرزو غالبؔ کہ دل
دیکھکر طرزِ تپاکِ اہلِ دنیا جل گیا

ولہ

شوق ہر رنگ رقیبِ سر و ساماں نکلا
قیس تصویر کے پردے میں بھی عریاں نکلا

زخم نے داد نہ دی تنگیِ دل کی یارب
تیر بھی سینۂ بسمل سے پرافشاں نکلا

بوئے گل نالۂ دل دودِ چراغِ محفل
جو تری بزم سے نکلا سو پریشاں نکلا

دل حسرت زدہ تھا مائدۂ لذتِ وصل
کام یاروں کا بقدرِ لب و دنداں نکلا

تھی نوآموزِ فنا ہمتِ دشوار پسند
سخت مشکل ہے کہ یہ کام بھی آساں نکلا

دلمیں پھر گریہ نے ایک شور اٹھایا غالبؔ
آہ جو قطرہ نہ نکلا تھا سو طوفاں نکلا

ولہ

دھمکی میں مر گیا جو نہ بابِ نبرد تھا
عشقِ نبرد پیشہ طلبگارِ مرد تھا

تھا زندگی میں مرگ کا کھٹکا لگا ہوا
اڑنے سے پیشتر بھی مرا رنگ زرد تھا

تالیفِ نسخہ ہائے وفا کر رہا تھا میں
مجموعۂ خیال ابھی فرد فرد تھا

دل تا جگر کہ ساحلِ دریائے خوں ہے اب
اس رہگذر میں جلوۂ گل آگے گرد تھا

جاتی ہے کوئی کشمکش اندوہِ عشق کی
دل بھی اگر گیا تو وہی دل کا درد تھا

احباب چارہ سازیِ وحشت نہ کر سکے
زنداں میں بھی خیال بیاباں نورد تھا

یہ لاشِ بے کفن اسدِ خستہ جاں کی ہے
حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا

ولہ

شمارِ سبحہ مرغوبِ بتِ مشکل پسند آیا
تماشائے بہ یک کف بردنِ صد دل پسند آیا

بفیضِ بیدلی نومیدیِ جاوید آساں ہے
کشائش کو ہمارا عقدۂ مشکل پسند آیا

ہوائے سیرِ گل آئینۂ بے مہریِ قاتل
کہ اندازِ بخوں غلطیدنِ بسمل پسند آیا

ولہ

دہر میں نقشِ وفا وجہِ تسلی نہ ہوا
ہے یہ وہ لفظ کہ شرمندۂ معنی نہ ہوا

سبزۂ خط سے ترا کاکلِ سرکش نہ دبا
یہ زمرد بھی حریفِ دمِ افعی نہ ہوا

میں نے چاہا تھا کہ اندوہِ وفا سے چھوٹوں
وہ ستمگر مرے مرنے پہ بھی راضی نہ ہوا

دل گزرگاہِ خیالِ مے و ساغر ہی سہی
گر نفس جادۂ سرمنزلِ تقوی نہ ہوا

ہوں ترے وعدہ نہ کرنے میں بھی راضی کہ کبھی
گوش منت کشِ گلبانگِ تسلی نہ ہوا

کس سے محرومیِ قسمت کی شکایت کیجے
ہم نے چاہا تھا کہ مر جائیں سو وہ بھی نہ ہوا

مر گیا صدمۂ یک جنبشِ لب سے غالبؔ
ناتوانی سے حریفِ دمِ عیسی نہ ہوا

ولہ

ستائش گر ہے زاہد اس قدر جس باغِ رضواں کا
وہ اک گلدستہ ہے ہم بیخودوں کے طاقِ نسیاں کا

بیاں کی

بیاں کیا کیجیے بیدادِ کاوش‌ہائے مژگاں کا — کہ ہر اک قطرۂ خوں دانہ ہے تسبیحِ مرجاں کا
نہ آئی سطوتِ قاتل بھی مانع میرے نالوں کو — لیا دانتوں میں جو تنکا ہوا ریشہ نیستاں کا
دکھاؤں گا تماشا دی اگر فرصت زمانے نے — مرا ہر داغِ دل اک تخم ہے سروِ چراغاں کا
کیا آئینہ خانے کا وہ نقشہ تیرے جلوے نے — کرے جو پرتوِ خورشید عالم شبنمستاں کا
مری تعمیر میں مضمر ہے اک صورت خرابی کی — ہیولیٰ برقِ خرمن کا ہے خونِ گرم دہقاں کا
اُگا ہے گھر میں ہر سو سبزہ ویرانی تماشا کر — مدار اب کھودنے پر گھاس کے ہے میرے درباں کا
خموشی میں نہاں خوں گشتہ لاکھوں آرزوئیں ہیں — چراغِ مردہ ہوں میں بے زباں گورِ غریباں کا
ہنوز اک پرتوِ نقشِ خیالِ یار باقی ہے — دلِ افسردہ گویا حجرہ ہے یوسف کے زنداں کا
بغل میں غیر کی آج آپ سوتے ہیں کہیں ورنہ — سبب کیا خواب میں آ کر تبسم ہائے پنہاں کا
نہیں معلوم کس کس کا لہو پانی ہوا ہوگا — قیامت ہے سرشک آلودہ ہونا تیری مژگاں کا
نظر میں ہے ہماری جادۂ راہِ فنا غالب — کہ یہ شیرازہ ہے عالم کے اجزائے پریشاں کا

ولہ

نہ ہوگا یک بیاباں ماندگی سے ذوق کم میرا — حبابِ موجۂ رفتار ہے نقشِ قدم میرا
محبت تھی چمن سے لیکن اب یہ بے دماغی ہے — کہ موجِ بوئے گل سے ناک میں آتا ہے دم میرا

ولہ

سراپا رہنِ عشق و ناگزیرِ الفتِ ہستی — عبادت برق کی کرتا ہوں اور افسوس حاصل کا

بقدر ظرف ہی ساقی خمار تشنہ کامی بھی
جو تو دریای می ہی تو میں خمیازہ ہوں ساحل کا

محرم نہیں ہی تو ہی نواہای راز کا
یہاں ورنہ جو حجاب ہی پردہ ہی ساز کا

تو اور سوی غیر نظرہای تیز تیز
یہ وقت ہی شگفتن گلہای ناز کا

صرفہ ہی ضبط آہ میں مرا ورنہ میں
طعمہ ہوں ایک ہی نفس جانگداز کا

ہیں بسکہ جوش بادہ سی شیشی اچھل رہی
ہر گوشۂ بساط ہی سر شیشہ باز کا

کاوش کا دل کری ہی تقاضا کہ ہی ہنوز
ناخن پہ قرض اس گرہ نیم باز کا

تاراج کاوش غم ہجراں ہوا اسد
سینہ کہ تھا دفینہ گہرہای راز کا

ولہ

شب کہ برق سوز دل سی زہرۂ ابر آب تھا
شعلۂ جوالہ ہر یک حلقۂ گرداب تھا

واں کرم کو عذر بارش تھا عناں گیر خرام
گریہ سی یاں پنبۂ بالش کف سیلاب تھا

واں خود آرائی کو تھا موتی پرونی کا خیال
یاں ہجوم اشک میں تار نگہ نایاب تھا

جلوۂ گل نی کیا تھا واں چراغاں آب جو
یاں رواں مژگان چشم تر سی خون ناب تھا

یاں سر پرشور بیخوابی سی تھا دیوار جو
واں وہ فرق ناز محو بالش کمخواب تھا

یاں نفس کرتا تھا روشن شمع بزم بیخودی
جلوۂ گل واں بساط صحبت احباب تھا

فرش سی تا عرش واں طوفاں تھا موج رنگ کا
یاں زمیں سی آسماں تک سوختن کا باب تھا

ناگہاں

ناگہاں اس رنگ سے خوں نابہ ٹپکانے لگا / دل کہ ذوقِ کاوشِ ناخن سے لذت یاب تہا

نالۂ دل میں شب اندازِ اثر نایاب تہا / تہا سپندِ بزمِ وصلِ غیر گو بیتاب تہا

مقدمِ سیلاب سے دل کیا نشاط آہنگ ہے / خانۂ عاشق مگر سازِ صدائے آب تہا

نازشِ ایامِ خاکستر نشینی کیا کہوں / پہلوئے اندیشہ وقفِ بسترِ سنجاب تہا

کچھ نہ کی اپنے جنونِ نارسا نے ورنہ یاں / ذرہ ذرہ روکشِ خورشیدِ عالم تاب تہا

آج کیوں پروا نہیں اپنے اسیروں کی تجھے / کل تلک تیرا بھی دل مہر و وفا کا باب تہا

یاد کر وہ دن کہ ہر یک حلقہ تیرے دام کا / انتظارِ صید میں اک دیدۂ بیخواب تہا

میں نے روکا رات غالب کو وگرنہ دیکھتے / اس کے سیلِ گریہ میں گردوں کفِ سیلاب تہا

دلہ

ایک ایک قطرہ کا مجھے دینا پڑا حساب / خونِ جگر ودیعتِ مژگانِ یار تہا

اب میں ہوں اور ماتمِ یک شہرِ آرزو / توڑا جو تو نے آئینہ تمثال دار تہا

گلیوں میں میری نعش کو کھینچے پھرو کہ میں / جاں دادۂ ہوائے سرِ رہگذار تہا

موجِ سرابِ دشتِ وفا کا نہ پوچھ حال / ہر ذرہ مثلِ جوہرِ تیغ آبدار تہا

کم جانتے تھے ہم بھی غمِ عشق کو پر اب / دیکھا تو کم ہوئے پہ غمِ روزگار تہا

دلہ

بسکہ دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا
آدمی کو بھی میسر نہیں انساں ہونا

گریہ چاہے ہے خرابی مرے کاشانے کی
در و دیوار سے ٹپکے ہے بیاباں ہونا

واے دیوانگیِ شوق کہ ہر دم مجھکو
آپ جانا ادہر اور آپ ہی حیراں ہونا

جلوہ از بسکہ تقاضاے نگہ کرتا ہے
جوہرِ آئینہ بھی چاہے ہے مژگاں ہونا

عشرتِ قتل گہِ اہلِ تمنا مت پوچھ
عیدِ نظارہ ہے شمشیر کا عریاں ہونا

لے گئے خاک میں ہم داغِ تمناے نشاط
تو ہو اور آپ بصد رنگ گلستاں ہونا

عشرتِ پارۂ دل زخمِ تمنا کھانا
لذتِ ریشِ جگر غرقِ نمکداں ہونا

کی مرے قتل کے بعد اوسنے جفا سے توبہ
ہاے اوس زود پشیماں کا پشیماں ہونا

حیف اوس چار گرہ کپڑے کی قسمت غالب
جسکی قسمت میں ہو عاشق کا گریباں ہونا

ولہ

شب خمارِ شوقِ ساقی رستخیز اندازہ تھا
تا محیطِ بادہ صورت خانۂ خمیازہ تھا

ایک قدم وحشت سے درسِ دفترِ امکاں کھلا
جادہ اجزاے دو عالم دشت کا شیرازہ تھا

مانعِ وحشت خرامیہاے لیلی کون ہے
خانۂ مجنونِ صحرا گرد بے دروازہ تھا

پوچھ مت رسوائیِ اندازِ استغناے حسن
دست مرہونِ حنا رخسار رہنِ غازہ تھا

نالۂ دل نے دیے اوراقِ لختِ دل بباد
یادگارِ نالہ ایک دیوانِ بے شیرازہ تھا

دوست غمخواری میں میری سعی فرماویں گے کیا
ولہ
زخم کے بھرنے تلک ناخن نہ بڑھ جاویں گے کیا

حضرت ناصح گر آویں دیدہ و دل فرش راہ
کوئی مجھکو یہ تو سمجھا دو کہ سمجھاویں گے کیا

بے نیازی حد سے گذری بندہ پرور کب تلک
ہم کہیں گے حال دل اور آپ فرماوینگے کیا

آج واں تیغ و کفن باندھے ہوئے جاتا ہوں میں
عذر میرے قتل کرنے میں وہ اب لاوینگے کیا

گر کیا ناصح نے ہمکو قید اچھا یوں سہی
یہ جنون عشق کے انداز چھٹ جاوینگے کیا

خانہ زاد زلف ہیں زنجیر سے بھاگیں گے کیوں
ہیں گرفتار وفا زنداں سے گھبراوینگے کیا

ہے اب اس معمورہ میں قحط غم الفت اسد
ہمنے یہ مانا کہ دلی میں رہیں کھاوینگے کیا

ولہ

ہوس کو ہے نشاط کار کیا کیا
نہ ہو مرنا تو جینے کا مزا کیا

تجاہل پیشگی سے مدعا کیا
کہاں تک اے سراپا ناز کیا کیا

نوازش ہائے بیجا دیکھتا ہوں
شکایت ہائے رنگیں کا گلا کیا

نگاہ بے محابا چاہتا ہوں
تغافل ہائے تمکیں آزما کیا

فروغ شعلۂ خس یک نفس ہے
ہوس کو پاس ناموس وفا کیا

نفس موج محیط بیخودی ہے
تغافل ہائے ساقی کا گلا کیا

دماغ عطر پیراہن نہیں ہے
غم آوارگی ہائے صبا کیا

اسد ہم وہ جنوں جولاں گدائے بے سر و پا ہیں
کہ ہے سر پنجۂ مژگانِ آہو پشت خار اپنا

ولہ

تلے بند زکام نغمہ ہے شور نارسائی کا
بجوش غلغلۂ صد رنگ دعوی پارسائی کا

نہو حسن تماشا دوست رسوا بے وفائی کا
بمہر صد نظر ثابت ہے دعوی پارسائی کا

زکوٰۃ حسن دے اے جلوۂ بینش کہ مہر آسا
چراغ خانۂ درویش ہو کاسہ گدائی کا

نہ مارا جان کر بے جرم غافل تیری گردن پر
رہا مانند خون بیگنہ حق آشنائی کا

تمنائے زباں محو سپاس بے زبانی ہے
مٹا جس سے تقاضا شکوۂ بے دست و پائی کا

وہی اک بات ہے جو یاں نفس واں نکہت گل ہے
چمن کا جلوہ باعث ہے مری رنگیں نوائی کا

عدم تک بے وفا چرچا ہے تیری بے وفائی کا

نہ دے نامہ کو اتنا طول غالب مختصر لکھدے
کہ حسرت سنج ہوں عرض ستمہائے جدائی کا

ولہ

گر نہ اندوہ شب فرقت بیاں ہو جائیگا
بے تکلف داغ مہ مہر دہاں ہو جائیگا

زہرہ گر ایسا ہی شام ہجر میں ہوتا ہے آب
پرتو مہتاب سیل خانماں ہو جائیگا

لے تو لوں سوتے میں اوسکے پانو کا بوسا مگر
ایسی باتوں سے وہ کافر بدگماں ہو جائیگا

دل کو ہم صرف وفا سمجھے تھے کیا معلوم تھا
یعنی یہ پہلے ہی نذر امتحاں ہو جائیگا

بکار دہم

سبکے دلمیں ہے جگہ تیری جو تو راضی ہوا — مجھپہ گویا اک زمانہ مہرباں ہو جائیگا

گر نگاہ گرم فرماتی رہے تعلیم ضبط — شعلہ خس میں جیسے خوں رگ میں نہاں ہو جائیگا

باغ میں مجھکو نہ لیجا ورنہ میرے حال پر — ہر گل تر ایک چشم خونفشاں ہو جائیگا

وائے گر میرا ترا انصاف محشر میں نہو — اب تلک تو یہ توقع ہے کہ واں ہو جائیگا

فایدہ کیا سوچ آخر تو بھی دانا ہے اسد — دوستی ناداں کی ہے جی کا زیاں ہو جائیگا

ولہ

گلا ہے شوق کو دل میں بھی تنگی جا کا — گہر میں محو ہوا اضطراب دریا کا

یہ جانتا ہوں کہ تو اور پاسخ مکتوب — مگر ستم زدہ ہوں ذوق خامہ فرسا کا

حنائے پائے خزاں ہے بہار اگر ہے یہی — دوام کلفت خاطر ہے عیش دنیا کا

غم فراق میں تکلیف سیر باغ نہ دو — مجھے دماغ نہیں خندہ ہائے بیجا کا

ہنوز محرمی حسنکو ترستا ہوں — کرے ہے ہر بن مو کام چشم بینا کا

دل اوسکو پہلے ہی ناز و ادا سے دے بیٹھے — ہمیں دماغ کہاں حسن کے تقاضا کا

نہ کہہ کہ گریہ بمقدار حسرت دل ہے — میری نگہ میں ہے جمع و خرچ دریا کا

فلک کو دیکھکے کرتا ہوں اوسکو یاد اسد
جفا میں اوسکی ہے انداز کارفرما کا

قطرۂ مے بسکہ حیرت سے نفس پرور ہوا
خطِ جامِ مے سراسر رشتۂ گوہر ہوا

اعتبارِ عشق کی خانہ خرابی دیکھنا
غیر نے کی آہ لیکن وہ خفا مجھ پر ہوا

ولہ

جب بتقریبِ سفر یار نے محمل باندھا
تپشِ شوق نے ہر ذرّے پہ اک دل باندھا

اہلِ بینش نے بہ حیرت کدۂ شوخیِ ناز
جوہرِ آئینہ کو طوطیِ بسمل باندھا

یاس و امید نے یک عربدہ میداں مانگا
عجزِ ہمت نے طلسمِ دلِ سائل باندھا

نہ بندھے تشنگیِ شوق کے مضموں غالب
گرچہ دل کھول کے دریا کو بھی ساحل باندھا

ولہ

یک ذرۂ زمیں نہیں بیکار باغ کا
یاں جادہ بھی فتیلہ ہے لالے کے داغ کا

بے مے کسے ہے طاقتِ آشوبِ آگہی
کھینچا ہے عجزِ حوصلہ نے خط ایاغ کا

تازہ نہیں ہے نشۂ فکرِ سخن مجھے
تریاکیِ قدیم ہوں دودِ چراغ کا

بلبل کے کاروبار پہ ہیں خندہ ہائے گل
کہتے ہیں جس کو عشق خلل ہے دماغ کا

سو بار بندِ عشق سے آزاد ہم ہوئے
پر کیا کریں کہ دل ہی عدو ہے فراغ کا

بے خونِ دل ہے چشم میں موجِ نگہ غبار
یہ مے کدہ خراب ہے مے کے سراغ کا

باغِ شگفتہ تیرا بساطِ نشاطِ دل
ابرِ بہار خمکدہ کس کے دماغ کا

وله

دود مہری چین جبیں بس کہ رم پنہاں سمجھا   راز مکتوب بہ بے ربطیٔ عنواں سمجھا

یک الف بیش نہیں صیقل آئینہ ہنوز   چاک کرتا ہوں میں جب سے کہ گریباں سمجھا

شرح اسباب گرفتاری خاطر مت پوچھ   اس قدر تنگ ہوا دل کہ میں زنداں سمجھا

بدگمانی نے نہ چاہا اسے سرگرم خرام   رخ پہ ہر قطرۂ عرق دیدۂ حیراں سمجھا

عجز سے اپنے یہ جانا کہ وہ بدخو ہوگا   نبض خس سے تپش شعلۂ سوزاں سمجھا

سفر عشق میں کی ضعف نے راحت طلبی   ہر قدم سایہ کو میں اپنے شبستاں سمجھا

تھا گریزاں مژۂ یار سے دل تا دم مرگ   دفع پیکان قضا اس قدر آساں سمجھا

دل دیا جان کے کیوں اس کو وفادار اسد   غلطی کی کہ جو کافر کو مسلماں سمجھا

وله

پھر مجھے دیدۂ تر یاد آیا   دل جگر تشنۂ فریاد آیا

دم لیا تھا نہ قیامت نے ہنوز   پھر ترا وقت سفر یاد آیا

سادگی ہای تمنا یعنی   پھر وہ نیرنگ نظر یاد آیا

عذر واماندگی اے حسرت دل   نالہ کرتا تھا جگر یاد آیا

زندگی یوں بھی گزر ہی جاتی   کیوں ترا راہ گزر یاد آیا

آہ وہ جرأت فریاد کہاں   دل سے تنگ آکے جگر یاد آیا

پھر تری کوچہ کو جاوے ہے خیال　　دل گم گشتہ مگر یاد آیا
کیا ہی رضواں سے لڑائی ہوگی　　گھر ترا خلد میں گر یاد آیا
کوئی ویرانی سی ویرانی ہے　　دشت کو دیکھ کے گھر یاد آیا
میں نے مجنوں پہ لڑکپن میں اسد
سنگ اٹھایا تھا کہ سر یاد آیا

لب خشک در تشنگی مردگاں کا　　زیارت کدہ ہوں دل آزردگاں کا
ہمہ ناامیدی ہمہ بدگمانی　　میں دل ہوں فریب وفا خوردگاں کا

وله

تو دوست کسی کا بھی ستمگر نہ ہوا تھا　　اوروں پہ ہے وہ ظلم کہ مجھ پر نہ ہوا تھا
چھوڑا مہ نخشب کی طرح دست قضا نے　　خورشید ہنوز اس کے برابر نہ ہوا تھا
توفیق بہ اندازۂ ہمت ہے ازل سے　　آنکھوں میں ہے وہ قطرہ کہ گوہر نہ ہوا تھا
جب تک کہ نہ دیکھا تھا قد یار کا عالم　　میں معتقد فتنۂ محشر نہ ہوا تھا
میں سادہ دل آزردگی یار سے خوش ہوں　　یعنی سبق شوق مکرر نہ ہوا تھا
دریائے معاصی تنک آبی سے ہوا خشک　　میرا سر دامن بھی ابھی تر نہ ہوا تھا
جاری تھی اسد داغ جگر سے مری تحصیل　　آتشکدہ جاگیر سمندر نہ ہوا تھا

وله

غزل

شب کو وہ مجلس فروز خلوت ناموس تھا — رشتۂ ہر شمع خار کسوت فانوس تھا

مشہد عاشق سے کوسوں تک جو اگتی ہے حنا — کس قدر یا رب ہلاک حسرت پابوس تھا

حاصل الفت نہ دیکھا جز شکست آرزو — دل بدل پیوستہ گویا یک لب افسوس تھا

کیا کہوں بیماری غم کی فراغت کا بیاں — جو کہ کھایا خون دل بے منت کیموس تھا

ولہ

آئینہ دیکھ اپنا سا منہ لے کے رہ گئی — صاحب کو دل نہ دینے پہ کتنا غرور تھا

قاصد کو اپنے ہاتھ سے گردن نہ ماریے — اوسکی خطا نہیں ہے یہ میرا قصور تھا

ولہ

عرض نیاز عشق کے قابل نہیں رہا — جس دل پہ ناز تھا مجھے وہ دل نہیں رہا

جاتا ہوں داغ حسرت ہستی لیے ہوئے — ہوں شمع کشتہ درخور محفل نہیں رہا

مرنے کی اے دل اور ہی تدبیر کر کہ میں — شایان دست و بازوے قاتل نہیں رہا

بر روے شش جہت در آئینہ باز ہے — یاں امتیاز ناقص و کامل نہیں رہا

وا کر دیے ہیں شوق نے بند نقاب حسن — غیر از نگاہ اب کوئی حائل نہیں رہا

گو میں رہا رہین ستم ہاے روزگار — لیکن ترے خیال سے غافل نہیں رہا

دل سے ہواے کشت وفا مٹ گئی کہ واں — حاصل سواے حسرت حاصل نہیں رہا

بیداد عشق سے نہیں ڈرتا مگر اسد — جس دل پہ ناز تھا مجھے وہ دل نہیں رہا

رشک کہتا ہے کہ اوسکا غیر سے اخلاص حیف
عقل کہتی ہے کہ وہ بے مہر کس کا آشنا

ذرہ ذرہ ساغرِ مے خانۂ نیرنگ ہے
گردشِ مجنوں بچشمک ہاے لیلا آشنا

شوق ہے ساماں طرازِ نازشِ اربابِ عجز
ذرہ صحرا دستگاہ و قطرہ دریا آشنا

میں اور ایک آفت کا ٹکڑا وہ دلِ وحشی کہ ہے
عافیت کا دشمن اور آوارگی کا آشنا

شکوہ سنجِ رشکِ ہمدیگر نہ رہنا چاہیے
میرا زانو مونس اور آئینہ تیرا آشنا

کوہکن نقاشِ یک تمثالِ شیریں تھا اسد
سنگ سے سر مار کر ہووے نہ پیدا آشنا

وله

سرمۂ مفتِ نظر ہوں میری قیمت یہ ہے
کہ رہے چشمِ خریدار پہ احساں میرا

رخصتِ نالہ مجھے دے کہ مبادا ظالم
تیرے چہرے سے ہو ظاہر غمِ پنہاں میرا

وله

غافل بوہمِ ناز خود آرا ہے ورنہ یاں
بے شانۂ صبا نہیں طرہ گیاہ کا

بزمِ قدح سے عیشِ تمنا نہ رکھ کہ رنگ
صید ز دام جستہ ہے اس دامگاہ کا

رحمت اگر قبول کرے کیا بعید ہے
شرمندگی سے عذر نہ کرنا گناہ کا

مقتل کو کس نشاط سے جاتا ہوں میں کہ ہے
پر گل خیالِ زخم سے دامن نگاہ کا

جاں در ہواے یک نگہِ گرم ہے اسد
پروانہ ہے وکیل ترے داد خواہ کا

لطافت بے کثافت جلوہ پیدا کر نہیں سکتی
چمن زنگار ہے آئینۂ باد بہاری کا

حریف جوشش دریا نہیں خودداری ساحل
جہاں ساقی ہو تو باطل ہے دعویٰ ہوشیاری کا

ولہ

عشرت قطرہ ہے دریا میں فنا ہو جانا
درد کا حد سے گزرنا ہے دوا ہو جانا

تجھ سے قسمت میں مری صورت قفل ابجد
تھا لکھا بات کے بنتے ہی جدا ہو جانا

دل ہوا کشمکش چارۂ زحمت میں تمام
مٹ گیا گھسنے میں اس عقدے کا وا ہو جانا

اس جفا سے بھی ہیں محروم ہم اللہ اللہ
اس قدر دشمن ارباب وفا ہو جانا

ضعف سے گریہ مبدل بدم سرد ہوا
باور آیا ہمیں پانی کا ہوا ہو جانا

دل سے مٹنا تری انگشت حنائی کا خیال
ہو گیا گوشت سے ناخن کا جدا ہو جانا

ہے مجھے ابر بہاری کا برس کر کھلنا
روتے روتے غم فرقت میں فنا ہو جانا

گر نہیں نکہت گل کو ترے کوچے کی ہوس
کیوں ہے آشفتہ رہ جولان صبا ہو جانا

تجھ سے ہے جلوۂ گل ذوق تماشا غالب
چشم کو چاہیے ہر رنگ میں وا ہو جانا

تاکہ تجھ پر کھلے اعجاز ہوائے صیقل
دیکھ برسات میں سبز آئینے کا ہو جانا

ردیف الباء الموحدہ

پھر ہوا وقت کہ ہو بال کشا موج شراب
دے بط مے کو دل و دست شنا موج شراب

پوچھ مت وجہ سیہ مستیِ اربابِ چمن
سایۂ تاک میں ہوتی ہے ہوا موجِ شراب

جو ہوا غرقۂ مے بختِ رسا رکھتا ہے
سر سے گزرے پہ بھی ہے بالِ ہما موجِ شراب

ہے یہ برسات وہ موسم کہ عجب کیا ہے اگر
موجِ ہستی کو کرے فیضِ ہوا موجِ شراب

چار موج اٹھتی ہے طوفانِ طرب سے ہر سو
موجۂ گل موجِ شفق موجِ صبا موجِ شراب

جس قدر روحِ نباتی ہے جگر تشنۂ ناز
دے ہے تسکیں بہ دمِ آبِ بقا موجِ شراب

بس کہ دوڑے ہے رگِ تاک میں خوں ہو ہو کر
شہپرِ رنگ سے ہے بال کشا موجِ شراب

موجۂ گل سے چراغاں ہے گزرگاہِ خیال
ہے تصور میں زبس جلوہ نما موجِ شراب

نشّے کے پردے میں ہے محوِ تماشائے دماغ
بس کہ رکھتی ہے سرِ نشو و نما موجِ شراب

ایک عالم پہ ہیں طوفانیِ کیفیتِ فصل
موجۂ سبزۂ نوخیز سے تا موجِ شراب

شرحِ ہنگامۂ مستی ہے زہے موسمِ گل
رہبرِ قطرہ بہ دریا ہے خوشا موجِ شراب

ہوش اڑتے ہیں مرے جلوۂ گل دیکھ اسدؔ
پھر ہوا وقت کہ ہو بال کشا موجِ شراب

ردیف الثاء

افسوس کہ دنداں کا کیا رزق فلک نے
جن لوگوں کی تھی درخورِ عقدِ گہر انگشت

کافی ہے نشانی تری چھلّے کا نہ دینا
خالی مجھے دکھلا کے بوقتِ سفر انگشت

لکھتا ہوں اسدؔ سوزشِ دل سے سخنِ گرم
تا رکھ نہ سکے کوئی مرے حرف پر انگشت

رها گوری تا قیامت سلامت ... ولە ... بهر آنکه روز مرنا هیچ حضرت سلامت

جگرگوری عشق خونابه مشرب ... نکی هیچ خداوند نعمت سلامت

علی الرغم دشمن شهید وفایون ... مبارک مبارک سلامت سلامت

نهین گر سرو برک اوراک هیچ ... تماشای نیرنگ صورت سلامت

نبدگلی کهولینی هیچ کهولینی انکین غالب ... ولە ... یارلای سرپی بالین یه اوپ بر کسوف

ولە

آمد خط سبزی هوای سرو جوبار ازدوست ... دود چشم کشته نهانت بدخط زخسار دوست

ای دل ناحافت اندیشم ضبط نتوی کر ... کون لار کنای ناب جلوه دیدار دوست

خانه ویران سازی حیرت تماشا کیجی ... صورت نقش قدم هین رفته رفتار دوست

عشقین هیدلار رشک غیرنی یارا هیچ ... کشته دشمن هین آخر ار چه تیغ بیمار دوست

چشم هار روشن که ارس هیدرلکادن شاد ... دیده بر خون هم اراسا غیر شاد دوست

غیر یون کر نا هیچ هی بر شین ادرسکی هیجر من ... نی تکلف دوست یوجب سی کوی غموار دوست

تا که من جانون که هیچ اوسکی رب اهان ننک ... مجبور دنیای جانم وعده دیدار دوست

جیند من کر نا من انبا شکوه ضعف دماغ ... سر ازین هیچ وه حیدت زلف عنبر بار دوست

جیبی جیب مجبور زنی دنکه بانا هیچ اگر ... هر کس که کر نا هیچ جان تخلص گفتار دوست

مہربانی ہای دشمن کی شکایت کیجئے — یا بیان کیجئے سپاس لذت آزار دوست
یہ غزل اپنی مجھے جی سے پسند آتی ہے آپ — ہے ردیف شعر میں غالب ز بس تکرار دوست

ردیف الجیم المعجمہ التازیہ

گلشن میں بندوبست برنگ دگر ہی آج — قمری کا طوق حلقۂ بیرون در ہی آج
آتا ہی ایک پارۂ دل ہر فغاں کے ساتھ — تار نفس کمند شکار اثر ہی آج
ای عافیت کنارہ کر ای انتظام چل — سیلاب گریہ درپئی دیوار و در ہی آج

وله

لو ہم مریض عشق کے بیمار دار ہیں — اچھا اگر نہو تو مسیحا کا کیا علاج

جیم الفارسیہ

نفس نہ انجمن آرزو سے باہر کھینچ — اگر شراب نہیں انتظار ساغر کھینچ
کمال گرمی سعی تلاش دید نہ پوچھ — برنگ خار مرے آئنہ سے جوہر کھینچ
تجھی بہانۂ راحت ہی انتظار ای دل — کیا ہی کسنے اشارہ کہ ناز بستر کھینچ
تری طرف ہی بحسرت نظارۂ نرگس — بکوری دل و چشم رقیب ساغر کھینچ
بہ نیم غمزہ ادا کر حق ودیعت ناز — نیام پردۂ زخم جگر سے خنجر کھینچ
مرے قدح میں ہی صہبای آتش پنہاں — بروی سفرہ کباب دل سمندر کھینچ

حسن غمزہ کا

ردیف الدال

حسن غمزہ کی کشاکش سے چھٹا میرے بعد — باری آرام سے ہیں اہل وفا میرے بعد

منصب شیفتگی کے کوئی قابل نہ رہا — ہوئی معزولی انداز و ادا میرے بعد

شمع بجھتی ہے تو اس میں سے دھواں اٹھتا ہے — شعلۂ عشق سیہ پوش ہوا میرے بعد

در خور عرض نہیں جوہر بیداد کو جا — نگہ ناز ہے سرمے سے خفا میرے بعد

ہے جنوں اہل جنوں کے لیے آغوش وداع — چاک ہوتا ہے گریباں سے جدا میرے بعد

کون ہوتا ہے حریف مے مرد افگن عشق — ہے مکرر لب ساقی میں صلا میرے بعد

غم سے مرتا ہوں کہ اتنا نہیں دنیا میں کوئی — کہ کرے تعزیت مہر و وفا میرے بعد

آئے ہے بیکسی عشق پہ رونا غالب — کس کے گھر جائے گا سیلاب بلا میرے بعد

ردیف الرای

بلا سے ہیں جو یہ پیش نظر در و دیوار — نگاہ شوق کو ہیں بال و پر در و دیوار

وفور اشک نے کاشانے کا کیا یہ رنگ — کہ ہو گئے مرے دیوار و در در و دیوار

نہیں ہے سایہ کہ سن کر نوید مقدم یار — گئے ہیں چند قدم پیشتر در و دیوار

ہوئی ہے کس قدر ارزانی مے جلوہ — کہ مست ہے ترے کوچے میں ہر در و دیوار

جو ہے تجھے سر سودائے انتظار تو آ — کہ ہیں دکان متاع نظر در و دیوار

ہجوم گریہ کا سامان کب کیا میں نے — کہ گر پڑے نہ مرے پاؤں پر در و دیوار

وہ آرہا مرے ہمسایہ میں تو سایہ سے
ہوئے فدا در و دیوار پر در و دیوار

نظر میں کھٹکے ہے بن تیرے گھر کی آبادی
ہمیشہ روتے ہیں ہم دیکھکر در و دیوار

نہ پوچھ بیخودیِ عیشِ مقدمِ سیلاب
کہ ناچتے ہیں پڑے سر بسر در و دیوار

نہ کہہ کسی سے کہ غالب نہیں زمانہ میں
حریف رازِ محبت مگر در و دیوار

وله

کیوں جل گیا نہ تابِ رخِ یار دیکھکر
جلتا ہوں اپنی طاقتِ دیدار دیکھکر

آتش پرست کہتے ہیں اہلِ جہاں مجھے
سرگرمِ نالہ ہائے شرر بار دیکھکر

کیا آبروئے عشق جہاں عام ہو جفا
رکتا ہوں تمکو بے سبب آزار دیکھکر

آتا ہے میرے قتل کو پر جوشِ رشک سے
مرتا ہوں اسکے ہاتھ میں تلوار دیکھکر

ثابت ہوا ہے گردنِ مینا پہ خونِ خلق
لرزے ہے موجِ مے تری رفتار دیکھکر

واحسرتا کہ یار نے کھینچا ستم سے ہاتھ
ہمکو حریصِ لذتِ آزار دیکھکر

بک جاتے ہیں ہم آپ متاعِ سخن کے ساتھ
لیکن عیارِ طبعِ خریدار دیکھکر

زنار باندھ سبحۂ صد دانہ توڑ ڈال
رہرو چلے ہے راہ کو ہموار دیکھکر

ان آبلوں سے پاؤں کے گھبرا گیا تھا میں
جی خوش ہوا ہے راہ کو پرخار دیکھکر

کیا بدگماں ہے مجھ سے کہ آئینہ میں مرے
طوطی کا عکس سمجھے ہے زنگار دیکھکر

گرنی تھی ہم پہ برقِ تجلی نہ طور پر
دیتے ہیں بادہ ظرفِ قدح خوار دیکھکر

سر پھوڑنا

سر پھوڑنا وہ غالبِ شوریدہ حال کا ۔ یاد آگیا مجھے تری دیوار دیکھ کر

ولہ

لرزتا ہے مرا دل زحمتِ مہرِ درخشاں پر ۔ میں ہوں وہ قطرۂ شبنم کہ ہو خارِ بیاباں پر

نہ چھوڑی حضرتِ یوسف نے یاں بھی خانہ آرائی ۔ سپیدی دیدۂ یعقوب کی پھرتی ہے زنداں پر

فنا تعلیمِ درسِ بیخودی ہوں اس زمانے سے ۔ کہ مجنوں لام الف لکھتا تھا دیوارِ دبستاں پر

فراغت کس قدر رہتی مجھے تشویشِ مرہم سے ۔ بہم گر صلح کرتے پارہ ہائے دل نمکداں پر

نہیں اقلیمِ الفت میں کوئی طومارِ ناز ایسا ۔ کہ پشتِ چشم سے جس کی نہ ہووے مہر عنواں پر

مجھے اب دیکھ کر ابرِ شفق آلودہ یاد آیا ۔ کہ فرقت میں تری آتش برستی تھی گلستاں پر

بجز پروازِ شوقِ ناز کیا باقی رہا ہوگا ۔ قیامت اک ہوائے تند ہے خاکِ شہیداں پر

نہ لڑ ناصح سے غالب کیا ہوا گر اس نے شدت کی ۔ ہمارا بھی تو آخر زور چلتا ہے گریباں پر

ولہ

صفائے حیرت آئینہ ہے سامانِ زنگ آخر ۔ تغیر آبِ برجا ماندہ کا پاتا ہے رنگ آخر

نہ کی سامانِ عیش و جاہ نے تدبیر وحشت کی ۔ ہوا جامِ زمرد بھی مجھے داغِ پلنگ آخر

ولہ

جنوں کی دستگیری کس سے ہو گر ہو نہ عریانی ۔ گریباں چاک کا حق ہو گیا ہے میری گردن پر

برنگِ کاغذِ آتش زدہ نیرنگِ بیتابی ۔ ہزار آئینہ دل باندھے ہے بالِ یک تپیدن پر

فلک سے ہم کو عیش رفتہ کا کیا کیا تقاضا ہے
متاع بردہ کو سمجھے ہوئے ہیں قرض رہزن پر

ہم اور وہ بے سبب رنج آشنا دشمن کہ رکھتا ہے
شعاع مہر سے تہمت نگہ کی چشم روزن پر

فنا کو سونپ گر مشتاق ہے اپنی حقیقت کا
فروغ طالع خاشاک ہے موقوف گلخن پر

اسد بسمل ہے کس انداز کا قاتل سے کہتا ہے
کہ مشق ناز کر خون دو عالم میری گردن پر

ولہ

شکستن مصحفی سے ہوں کہ خوباں بخیہ ہے جانی ہیں
تکلف برطرف ملتی ہے یکجا بہار شب آخر

ولہ

فارغ مجھے نہ جان کہ مانند صبح و مہر
ہے داغ عشق زینت جیب کفن ہنوز

ہے ناز مفلساں زر از دست رفتہ پر
ہوں گل فروش شوخی داغ کہن ہنوز

میخانۂ جگر میں یہاں خاک بھی نہیں
خمیازہ کھینچے ہے بت بیداد فن ہنوز

ولہ

حریف مطلب مشکل نہیں فسون نیاز
دعا قبول ہو یارب کہ عمر خضر دراز

نہ ہو بہرزہ بیاباں نورد وہم وجود
ہنوز تیرے تصور میں ہے نشیب و فراز

وصال جلوہ تماشا ہے پر دماغ کہاں
کہ دیجئے آئینۂ انتظار کو پرواز

ہر ایک ذرۂ عاشق ہے آفتاب پرست
گئی نہ خاک ہوئے پر ہوائے جلوۂ ناز

نہ پوچھ وسعت میخانۂ جنون غالب
جہاں یہ کاسۂ گردوں ہے ایک خاک انداز

نہ گلِ نغمہ ہوں نہ پردۂ ساز — میں ہوں اپنی شکست کی آواز

تو اور آرائشِ خمِ کاکل — میں اور اندیشہ ہائے دور دراز

لافِ تمکیں فریبِ سادہ دلی — ہم ہیں اور راز ہائے سینہ گداز

ہوں گرفتارِ الفتِ صیاد — ورنہ باقی ہے طاقتِ پرواز

وہ بھی دن ہو کہ اس ستمگر سے — ناز کھینچوں بجائے حسرتِ ناز

نہیں دل میں مرے وہ قطرۂ خون — جس سے مژگاں ہوئی نہ ہو گلباز

اے ترا غمزہ یک قلم انگیز — اے ترا ظلم سر بسر انداز

تو ہوا جلوہ گر مبارک ہو — ریزشِ سجدۂ جبینِ نیاز

مجھ کو پوچھا تو کچھ غضب نہ ہوا — میں غریب اور تو غریب نواز

اسد اللہ خاں تمام ہوا — اے دریغا وہ رندِ شاہد باز

ردایف السین

مژدہ اے ذوقِ اسیری کہ نظر آتا ہے — دامِ خالی قفسِ مرغِ گرفتار کے پاس

جگرِ تشنۂ آزار تسلی نہ ہوا — جوئے خوں ہم نے بہائی بنِ ہر خار کے پاس

مند گئیں کھولتے ہی کھولتے آنکھیں ہے ہے — خوب وقت آئے تم اس عاشقِ بیمار کے پاس

میں بھی رک رک کے نہ مرتا جو زباں کے بدلے — دشنہ اک تیز سا ہوتا مرے غمخوار کے پاس

وہیں شہر بن میں جا بجا بھی کنکِ ابدال   بنگھڑی ہوئی خوبانِ دل آزار کے پاس
دیکھکر تجکو چمن بسکہ نمو کرتا ہی   خود بخود پہنچے ہی گل گوشۂ دستار کے پاس
مرگیا پھوڑ کے سر غالبِ وحشی ہی ہی
بیٹھنا اوسکا وہ آکر تیری دیوار کے پاس

ردیف الشین

نہ لیوے گر خسِ جوہر طراوت سبزۂ خط سے   لگا دے خانۂ آئینہ میں روے نگار آتش
فروغِ حسن سے ہوتی ہی حلِ مشکلِ عاشق
نہ نکلے شمع کے پا سے نکالے گر نہ خار آتش

ردیف الغین

جادۂ رہ خور کو وقتِ شام ہی تارِ شعاع   چرخ وا کرتا ہی ماہِ نو سے آغوشِ وداع

ولہ

رخِ نگار سے ہی سوزِ جاودانیِ شمع   ہوئی ہی آتشِ گل آبِ زندگانیِ شمع
زبانِ اہلِ زباں میں ہی مرگ خاموشی   یہ بات بزم میں روشن ہوئی زبانیِ شمع
کرے ہی صرف بایماے شعلہ قصہ تمام   بطرزِ اہلِ فنا ہی فسانہ خوانیِ شمع
غم اوسکو حسرتِ پروانہ کا ہی ای شعلہ   ترے لرزنے سے ظاہر ہی ناتوانیِ شمع

ترے خیال سے روح اہتزاز کرتی ہے
بہ جلوہ ریزیِ باد و بہ پرفشانیِ شمع

نشاط داغ غم عشق کی بہار نہ پوچھ
شگفتگی ہے شہید گل خزانیِ شمع

جلے ہے دیکھ کے بالین یار پر مجھ کو
اسد ہے دل پہ مرے داغ بدگمانیِ شمع

ردایف الشین

بیم رقیب سے نہیں کرتے وداع ہوش
مجبور یاں تلک ہوئے اے اختیار حیف

ردایف الفاء

جلتا ہے دل کہ کیوں نہ ہم اک بار جل گئے
اے ناتمامیِ نفس شعلہ بار حیف

ردایف الکاف

زخم پر چھڑکیں کہاں طفلان بے پروا نمک
کیا مزا ہوتا اگر پتھر میں بھی ہوتا نمک

گرد راہ یار ہے سامان ناز زخم دل
ورنہ ہوتا ہے جہاں میں کس قدر پیدا نمک

مجھ کو ارزانی رہے تجھ کو مبارک ہو جیو
نالۂ بلبل کا درد اور خندۂ گل کا نمک

شور جولاں تھا کنار بحر پر کس کا کہ آج
گرد ساحل ہے بہ زخم موجۂ دریا نمک

داد دیتا ہے مرے زخم جگر کی واہ واہ
یاد کرتا ہے مجھے دیکھے ہے وہ جس جا نمک

چھوڑ کر جانا تن مجروح عاشق حیف ہے
دل طلب کرتا ہے زخم اور مانگے ہیں اعضا نمک

غیر کی منت نہ کھینچوں گا پئے توفیر درد
زخم مثل خندۂ قاتل ہے سر تا پا نمک

یاد ہیں غالب تجھے وہ دن کہ وجد ذوق میں
زخم سے گرتا تو میں پلکوں سے چنتا تھا نمک

وز

ردیف الکاف

آہ کو چاہیئے اک عمر اثر ہونے تک — کون جیتا ہے تری زلف کے سر ہونے تک

دامِ ہر موج میں ہے حلقۂ صد کامِ نہنگ — دیکھیں کیا گزرے ہے قطرے پہ گہر ہونے تک

عاشقی صبر طلب اور تمنا بیتاب — دل کا کیا رنگ کروں خونِ جگر ہونے تک

ہم نے مانا کہ تغافل نہ کرو گے لیکن — خاک ہو جائیں گے ہم تم کو خبر ہونے تک

پرتوِ خور سے ہے شبنم کو فنا کی تعلیم — میں بھی ہوں ایک عنایت کی نظر ہونے تک

یک نظر بیش نہیں فرصتِ ہستی غافل — گرمیِ بزم ہے اک رقصِ شرر ہونے تک

غمِ ہستی کا اسد کس سے ہو جز مرگ علاج — شمع ہر رنگ میں جلتی ہے سحر ہونے تک

ردیف الگاف

گر تجھ کو ہے یقینِ اجابت دعا نہ مانگ — یعنی بغیر یک دلِ بے مدعا نہ مانگ

آتا ہے داغِ حسرتِ دل کا شمار یاد — مجھ سے مرے گنہ کا حساب اے خدا نہ مانگ

ردیف اللام

ہے کس قدر ہلاکِ فریبِ وفائے گل — بلبل کے کاروبار پہ ہیں خندہ ہائے گل

آزادیِ نسیم مبارک کہ ہر طرف — ٹوٹے پڑے ہیں حلقۂ دامِ ہوائے گل

جو تھا سو موجِ رنگ کے دھوکے میں مر گیا — اے وائے نالۂ لبِ خونیں نوائے گل

خوش حال اس حریفِ سیہ مست کا کہ جو — رکھتا ہو مثلِ سایۂ گل سر بپائے گل

ایجاد کرتی ہے اسے تیرے لیے بہار
میرا رقیب ہے نفسِ عطر سائے گل

شرمندہ رکھتے ہیں مجھے بادِ بہار سے
مینائے بے شراب و دلِ بے ہوائے گل

سطوت سے تیرے جلوۂ حسنِ غیور کی
خوں ہے مری نگاہ میں رنگِ ادائے گل

تیرے ہی جلوے کا ہے یہ دھوکا کہ آج تک
بے اختیار دوڑے ہے گل در قفائے گل

غالب مجھے ہے اس سے ہم آغوشی آرزو
جس کا خیال ہے گلِ جیبِ قبائے گل

غم نہیں ہوتا ہے آزادوں کو بیش از یک نفس
برق سے کرتے ہیں روشن شمعِ ماتم خانہ ہم

محفلیں برہم کرے ہے گنجفہ بازِ خیال
ہیں ورق گردانیِ نیرنگِ یک بتخانہ ہم

باوجود یک جہاں ہنگامہ پیدائی نہیں
ہیں چراغانِ شبستانِ دلِ پروانہ ہم

ضعف سے ہے نے قناعت سے یہ ترکِ جستجو
ہیں وبالِ تکیہ گاہِ ہمتِ مردانہ ہم

دائم الحبس اس میں ہیں لاکھوں تمنائیں اسد
جانتے ہیں سینۂ پرخوں کو زنداں خانہ ہم

ردیف المیم

بنالہ حاصلِ دل بستگی فراہم کر
متاعِ خانۂ زنجیر جز صدا معلوم

مجھ کو دیارِ غیر میں مارا وطن سے دور
رکھ لی مرے خدا نے مری بیکسی کی شرم

وہ حلقہ ہائے زلف کمیں میں ہیں اے خدا
رکھ لیجو میرے دعوئ وارستگی کی شرم

ردیف النون

م بخت خفتہ سے اک خواب خوش ولے / غالب یہ خوف ہے کہ کہاں سے ادا کروں

ولہ

ن اور وہ وصال کہاں / وہ شب و روز و ماہ و سال کہاں

ِ کاروبارِ شوق کسے / ذوقِ نظارۂ جمال کہاں

ر دل وہ دماغ بھی نہ رہا / شورِ سودائے خط و خال کہاں

وہ اک شخص کے تصور سے / اب وہ رعنائیِ خیال کہاں

ے آساں نہیں لہو رونا / دل میں طاقت جگر میں حال کہاں

سے چھوٹا قمار خانۂ عشق / واں جو جاویں گرہ میں مال کہاں

دنیا میں سر کھپاتا ہوں / میں کہاں اور یہ وبال کہاں

محل ہو گئے قوا غالب / وہ عناصر میں اعتدال کہاں

ولہ

رو کی یا خاک ایسی گل کے گلشن میں نہیں / ہے گریباں ننگ پیراہن جو دامن میں نہیں

ضعف سے اے گریہ کچھ باقی مرے تن میں نہیں / رنگ ہو کر اڑ گیا جو خوں کہ دامن میں نہیں

ہو گئے ہیں جمع اجزائے نگاہ آفتاب / ذرے اس کے گھر کی دیواروں کے روزن میں نہیں

یا کہوں تاریکیِ زندانِ غم اندھیر ہے / پنبہ نورِ صبح سے کم جس کے روزن میں نہیں

رونق ہستی ہے عشقِ خانہ ویراں ساز سے
انجمن بے شمع ہے گر برق خرمن میں نہیں

زخم سلوانے سے مجھ پر چارہ جوئی کا ہے طعن
غیر سمجھا ہے کہ لذت زخمِ سوزن میں نہیں

بسکہ ہیں ہم اک بہارِ ناز کے مارے ہوئے
جلوۂ گل کے سوا گرد اپنے مدفن میں نہیں

قطرہ قطرہ اک ہیولیٰ ہے نئے ناسور کا
خوں بھی ذوقِ درد سے فارغ مرے تن میں نہیں

ہو فشارِ ضعف میں کیا ناتوانی کی نمو
قد کے جھکنے کی بھی گنجائش مرے تن میں نہیں

لے گئی ساقی کی نخوت قلزم آشامی مری
موجِ مے کی آج رگ مینا کی گردن میں نہیں

تھی وطن میں شان کیا غالب کہ ہو غربت میں قدر
بے تکلف ہوں وہ مشتِ خس کہ گلخن میں نہیں

ولہ

عہدے سے مدحِ ناز کے باہر نہ آ سکا
گر اک ادا ہو تو اسے اپنی قضا کہوں

حلقے ہیں چشم ہائے کشادہ بسوئے دل
ہر تارِ زلف کو نگہِ سرمہ سا کہوں

میں اور صد ہزار نوائے جگر خراش
تو اور ایک وہ نہ شنیدن کہ کیا کہوں

ظالم مرے گماں سے مجھے منفعل نہ چاہ
ہے ہے خدا نکردہ تجھے بے وفا کہوں

ولہ

ہمسے کھل جاؤ بوقتِ مے پرستی ایک دن
ورنہ ہم چھیڑیں گے رکھکر عذرِ مستی ایک دن

غرۂ اوجِ بنائے عالمِ امکاں نہ ہو
اس بلندی کے نصیبوں میں ہے پستی ایک دن

قرض کی پیتے تھے مے لیکن سمجھتے تھے کہ ہاں
رنگ لاوے گی ہماری فاقہ مستی ایک دن

نغمہ ہائے غم کو بھی اے دل غنیمت جانیے
بے صدا ہو جائے گا یہ ساز ہستی ایک دن

دھول دھپا اس سراپا ناز کا شیوہ نہیں
ہم ہی کر بیٹھے تھے غالب پیش دستی ایک دن

اـ

مہرباں ہو کے بلا لو مجھے چاہو جس وقت
میں گیا وقت نہیں ہوں کہ پھر آ بھی نہ سکوں

ضعف میں طعنۂ اغیار کا شکوہ کیا ہے
بات کچھ سر تو نہیں ہے کہ اٹھا بھی نہ سکوں

زہر ملتا ہی نہیں مجھ کو ستمگر ورنہ
کیا قسم ہے ترے ملنے کی کہ کھا بھی نہ سکوں

وـ

مانع دشت نوردی کوئی تدبیر نہیں
ایک چکر ہے مرے پاؤں میں زنجیر نہیں

شوق اس دشت میں دوڑائے ہے مجھ کو کہ جہاں
جادہ غیر از نگہ دیدۂ تصویر نہیں

حسرت لذت آزار رہی جاتی ہے
جادۂ راہ وفا جز دم شمشیر نہیں

رنج نومیدیٔ جاوید گوارا رہیو
خوش ہوں گر نالہ زبونی کش تاثیر نہیں

سر کھجاتا ہے جہاں زخم سر اچھا ہو جائے
لذت سنگ بہ اندازۂ تقریر نہیں

جب کرم رخصت بیباکی و گستاخی دے
کوئی تقصیر بجز خجلت تقصیر نہیں

غالب اپنا یہ عقیدہ ہے بقول ناسخ
آپ بے بہرہ ہے جو معتقد میر نہیں

خلق نانزی

عشق تاثیر سے نومید نہیں — جاں سپاری شجرِ بید نہیں
سلطنت دست بدست آئی ہے — جامِ مے خاتمِ جمشید نہیں
ہے تجلی تری سامانِ وجود — ذرہ بے پرتوِ خورشید نہیں
رازِ معشوق نہ رسوا ہو جائے — ورنہ مر جانے میں کچھ بھید نہیں
گردشِ رنگِ طرب سے ڈر ہے — غمِ محرومیِ جاوید نہیں
کہتے ہیں جیتے ہیں امید پہ لوگ — ہم کو جینے کی بھی امید نہیں

ولہ

برشکالِ گریۂ عاشق ہے دیکھا چاہیے — کھل گئی مانند گل سو جا سے دیوارِ چمن
الفتِ گل سے غلط ہے دعویِ وارستگی — سرو ہے باوصفِ آزادی گرفتارِ چمن

ولہ

مت مردمکِ دیدہ میں سمجھو یہ نگاہیں — ہیں جمع سویدائے دلِ چشم میں آہیں
جہاں تیرا نقشِ قدم دیکھتے ہیں — خیاباں خیاباں ارم دیکھتے ہیں
دل آشفتگاں خالِ کنجِ دہن کے — سویدا میں سیرِ عدم دیکھتے ہیں
ترے سروِ قامت سے اک قدِ آدم — قیامت کے فتنے کو کم دیکھتے ہیں
تماشا کر اے محوِ آئینہ داری — تجھے کس تمنا سے ہم دیکھتے ہیں

سراغ تف نالہ لے داغ دل سے — کہ شب رو کا نقش قدم دیکھتے ہیں
بنا کر فقیروں کا ہم بھیس غالب — تماشای اہل کرم دیکھتے ہیں

وله

ذکر مرا بہ بدی بھی اوسے منظور نہیں — غیر کی بات بگڑ جاوے تو کچھ دور نہیں
وعدۂ سیر گلستاں ہی خوشا طالع شوق — مژدۂ قتل مقدر ہی جو مذکور نہیں
شاہد ہستی مطلق کی کمر ہے عالم — لوگ کہتے ہیں کہ ہے پر ہمیں منظور نہیں
قطرہ اپنا بھی حقیقت میں ہے دریا لیکن — ہم کو تقلید تنک ظرفی منصور نہیں
حسرت ای ذوق خرابی کہ وہ طاقت نہ رہی — عشق پر عربدہ کی گوں تن رنجور نہیں
میں جو کہتا ہوں کہ ہم لیںگے قیامت میں تمہیں — کس رعونت سے وہ کہتے ہیں کہ ہم حور نہیں
ظلم کر ظلم اگر لطف دریغ آتا ہے — تو تغافل میں کسی رنگ سے معذور نہیں
صاف دردی کش پیمانہ جم ہیں ہم لوگ — وای وہ بادہ کہ افشردۂ انگور نہیں
ہوں ظہوری کے مقابل میں خفائی غالب — میرے دعوی پہ یہ حجت ہے کہ مشہور نہیں

وله

نالہ جز حسن طلب ای ستم ایجاد نہیں — ہے تقاضای جفا شکوۂ بیداد نہیں
عشق و مزدوری عشرتگہ خسرو کیا خوب — ہم کو تسلیم نکونامی فرہاد نہیں
کم نہیں وہ بھی خرابی میں پہ وسعت معلوم — دشت میں ہے مجھے وہ عیش کہ گھر یاد نہیں
اہل بینش کو ہے طوفان حوادث مکتب — لطمۂ موج کم از سیلی استاد نہیں

ای

رنگ شگفتن گل و لالہ پریشاں کیوں ہے
گر چراغان سر رہگذر باد نہیں

داغ محرومی تسلیم و بدا حال وفا
جانتا ہے کہ ہمیں طاقت فریاد نہیں

سبزہ گل کے تلے بند کرے ہے گلچیں
مژدہ اے مرغ کہ گلزار میں صیاد نہیں

نفی سے کرتی ہے اثبات تراوش گویا
دی ہے جائے دہن اوسکو دم ایجاد نہیں

کم نہیں جلوہ گری میں ترے کوچے سے بہشت
یہی نقشہ ہے ولے اسقدر آباد نہیں

کرتے کس منہ سے ہو غربت کی شکایت غالب
تم کو بے مہری یاران وطن یاد نہیں

وله

قیامت ہے کہ سن لیلے کا دشت قیس میں آنا
تعجب سے وہ بولا یوں بھی ہوتا ہے زمانے میں

دل نازک پہ اوسکی رحم آتا ہے مجھے غالب
نہ کر سرگرم اوس کافر کو الفت آزمانے میں

وله

دل لگا کر لگ گیا اونکو بھی تنہا بیٹھنا
بارے اپنی بیکسی کی ہم نے پائی داد یاں

ہیں زوال آمادہ اجزا آفرینش کے تمام
مہر گردوں ہے چراغ رہگذار باد یاں

وله

ہو گئی ہے غیر کی شیریں بیانی کارگر
عشق کا اوسکے گماں ہم بے زبانوں پر نہیں

وله

تیرے توسن کو صبا باندھتے ہیں
ہم بھی مضمون کی ہوا باندھتے ہیں

آہ کا کسنے اثر دیکھا ہے
ہم بھی اک اپنی ہوا باندھتے ہیں

تیری فرصت کے مقابل اے عمر
برق کو پا بحنا باندھتے ہیں

قید ہستی سے رہائی معلوم
اشک کو بے سر و پا باندھتے ہیں

نشہ رنگ سے ہے واشد گل
مست کب بند قبا باندھتے ہیں

غلطی ہائے مضامیں مت پوچھ
لوگ نالے کو رسا باندھتے ہیں

اہل تدبیر کی واماندگیاں
آبلوں پر بھی حنا باندھتے ہیں

سادہ پرکار ہیں خوباں کہ اسد
ہم سے پیمان وفا باندھتے ہیں

زمانہ سخت کم آزار ہے بجان اسد
وگرنہ ہم تو توقع زیادہ رکھتے ہیں

دیوانگی سے دوش پہ زنار بھی نہیں
یعنی ہمارے جیب میں اک تار بھی نہیں

دل کو نیاز حسرت دیدار کر چکے
دیکھا تو ہم میں طاقت دیدار بھی نہیں

ملنا ترا اگر نہیں آساں تو سہل ہے
دشوار تو یہی ہے کہ دشوار بھی نہیں

بے عشق عمر کٹ نہیں سکتی ہے اور یاں
طاقت بقدر لذت آزار بھی نہیں

شوریدگی کے ہاتھ سے ہے سر وبال دوش
صحرا میں اے خدا کوئی دیوار بھی نہیں

گنجائش عداوت اغیار اک طرف
یہاں دل میں ضعف سے ہوس یار بھی نہیں

ڈر نالہ ہائے زار سے میرے خدا کو مان
آخر نوائے مرغ گرفتار بھی نہیں

دل میں ہے یار کی صف مژگاں سے روکشی
حالانکہ طاقت خلش خار بھی نہیں

اس سادگی پہ کون نہ مر جائے اے خدا
لڑتے ہیں اور ہاتھ میں تلوار بھی نہیں

دیکھا اسد کو خلوت و جلوت میں بارہا
دیوانہ گر نہیں ہے تو ہشیار بھی نہیں

بسکہ جوم ہجر میں دیوار و در کو دیکھتے ہیں
کبھی صبا کو کبھی نامہ بر کو دیکھتے ہیں

وہ آئیں گھر میں ہمارے خدا کی قدرت ہے
کبھی ہم ان کو کبھی اپنے گھر کو دیکھتے ہیں

نظر لگے نہ کہیں اس کے دست و بازو کو
یہ لوگ کیوں مرے زخم جگر کو دیکھتے ہیں

ترے جواہر طرف کلہ کو کیا دیکھیں
ہم اوج طالع لعل و گہر کو دیکھتے ہیں

نہیں ہے زخم کوئی بخیہ کے درخور مرے تن میں
ہوا ہے تار اشک یاس رشتہ چشم سوزن میں

ہوئی ہے مانع ذوق تماشا خانہ ویرانی
کف سیلاب باقی ہے برنگ پنبہ روزن میں

ودیعت خانۂ بیداد کاوشہائے مژگاں ہوں
نگین نام شاہد ہے مرا ہر قطرہ خوں تن میں

بیاں کس سے ہو ظلمت گستری میرے شبستاں کی
شب مہ ہو جو رکھ دوں پنبہ دیواروں کے روزن میں

نکوہش مانع بے ربطی شور جنوں آئی
ہوا ہے خندۂ احباب بخیہ جیب و دامن میں

ہوئے اس مہر وش کے جلوۂ تمثال کے آگے
پرافشاں جوہر آئینے میں مثل ذرہ روزن میں

نہ جانوں نیک ہوں یا بد ہوں پر صحبت مخالف ہے
جو گل ہوں تو ہوں گلخن میں جو خس ہوں تو ہوں گلشن میں

ہزاروں دل دیے جوش جنون عشق نے مجھ کو
سیہ ہو کر سویدا ہو گیا ہر قطرہ خوں تن میں

اسد زندانی تاثیر الفت ہائے خوباں ہوں
خم دست نوازش ہو گیا ہے طوق گردن میں

مزے جہان کے اپنی نظر میں خاک نہیں
سوائے خون جگر سو جگر میں خاک نہیں

مگر غبار ہوئے پر ہوا اڑا لے جائے
وگرنہ تاب و تواں بال و پر میں خاک نہیں

یہ کس بہشت شمایل کی آمد آمد ہے | کہ غیر جلوۂ گل رہگذر میں خاک نہیں
بھلا اسے نہ سہی کچھ مجھی کو رحم آتا | اثر مرے نفس بے اثر میں خاک نہیں
خیال جلوۂ گل سے خراب ہیں میکش | شراب خانہ کے دیوار و در میں خاک نہیں
ہوا ہوں عشق کی غارتگری سے شرمندہ | سوای حسرت تعمیر گھر میں خاک نہیں
ہمارے شعر ہیں اب صرف دل لگی کے اسد | کھلا کہ فایدہ عرض ہنر میں خاک نہیں

ولہ

غنچۂ ناشگفتہ کو دور سے مت دکھا کہ یوں | بوسہ کو پوچھتا ہوں میں منہ سے مجھے بتا کہ یوں
پرسش طرز دلبری کیجیے کیا کہ بن کہی | اوسکی ہر ایک اشارہ سے نکلے ہی یہ ادا کہ یوں
رات کے وقت مے پیے ساتھ لیے رقیب | آوے وہ یہاں خدا کرے پر نہ کرے خدا کہ یوں
غیر سے رات کیا بنی یہ جو کہا تو دیکھیے | سامنے آن بیٹھنا اور یہ دیکھنا کہ یوں
بزم میں اوسکے روبرو کیوں نہ خموش بیٹھیے | اوسکی تو خامشی میں بھی ہے یہی مدعا کہ یوں
میں نے کہا کہ بزم ناز چاہیے غیر سے تہی | سنکے ستم ظریف نے مجکو اوٹھا دیا کہ یوں
مجھ سے کہا جو یار نے جاتے ہیں ہوش کس طرح | دیکھکے میری بیخودی چلنے لگی ہوا کہ یوں
کب مجھے کوی یار میں رہنے کی وضع یاد تھی | آئنہ دار بن گئی حیرت نقش پا کہ یوں
گر ترے دل میں ہو خیال وصل میں شوق کا زوال | موج محیط آب میں مارے ہے دست و پا کہ یوں
جو یہ کہے کہ ریختہ کیونکہ ہو رشک فارسی | گفتۂ غالب ایکبار پڑھکے اوسے سنا کہ یوں

کسو کی

ولہ

جب سے دل اگر افسردہ ہے گرم تماشا ہو — کہ چشم تنگ شاید کثرت نظارہ سے وا ہو

بقدر حسرت دل چاہیے ذوق معاصی بھی — بھروں یک گوشۂ دامن گر آب ہفت دریا ہو

اگر وہ سرو قد گرم خرام ناز آجاوے — کف ہر خاک گلشن شکل قمری نالہ فرسا ہو

ولہ

وارستہ اس سے ہیں کہ محبت ہی کیوں نہ ہو — کیجے ہمارے ساتھ عداوت ہی کیوں نہ ہو

چھوڑا نہ مجھ میں ضعف نے رنگ اختلاط کا — ہے دل پہ بار نقش محبت ہی کیوں نہ ہو

ہے مجھکو تجھسے تذکرۂ غیر کا گلہ — ہرچند بر سبیل شکایت ہی کیوں نہ ہو

پیدا ہوئی ہے کہتے ہیں ہر درد کی دوا — یوں ہو تو چارۂ غم الفت ہی کیوں نہ ہو

ڈالا نہ بیکسی نے کسی سے معاملہ — اپنے سے کھینچتا ہوں خجالت ہی کیوں نہ ہو

ہے آدمی بجائے خود اک محشر خیال — ہم انجمن سمجھتے ہیں خلوت ہی کیوں نہ ہو

ہنگامہ زبونی ہمت ہے انفعال — حاصل نہ کیجے دہر سے عبرت ہی کیوں نہ ہو

مٹتا ہے فوت فرصت ہستی کا غم کوئی — عمر عزیز صرف عبادت ہی کیوں نہ ہو

وارستگی بہانۂ بیگانگی نہیں — اپنے سے کر نہ غیر سے وحشت ہی کیوں نہ ہو

اوس فتنہ خو کے در سے اب اٹھتے نہیں اسد — اس میں ہمارے سر پہ قیامت ہی کیوں نہ ہو

ولہ

دہان اوسکا جو ہر اک ہی پر نہاں میں ہے سرشار — یعنی بہ سر رہے آہ کہ تا شرر سے ہو

اپنے کو دیکھتا نہیں ذوق ستم تو دیکھ — آئینہ تاکہ دیدۂ نخچیر سے نہ ہو

دیں بساط دو جہاں بے جا ہے پڑوں کو مِن کیے باداں
ہیہات کیوں نہ ٹوٹ گئے پیرزن کے پاو

دھوتا ہوں جب میں پینے کو اُس سیم تن کے پانو
رکھتا ہے ضد سے کھینچ کے باہر لگن کے پاو

بہاگے تھی ہم بہت سو اُسی کی سزا ہے یہ
ہوکر اسیر دابتے ہیں راہزن کے پاو

مرہم کی جستجو میں پھرا ہوں جو دور دور
تن سے سوا فگار ہیں اس خستہ تن کے پاو

اللہ رے ذوقِ دشت نوردی کہ بعد مرگ
ہلتے ہیں خود بخود مرے اندر کفن کے پاو

ہے جوشِ گل بہار میں یاں تک کہ ہر طرف
اوڑتے ہوے اولجھتے ہیں مرغ چمن کے پاو

بیچارہ کنشت دور سے آیا ہے شیخ جی
کعبے میں کیوں دبائیں نہ ہم برہمن کے پاو

شب کو کسو کے خواب میں آیا نہو کہیں
دُکھتے ہیں آج اوس بتِ نازک بدن کے پاو

میرے کلام میں کیونکر مزا نہو
پیتا ہوں دھو کے خسرو شیریں سخن کے پاو

اور پیکے کو خبر میں غش آنا پیہم ہے ہمکو
صد رہ آہنگ زمیں بوسِ قدم ہے ہمکو

دل کو میں اور مجھے دل محوِ وفا رکھتا ہے
کسقدر ذوقِ گرفتاریِ ہم ہے ہمکو

ضعف سے نقشِ پئے مور ہے طوقِ گردن
تیرے کوچے سے کہاں طاقتِ رم ہے ہمکو

جان کر کیجے تغافل کہ کچھ امید بھی ہو
یہ نگہ غلط انداز تو سم ہے ہمکو

رشکِ ہم طرحی و دردِ اثرِ بانگِ حزیں
نالۂ مرغِ سحر تیغِ دو دم ہے ہمکو

سر اوڑانے کے جو وعدہ کو مکرر چاہا
ہنسکے بولے کہ ترے سر کی قسم ہے ہمکو

دیکھی قوں ازانا

دیکھیں تو خون اپنے یہ کب وجہ دلکشی پا جا پر
پاس بے سرو نفی دیدۂ اہم ہے ہمکو

تم وہ نازک کہ خموشی کو فغاں کہتے ہو
ہم وہ عاجز کہ تغافل بھی ستم ہے ہمکو

لکھنو آنے کا باعث نہیں کھلتا یعنی
ہوس سیر و تماشا سو وہ کم ہے ہمکو

مقطع سلسلۂ شوق نہیں ہے یہ شہر
عزم سیر نجف و طوف حرم ہے ہمکو

لیے جاتی ہے کہیں ایک توقع غالب
جادۂ رہ کشش کاف کرم ہے ہمکو

رہئے اب ایسی جگہ چلکر جہاں کوئی نہو
ہم سخن کوئی نہو اور ہمزباں کوئی نہو

بے در و دیوار سا اک گھر بنایا چاہئے
کوئی ہمسایہ نہو اور پاسباں کوئی نہو

پڑئے گر بیمار تو کوئی نہو تیمار دار
اور اگر مر جائیے تو نوحہ خواں کوئی نہو

ہے سبزہ زار ہر در و دیوار غمکدہ
جسکی بہار یہ ہو پھر اسکی خزاں نہ پوچھ

ناچار بیکسی کی بھی حسرت اٹھائیے
دشواری رہ و ستم ہمرہاں نہ پوچھ

از مہر تا بذرہ دل و دل ہے آئینہ
طوطی کو شش جہت سے مقابل ہے آئینہ

صد جلوہ روبرو ہے جو مژگاں اٹھائیے
طاقت کہاں کہ دید کا احساں اٹھائیے

ہے سنگ پر برات معاش جنون عشق
یعنی ہنوز منت طفلاں اٹھائیے

پر از بار ہیں فردوس سے ہے کم
ای نوا خراب نہ احسان اٹھائیے

سینے زخم رشک کو رسوا نہ کیجیے
پایۂ دو تبسم پنہاں اٹھائیے

مسجد کے زیر سایہ خرابات چاہیے
بھوں پاس آنکھ قبلۂ حاجات چاہیے

عاشق ہوئے ہیں آپ بھی ایک اور شخص پر
آخر ستم کی کچھ تو مکافات چاہیے

دے داد اے فلک دل حسرت پرست کی
ہاں کچھ نہ کچھ تلافیِ مافات چاہیے

سیکھے ہیں مہ رخوں کے لیے ہم مصوری
تقریب کچھ تو بہر ملاقات چاہیے

مے سے غرض نشاط ہے کس روسیاہ کو
اک گونہ بیخودی مجھے دن رات چاہیے

نشو و نما ہے اصل سے غالب فروع کو
خاموشی ہی سے نکلے ہے جو بات چاہیے

ہے رنگ لالہ و گل و نسریں جدا جدا
ہر رنگ میں بہار کا اثبات چاہیے

سر پائے خم پہ چاہیے ہنگام بیخودی
رو سوئے قبلہ وقت مناجات چاہیے

یعنی بحسب گردش پیمانۂ صفات
عارف ہمیشہ مست مے ذات چاہیے

بساط عجز میں تھا ایک دل یک قطرہ خوں وہ بھی
سو رہتا ہے بانداز چکیدن سرنگوں وہ بھی

رہے اس شوخ سے آزردہ ہم چندے تکلف سے
تکلف برطرف تھا ایک انداز جنوں وہ بھی

خیال مرگ کب تسکیں دل آزردہ کو بخشے
مرے دام تمنا میں ہے اک صید زبوں وہ بھی

نہ کرتا کاش نالہ مجھ کو کیا معلوم تھا ہمدم
کہ ہوگا باعث افزائش درد دروں وہ بھی

[illegible]

ہے بزم بتاں میں سخن آزردہ لبوں سے
تنگ آئے ہیں ہم ایسے خوشامد طلبوں سے

ہے دور قدح وجہ پریشانیٔ صہبا
یک بار لگا دو خم مے میرے لبوں سے

رندان در میکدہ گستاخ ہیں زاہد
زنہار نہ ہونا طرف ان بے ادبوں سے

بیداد وفا دیکھ کہ جاتی رہی آخر
ہر چند مری جان کو تھا ربط لبوں سے

تا ہم کو شکایت کی بھی باقی نہ رہے جا
سن لیتے ہیں گو ذکر ہمارا نہیں کرتے

تیرا احوال سنا دینگے ہم انکو
وہ سنکے بلا لیں یہ اجارہ نہیں کرتے

غم دنیا سے گر پائی بھی فرصت سر اٹھانے کی
فلک کا دیکھنا تقریب تیرے یاد آنے کی

کھلیگا کس طرح مضموں مرے مکتوب کا یا رب
قسم کھائی ہے اس کافر نے کاغذ کے جلانے کی

لپٹنا پرنیاں میں شعلۂ آتش کا آساں ہے
ولے مشکل ہے حکمت دل میں سوز غم چھپانے کی

انہیں منظور اپنے زخمیوں کا دیکھ آنا تھا
اٹھے تھے سیر گل کو دیکھنا شوخی بہانے کی

ہماری سادگی تھی التفات ناز پر مرنا
ترا آنا نہ تھا ظالم مگر تمہید جانے کی

لکدکوب حوادث کا تحمل کر نہیں سکتی
مری طاقت کہ ضامن تھی بتوں کے ناز اٹھانے کی

کہوں کیا خوبی اوضاع ابنائے زماں
بدی کی اسنے جس سے ہمنے کی تھی بارہا نیکی

حاصل سے ہاتھ دھو بیٹھ اے آرزو خرامی
دل جوش گریہ میں ہے ڈوبی ہوئی اسامی

اس شمع کی طرح سے جسکو کوئی بجھا دے
میں بھی جلے ہوؤں میں ہوں داغ ناتمامی

کیا تنگ ہم ستم زدگاں کا جہان ہے
جس میں کہ ایک بیضۂ مور آسمان ہے

ہے کائنات کو حرکت تیرے ذوق سے
پرتو سے آفتاب کے ذرہ میں جان ہے

حالانکہ ہے یہ سیلیِ خارا سے لالہ رنگ
غافل کو میرے شیشے پہ مے کا گمان ہے

کی اس نے گرم سینۂ اہلِ ہوس میں جا
آوے نہ کیوں پسند کہ ٹھنڈا مکان ہے

کیا خوب تم نے غیر کو بوسہ نہیں دیا
بس چپ رہو ہمارے بھی منہ میں زبان ہے

بیٹھا ہے جو کہ سایۂ دیوارِ یار میں
فرماں رواے کشورِ ہندوستان ہے

ہستی کا اعتبار بھی غم نے مٹا دیا
کس سے کہوں کہ داغ جگر کا نشان ہے

ہے بارے اعتمادِ وفاداری اس قدر
ہم اس میں خوش ہیں کہ نامہربان ہے

سرگشتگی میں عالمِ ہستی سے یاس ہے
تسکیں کو دے نوید کہ مرنے کی آس ہے

لیتا نہیں مرے دلِ آوارہ کی خبر
اب تک وہ جانتا ہے کہ میرے ہی پاس ہے

کیجے بیاں سرورِ تبِ غم کہاں تلک
ہر مو مرے بدن پہ زبانِ سپاس ہے

ہے وہ غرورِ حسن سے بیگانۂ وفا
ہر چند اس کے پاس دلِ حق شناس ہے

پی جس قدر ملے شبِ مہتاب میں شراب
اس بلغمی مزاج کو گرمی ہی راس ہے

ہر ایک مکان کو ہے مکیں سے شرف
مجنوں جو مر گیا ہے تو جنگل اداس ہے

گر خامشی سے فائدہ اخفاے حال ہے
خوش ہوں کہ میری بات سمجھنی محال ہے

کس کو سناؤں حسرتِ اظہار کا گلہ
دل فردِ جمع و خرچ زباں ہائے لال ہے

کس پردہ میں ہے آئینہ پرداز اے خدا
رحمت کہ عذر خواہ لبِ بے سوال ہے

ہے ہے خدا نخواستہ وہ اور دشمنی
اے شوقِ منفعل یہ تجھے کیا خیال ہے

مشکیں لباسِ کعبہ علی کے قدم کو جان
نافِ زمیں ہے نہ کہ نافِ غزال ہے

وحشت بہ سیرِ عرصۂ آفاق تنگ ہے
دریا زمیں کو عرقِ انفعال ہے

[illegible]

ایک جا حرفِ وفا لکھا تھا سو بھی مٹ گیا
ظاہرا کاغذ ترے خط کا غلط بردار ہے

جی جلے ذوقِ فنا کی ناتمامی پر نہ کیوں
ہم نہیں جلتے نفس ہر چند آتش بار ہے

آگ سے پانی میں بجھتے وقت اٹھتی ہے صدا
ہر کوئی درماندگی میں نالہ سے ناچار ہے

ہے وہی بدمستیِ ہر ذرہ کا خود عذر خواہ
جس کے جلوہ سے زمیں تا آسماں سرشار ہے

مجھ سے مت کہہ تو ہمیں کہتا تھا اپنی زندگی
زندگی سے بھی مرا جی ان دنوں بیزار ہے

آنکھ کی تصویر سرنامے پہ کھینچی ہے کہ تا
تجھ پہ کھل جاوے کہ اس کو حسرتِ دیدار ہے

مری ہستی فضائے حیرت آبادِ تمنا ہے
جسے کہتے ہیں نالہ وہ اسی عالم کا عنقا ہے

خزاں کیا فصلِ گل کہتے ہیں کس کو کوئی موسم ہو
وہی ہم ہیں قفس ہے اور ماتم بال و پر کا ہے

وفائے دلبراں ہے اتفاقی ورنہ اے ہمدم
اثر فریادِ دلہائے حزیں کا کس نے دیکھا ہے

نہ لائی شوخیٔ اندیشہ تاب رنج نومیدی — کف افسوس ملنا عہد تجدید تمنا ہے

عشق مجھکو نہیں وحشت ہی سہی — میری وحشت تری شہرت ہی سہی
قطع کیجے نہ تعلق ہم سے — کچھ نہیں ہے تو عداوت ہی سہی
میرے ہونے میں ہے کیا رسوائی — اے وہ مجلس نہیں خلوت ہی سہی
ہم بھی دشمن تو نہیں ہیں اپنے — غیر کو تجھ سے محبت ہی سہی
اپنی ہستی ہی سے ہو جو کچھ ہو — آگہی گر نہیں غفلت ہی سہی
عمر ہر چند کہ ہے برق خرام — دل کے خوں کرنے کی فرصت ہی سہی
کچھ تو دے اے فلک ناانصاف — آہ و فریاد کی رخصت ہی سہی
ہم بھی تسلیم کی خو ڈالینگے — بے نیازی تری عادت ہی سہی
ہم کوئی ترک وفا کرتے ہیں — نہ سہی عشق مصیبت ہی سہی
یار سے چھیڑ چلی جائے اسد — گر نہیں وصل تو حسرت ہی سہی

پینس میں گذرتے ہیں جو کوچے سے وہ میرے — کندھا بھی کہاروں کو بدلنے نہیں دیتے

ہے آرمیدگی میں نکوہش بجا مجھے — صبح وطن ہے خندۂ دنداں نما مجھے
ڈھونڈے ہے اس مغنی آتش نفس کو جی — جسکی صدا ہو جلوۂ برق فنا مجھے

[illegible]

مستانہ طے کروں ہوں رہِ وادیِ خیال
تا بازگشت سے نہ رہے مدعا مجھے

کرتا ہے بسکہ باغ میں تو بے حجابیاں
آنے لگی ہے نکہتِ گل سے حیا مجھے

کھلتا کسی پہ کیوں مرے دل کا معاملہ
شعروں کے انتخاب نے رسوا کیا مجھے

زندگی اپنی جب اس شکل سے گذری
ہم بھی کیا یاد کریں گے کہ خدا رکھتے تھے

رفتارِ عمر قطعِ رہِ اضطراب ہے
اس سال کے حساب کو برق آفتاب ہے

مینائے مے ہے سروِ نشاطِ بہار سے
بالِ تدرو جلوۂ موجِ شراب ہے

جادادِ بادہ نوشیِ رنداں ہے شش جہت
غافل گماں کرے ہے کہ گیتی خراب ہے

زخمی ہوا ہے پاشنہ پائے ثبات کا
جوشِ بہار جلوہ کو جس کے نقاب ہے

میں نامراد دل کی تسلی کو کیا کروں
مانا کہ تیرے رخ سے نگہ کامیاب ہے

گذرا اسد مسرتِ پیغامِ یار سے
قاصد پہ مجھ کو رشکِ سوال و جواب ہے

[illegible]

دیکھنا قسمت کہ آپ اپنے پہ رشک آ جائے ہے
میں اسے دیکھوں بھلا کب مجھ سے دیکھا جائے ہے

ہاتھ دھو دل سے یہی گرمی گر اندیشے میں ہے
آبگینہ تندیِ صہبا سے پگھلا جائے ہے

غیر کو یارب وہ کیونکر منعِ گستاخی کرے
گر حیا بھی اس کو آتی ہے تو شرما جائے ہے

شوق کو یہ لت کہ ہر دم نالہ کھینچے جائیے
دل کی وہ حالت کہ دم لینے سے گھبرا جائے ہے

دور چشمِ بد تری بزمِ طرب سے واہ واہ
نغمہ ہو جاتا ہے واں گر نالہ میرا جائے ہے

گرچہ بے ظاہر نقاب پردہ دار راز عشق
اوسکی بزم آرائیاں سنکر دل پر نور بات
ہوگئے عاشق وہ ہر رخ او نازک بدن رنگ
نقش کو اوسکی مصور ہر بت کھینچا نارہے
سایہ میرا مجھسے مثل دود بھاگے ہے
گرم فریاد ہر بلبل شکل نہالے نے مجھے
نسبت انفراد و عالم کے تخفیف معلوم
کنہ شناسائی وحدت شئے ہر شانے وہم
ہوئی چلک کے تصور میں ہے کھنچتا نرہا
کاہ رفاہ سینے میں لالہ داغ سامان ہے
غنچہ ما شگفتن ہا برگ غائب معلوم
ہے رنج حنائی کی طرح اوس نے پا جاب
اوگ رہا ہی درو دیوار سے سبزہ
ساؤگے ہر اوسکے مرجا نہیں حسرت دلمیں
دیکھا نقوش کے لذت کہ تو دستے کہا

ہر دم اب کیوں ہی جانے ہیں کہ دو پاجی ہی چھپے
مثل نقش مدعا بے تعبیر بیٹھا جائے ہے
رنگ کھنچتا جائے حنا اوڑتا جائے ہے
کھنچتا جاتے حسد را و فنا کھنچتا جائے ہے
بابس مجھ آتش زبانکی کس سے ٹھہرا جائے ہے
شب امان ہجر میں وہی بر دلبا ملے نے مجھے
لے ان مجھے سر سے ہمت غالب نے مجھے
کر دیا فا فراق انعام خیالے نے مجھے
مجھ آرام دیا ہے ہر دو بالے نے مجھے
برق خرمن راحت خون گرم دہقانے ہے
ما و جود دل جمع خواب گل پریشان ہے
داغ نسبت دست عجز شعلہ خس بدندان ہے
ہم بیابان میں ہیں اور گھر میں بہار آئی ہے
لب نہیں جلتا کہ ہر خنجر تغافل میں ہے
میں نے بیچا ہا کہ گویا ہے ہر بحث دلمیں ہے

الم کا

گرچہ ہے کس کس برائی سے ولے با ایں ہمہ — ذکر میرا مجھ سے بہتر ہے کہ اس محفل میں ہے
بس ہجوم ناامیدی خاک میں مل جائیگی — جو یہ اک لذت ہماری سعی بے حاصل میں ہے
رنج رہ کیوں کھینچئے واماندگی کو عشق ہے — اوٹھ نہیں سکتا ہمارا جو قدم منزل میں ہے
جلوہ زار آتش دوزخ ہمارا دل سہی — فتنۂ شور قیامت کس کے آب و گل میں ہے
ہے دل شوریدۂ ... طلسم پیچ و تاب — رحم کر اپنی تمنا پر کہ کس مشکل میں ہے

ولہ

دل سے تیری نگاہ جگر تک اوتر گئی — دونوں کو اک ادا میں رضامند کر گئی
شق ہو گیا ہے سینہ خوشا لذت فراغ — تکلیف پردہ داری زخم جگر گئی
وہ بادۂ شبانہ کی سرمستیاں کہاں — اوٹھئے بس اب کہ لذت خواب سحر گئی
اوڑتی پھرے ہے خاک مری کوی یار میں — بارے اب اے ہوا ہوس بال و پر گئی
دیکھو تو دلفریبی انداز نقش پا — موج خرام یار بھی کیا گل کتر گئی
ہر بوالہوس نے حسن پرستی شعار کی — اب آبروی شیوہ اہل نظر گئی
نظارہ نے بھی کام کیا واں نقاب کا — مستی سے ہر نگہ ترے رخ پر بکھر گئی
فردا و دی کا تفرقہ یکبار مٹ گیا — کل تم گئے کہ ہم پہ قیامت گذر گئی
مارا زمانہ نے ... تمہیں — وہ ولولے کہاں وہ جوانی کدھر گئی

ولہ

پھر کچھ اک دل کو بیقراری ہے — سینہ جویای زخم کاری ہے

پہر جگر کہودنے لگا ناخن — آمد فصل لالہ کاری ہے
قبلۂ مقصد نگاہ نیاز — پہر وہی پردہ عماری ہے
چشم دلال جنس رسوائی — دل خریدار ذوق خواری ہے
وہی صد رنگ نالہ فرسائی — وہی صد گونہ اشکباری ہے
دل ہوای خرام ناز سے پہر — محشرستان بیقراری ہے
جلوہ پہر عرض ناز کرتا ہے — روز بازار جانسپاری ہے
پہر اوسی بیوفا پہ مرتے ہیں — پہر وہی زندگی ہماری ہے
پہر کہلا ہے در عدالت ناز — گرم بازار فوجداری ہے
ہو رہا ہے جہان میں اندہیر — زلف کی پہر سرشتہ داری ہے
پہر دیا پارۂ جگر نے سوال — ایک فریاد و آہ و زاری ہے
پہر ہوے ہیں گواہ عشق طلب — اشکباری کا حکم جاری ہے
دل و مژگان کا جو مقدمہ تہا — آج پہر اوسکی روبکاری ہے
بیخودی بے سبب نہیں غالب — کچہہ تو ہے جسکی پردہ داری ہے

وله

جنون تہمت کش تسکین نہو گر شادمانی کی — نمک پاش خراش دل ہے لذت زندگانی کی

اگر

ولہ

کشاکش ہائے ہستی سے کرے کیا سعی آزادی
ہوئی زنجیر موج آب کو فرصت روانی کی

پس از مردن بھی دیوانہ زیارت گاہ طفلاں ہے
شرار سنگ نے تربت پہ میری گل فشانی کی

ولہ

نکوہش ہے سزا فریادی بیداد دلبر کی
مبادا خندۂ دنداں نما ہو صبح محشر کی

رگ لیلیٰ کو خاک دشت مجنوں ریشگی بخشے
اگر بووے بجائے دانہ دہقاں نوک نشتر کی

پر پروانہ شاید بادبان کشتی مے تھا
ہوئی مجلس کی گرمی سے روانی دور ساغر کی

کروں بیداد ذوق پر فشانی عرض کیا قدرت
کہ طاقت اڑ گئی اڑنے سے پہلے میرے شہپر کی

کہاں تک روؤں اس کے خیمے کے پیچھے قیامت ہے
مری قسمت میں یارب کیا نہ تھی دیوار پتھر کی

ولہ

بے اعتدالیوں سے سبک سب میں ہم ہوئے
جتنے زیادہ ہو گئے اتنے ہی کم ہوئے

پنہاں تھا دام سخت قریب آشیان کے
اڑنے نہ پائے تھے کہ گرفتار ہم ہوئے

ہستی ہماری اپنی فنا پر دلیل ہے
یاں تک مٹے کہ آپ ہم اپنی قسم ہوئے

سختی کشان عشق کی پوچھے ہے کیا خبر
وہ لوگ رفتہ رفتہ سراپا الم ہوئے

تیری وفا سے کیا ہو تلافی کہ دہر میں
تیرے سوا بھی ہم پہ بہت سے ستم ہوئے

لکھتے رہے جنوں کی حکایات خونچکاں
ہر چند اس میں ہاتھ ہمارے قلم ہوئے

اللہ رے تیری تندی خو جس کے بیم سے
اجزائے نالہ دل میں مرے رزق ہم ہوئے

اہل ہوس کی فتح ہے ترک نبرد عشق
جو پاؤں اٹھ گئے وہی ان کے علم ہوئے

نالے عدم میں چند ہمارے سپرد تھے — جو واں نہ کھنچ سکے سو وہ یاں آ کے دم ہوئے

چھوڑی اسد نہ ہم نے گدائی میں دل لگی — سائل ہوئے تو عاشقِ اہلِ کرم ہوئے

رحم کر ظالم کہ کیا بودِ چراغِ کشتہ ہے — نبضِ بیمارِ وفا دودِ چراغِ کشتہ ہے

دل لگی کی آرزو بے چین رکھتی ہے ہمیں — ورنہ یاں بے رونقی سودِ چراغِ کشتہ ہے

چشمِ خوباں خامشی میں بھی نوا پرداز ہے — سرمہ تو کہوے کہ دودِ شعلۂ آواز ہے

پیکرِ عشاق سازِ طالعِ ناساز ہے — نالہ گویا گردشِ سیارہ کی آواز ہے

دستگاہِ دیدۂ خونبارِ مجنوں دیکھنا — یک بیاباں جلوۂ گل فرشِ پا انداز ہے

جو نقدِ داغِ دل کی کرے شعلہ پاسبانی — تو فسردگی نہاں ہے بہ کمینِ بے زبانی

مجھے اس سے کیا توقع بزمانۂ جوانی — کبھی کودکی میں جس نے نہ سنی مری کہانی

یوں ہی دکھ کسی کو دینا نہیں خوب ورنہ کہتا — کہ مرے عدو کو یارب ملے میری زندگانی

ظلمت کدے میں میرے شبِ غم کا جوش ہے — اک شمع ہے دلیلِ سحر سو خموش ہے

نے مژدۂ وصال نہ نظارۂ جمال — مدت ہوئی کہ آشتیِ چشم و گوش ہے

ہو کر شہیدِ عشق میں پائے ہزار جسم — ہر موجِ گردِ راہ مرے سر کو دوش ہے

مے نے کیا ہے حسنِ خود آرا کو بے حجاب — اے شوق یاں اجازتِ تسلیمِ ہوش ہے

گوہر کو عقدِ گردنِ خوباں میں دیکھنا — کیا اوج پر ستارۂ گوہر فروش ہے

دیدار بادہ حوصلہ ساقی نگاہ مست — بزم خیال میکدۂ بے خروش ہے

اے تازہ واردان بساط ہوای دل — زنہار اگر تمہیں ہوس نای و نوش ہے

دیکھو مجھے جو دیدۂ عبرت نگاہ ہو — میری سنو جو گوش نصیحت نیوش ہے

ساقی بجلوہ دشمن ایمان آگہی — مطرب بنغمہ رہزن تمکین ہوش ہے

ق یا شب کو دیکھتے تھے کہ ہر گوشۂ بساط — دامان باغبان و کف گلفروش ہے

لطف خرام ساقی و ذوق صدای چنگ — یہ جنت نگاہ وہ فردوس گوش ہے

یا صبحدم جو دیکھیے آ کر تو بزم میں — نے وہ سرور و سوز نہ جوش و خروش ہے

داغ فراق صحبت شب کی جلی ہوئی — اک شمع رہ گئی ہے سو وہ بھی خموش ہے

آتے ہیں غیب سے یہ مضامیں خیال میں — غالب صریر خامہ نوای سروش ہے

آکہ مری جانکو قرار نہیں ہے — طاقت بیداد انتظار نہیں ہے

دیتے ہیں جنت حیات دہر کے بدلے — نشہ بہ اندازۂ خمار نہیں ہے

گریہ نکالے ہے تیری بزم سے مجھکو — ہای کہ رونے پہ اختیار نہیں ہے

ہمسے عبث ہے گمان رنجش خاطر — خاکمیں عشاق کی غبار نہیں ہے

دلسے اوٹھا لطف جلوہ ہای معانی — غیر گل آئینۂ بہار نہیں ہے

قتل کا میرے کیا ہے عہد تو بارے — وای اگر عہد استوار نہیں ہے

ز بس فسونِ مکیں سے کہ اب ہی چھٹے غالب
ستمگری قسمت کا گلہ اعتبار نہیں ہے

و.
ہجومِ غم سے یاں تک سرنگونی مجھکو حاصل ہے
کہ تارِ دامن و تارِ نظر میں فرق مشکل ہے

رفوئے زخم سے مطلب ہے لذت زخمِ سوزن کی
سمجھیو مت کہ پاسِ درد سے دیوانہ غافل ہے

وہ گل جس گلستاں میں جلوہ فرمائی کرے غالب
چٹکنا غنچۂ گل کا صدائے خندۂ دل ہے

وله
پا بداماں ہو رہا ہوں بسکہ میں صحرا نورد
خار پا ہیں جوہرِ آئینۂ زانو مجھے

دیکھنا حالت مرے دل کی ہم آغوشی کے وقت
ہے نگاہِ آشنا تیرا سرِ ہر مو مجھے

ہوں سراپا سازِ آہنگِ شکایت کچھ نہ پوچھ
ہے یہی بہتر کہ لوگوں میں نہ چھیڑے تو مجھے

وله
جس بزم میں تو ناز سے گفتار میں آوے
جاں کالبدِ صورتِ دیوار میں آوے

سائے کی طرح ساتھ پھریں سرو و صنوبر
تو اس قدِ دلکش سے جو گلزار میں آوے

تب نازِ گراں مایگیِ اشک بجا ہے
جب لختِ جگر دیدۂ خوں بار میں آوے

دے مجھکو شکایت کی اجازت کہ ستمگر
کچھ تجھکو مزا بھی مرے آزار میں آوے

اس چشمِ فسوں گر کا اگر پائے اشارہ
طوطی کی طرح آئینہ گفتار میں آوے

کانٹوں کی زباں سوکھ گئی پیاس سے یارب
اک آبلہ پا وادیِ پرخار میں آوے

مر جاؤں نہ کیوں رشک سے جب وہ تنِ نازک
آغوشِ خمِ حلقۂ زنار میں آوے

غارتگرِ ناموس نہ ہو گر ہوسِ زر
کیوں شاہدِ گل باغ سے بازار میں آوے

مر جاؤں

تب چاک گریباں کا مزا ہے دل نالاں — جب ایک نفس الجھا ہوا ہر خار میں آوے
آتشکدہ ہے سینہ مرا راز نہاں سے — اے وای اگر معرض اظہار میں آوے
گنجینۂ معنی کا طلسم اوسکو سمجھئے — جو لفظ کہ غالب مرے اشعار میں آوے

ولہ

نہ ہوئی گر مرے مرنے سے تسلی نہ سہی — امتحاں اور بھی باقی ہو تو یہ بھی نہ سہی
خار خار الم حسرت دیدار تو ہے — شوق گلچین گلستان تسلی نہ سہی
مے پرستاں خم مے کہ ہے چشم و چراغ صحرا — ایکدن گر نہ ہوا بزم میں ساقی نہ سہی
نفس قیس کہ ہے چشم و چراغ صحرا — گر نہیں شمع سیہ خانۂ لیلی نہ سہی
ایک ہنگامہ پہ موقوف ہے گھر کی رونق — نوحۂ غم ہی سہی نغمۂ شادی نہ سہی
نہ ستائش کی تمنا نہ صلے کی پروا — گر نہیں ہیں مرے اشعار میں معنی نہ سہی
عشرت صحبت خوباں ہی غنیمت سمجھو — نہ ہوئی غالب اگر عمر طبیعی نہ سہی

ولہ

عجب نشاط سے جلاد کے چلے ہیں ہم آگے — کہ اپنے سایہ سے سر پانو سے ہے دو قدم آگے
قضا نے تھا مجھے چاہا خراب بادۂ الفت — فقط خراب لکھا بس نہ چل سکا قلم آگے
غم زمانہ نے جھاڑی نشاط عشق کی مستی — وگرنہ ہم بھی اوٹھاتے تھے لذت الم آگے
خدا کے واسطے داد اوس جنون شوق کی دینا — کہ اوسکے در پہ پہنچتے ہیں نامہ بر سے ہم آگے

ہم پر جفا سے ترک وفا کا گماں نہیں

ہجوم جوہر بتاں اور شہابی ہے — تمہاری انگڑائی طرہ ہی خم بخم آگے

دل و جگر میں پر افشاں جو ایک موجۂ خوں ہے — ہم اپنے زعم میں سمجھے ہوئے تھے اس کو دم آگے

قسم جنازے پہ آنے کی میرے کھاتے ہیں غالب — ہمیشہ کھاتے تھے جو میری جان کی قسم آگے

ولہ

تغافل دوست ہوں میرا دماغ عجز عالی ہے — اگر پہلو تہی کیجے تو جا میری بھی خالی ہے

رہا آباد عالم اہل ہمت کے نہ ہونے سے — بھرے ہیں جس قدر جام و سبو میخانہ خالی ہے

ولہ

کب وہ سنتا ہے کہانی میری — اور پھر وہ بھی زبانی میری

خلش غمزۂ خونریز نہ پوچھ — دیکھ خونابہ فشانی میری

کیا بیاں کرکے مرا روئیں گے یار — مگر آشفتہ بیانی میری

ہوں ز خود رفتۂ بیدائے خیال — بھول جانا ہے نشانی میری

متقابل ہے مقابل میرا — رک گیا دیکھ روانی میری

قدر سنگ سر رہ رکھتا ہوں — سخت ارزاں ہے گرانی میری

گرد باد رہ بیتابی ہوں — صرصر شوق ہے بانی میری

دہن اس کا جو نہ معلوم ہوا — کھل گئی ہیچمدانی میری

کر دیا ضعف نے عاجز غالب — ننگ پیری ہے جوانی میری

ولہ

گلشن کو تیری صحبت از بسکہ خوش آئی ہے — ہر غنچہ کا گل ہونا آغوش کشائی ہے

[illegible]

دہاں گنبد استغنا ہر دم ہے بلند پر — یہاں نالہ کو اور داوش دعوای رسا ہے

از بسکہ سکھاتا ہے غم درد کے انداز — جو داغ نظر آیا اک چشم نمائی ہے

وله

نقش ناز بت طناز بہ آغوش رقیب — پای طاؤس پی خامۂ مانی مانگے

تو وہ بدخو کہ تحیر کو تماشا جانے — غم وہ افسانہ کہ آشفتہ بیانی مانگے

وہ تپ عشق تمنا ہے کہ جوں رشتۂ شمع — شعلہ تا نبض جگر ریشہ دوانی مانگے

وله

جس زخم کی ہو سکتی ہو تدبیر رفو کی — لکھ دیجیو یارب اسے قسمت میں عدو کی

اچھا ہے سر انگشت حنائی کا تصور — دل میں نظر آتی تو ہے اک بوند لہو کی

کیوں ڈرتے ہو عشاق کی بے حوصلگی سے — یہاں تو کوئی سنتا نہیں فریاد کسو کی

و

صد حیف وہ ناکام کہ اک عمر سے غالب — حسرت میں رہے ایک بت عربدہ جو کی

دشنے نے کبھی منہ نہ لگایا ہو جگر کو — خنجر نے کبھی بات نہ پوچھی ہو گلو کی

وله

سیماب پشت گرمی آئینہ دے ہے ہم — حیراں کئے ہوئے ہیں دل بیقرار کے

آغوش گل کشودہ برای وداع ہے — ای عندلیب چل کہ چلے دن بہار کے

وله

ہے وصل ہجر عالم تمکین و ضبط میں — معشوق شوخ و عاشق دیوانہ چاہیے

اس لب سے مل ہی جائیگا بوسہ کبھی تو ہاں — شوق فضول و جرأت رندانہ چاہیے

وله

چاہیے اچھوں کو جتنا چاہیے — یہ اگر چاہیں تو پھر کیا چاہیے

صحبت رنداں سے واجب ہے حذر — جائے مے اپنے کو کھینچا چاہئے
چاک مت کر جیب بے ایام گل — کچھ ادھر کا بھی اشارہ چاہئے
دوستی کا پردہ ہے بیگانگی — منہ چھپانا ہم سے چھوڑا چاہئے
دشمنی نے میری کھویا غیر کو — کس قدر دشمن ہے دیکھا چاہئے
اپنی رسوائی میں کیا چلتی ہے سعی — یار ہی ہنگامہ آرا چاہئے
منحصر مرنے پہ ہو جسکی امید — ناامیدی اسکی دیکھا چاہئے
غافل ان مہ طلعتوں کے واسطے — چاہنے والا بھی اچھا چاہئے
ق
چاہتے ہیں خوبرویوں کو اسد — آپ کی صورت تو دیکھا چاہئے

ہر قدم دوری منزل ہے نمایاں مجھسے — میری رفتار سے بھاگے ہے بیاباں مجھسے
درس عنوان تماشا بہ تغافل خوشتر — ورنہ ہے نگہ رشتۂ شیرازۂ مژگاں مجھسے
وحشت آتش دل سے شب تنہائی میں — دود کیطرح رہا سایہ گریزاں مجھسے
غم عشاق نہ ہو سادگی آموز بتاں — کس قدر خانۂ آئینہ ہے ویراں مجھسے
اثر آبلہ سے جادۂ صحرای جنوں — صورت رشتۂ گوہر ہے چراغاں مجھسے
بیخودی بستر تمہید فراغت ہو جو — پر ہے سایہ کیطرح میرا شبستاں مجھسے
بیکسیہای شب ہجر کی وحشت ہے ہے — سایہ خورشید قیامت میں ہے پنہاں مجھسے

لونی دیوار

شوقِ دیدار میں گر تو مجھے گردن مارے ہو نگہ مثلِ گلِ شمع پریشاں مجھ سے

گردشِ ساغرِ صد جلوۂ رنگیں تجھ سے آئنہ داریِ یک دیدۂ حیراں مجھ سے

نگہِ گرم سے اک آگ ٹپکتی ہے اسد ہے چراغاں خس و خاشاکِ گلستاں مجھ سے

ولہ

چاک کی خواہش اگر وحشت بہ عریانی کرے صبح کے مانند زخمِ دل گریبانی کرے

جلوے کا تیرے وہ عالم ہے کہ گر کیجے خیال دیدۂ دل کو زیارت گاہِ حیرانی کرے

ہے شکستن سے بھی دل نومید یارب کب تلک آبگینہ کوہ پر عرضِ گرانجانی کرے

میکدہ گر چشمِ مستِ ناز سے پاوے شکست موئے شیشہ دیدۂ ساغر کی مژگانی کرے

خطِ عارض سے لکھا ہے زلف کو الفت نے عہد یک قلم منظور ہے جو کچھ پریشانی کرے

ولہ

وہ آ کے خواب میں تسکینِ اضطراب تو دے ولے مجھے تپشِ دل مجالِ خواب تو دے

دکھا کے جنبشِ لب ہی تمام کر ہم کو نہ دے جو بوسہ تو منہ سے کہیں جواب تو دے

کرے ہے قتل لگاوٹ میں تیرا رو دینا تری طرح کوئی تیغِ نگہ کو آب تو دے

پلا دے اوک سے ساقی جو ہم سے نفرت ہے پیالہ گر نہیں دیتا نہ دے شراب تو دے

اسد خوشی سے مرے ہاتھ پاؤں پھول گئے کہا جو اس نے ذرا میرے پاؤں داب تو دے

ولہ

تپش سے میری وقفِ کشمکش ہر تارِ بستر ہے مرا سر رنجِ بالیں ہے مرا تن بارِ بستر ہے

سرشکِ سر بہ صحرا دادہ نور العین دامن ہے ‌ ‌ دلِ بے دست و پا افتادہ برخوردار بستر ہے

خوشا اقبالِ رنجوری عیادت کو تم آئے ہو ‌ ‌ فروغِ شمعِ بالیں طالعِ بیدار بستر ہے

بطوفاں گاہ جوشِ اضطرابِ شامِ تنہائی ‌ ‌ شعاعِ آفتابِ صبحِ محشر تارِ بستر ہے

ابھی آتی ہے بو بالش سے اس کی زلفِ مشکیں کی ‌ ‌ ہماری دید کو خوابِ زلیخا عارِ بستر ہے

کہوں کیا دل کی کیا حالت ہے ہجرِ یار میں غالب ‌ ‌ کہ بیتابی سے ہر اک تارِ بستر خارِ بستر ہے

خطر ہے رشتۂ الفت رگِ گردن نہ ہو جاوے ‌ ‌ غرورِ دوستی آفت ہے تو دشمن نہ ہو جاوے

سمجھ اس فصل میں کوتاہیِ نشو و نما غالب ‌ ‌ اگر گل سرو کے قامت پہ پیراہن نہ ہو جاوے

ونہ

فریاد کی کوئی لے نہیں ہے ‌ ‌ نالہ پابندِ نے نہیں ہے

کیوں بوتے ہیں باغبان تونبے ‌ ‌ گر باغ گدائے مے نہیں ہے

ہر چند ہر ایک شے میں تو ہے ‌ ‌ پر تجھ سی کوئی شے نہیں ہے

ہاں کھائیو مت فریبِ ہستی ‌ ‌ ہر چند کہیں کہ ہے نہیں ہے

شادی سے گزر کہ غم نہ ہووے ‌ ‌ اردی جو نہ ہو تو دے نہیں ہے

کیوں ردِ قدح کرے ہے زاہد ‌ ‌ مے ہے یہ مگس کی قے نہیں ہے

ہستی ہے نہ کچھ عدم ہے غالب ‌ ‌ آخر تو کیا ہے اے نہیں ہے

نہ پوچھ نسخۂ مرہم جراحت دل کا
کہ اوس میں ریزۂ الماس جزو اعظم ہے

بہت دنوں میں تغافل نے تیرے پیدا کی
وہ ایک نگہ کہ بظاہر نگاہ سے کم ہے

کرے ہے بادہ ترے لب سے کسب رنگ فروغ
خط پیالہ سراسر نگاہ گلچیں ہے

کبھی تو اس دل شوریدہ کی بھی داد ملے
کہ ایک عمر سے حسرت پرست بالیں ہے

بجا ہے گر نہ سنے نالہ ہای بلبل زار
کہ گوش گل نم شبنم سے پنبہ آگیں ہے

اسد ہے نزع میں چل بیوفا برای خدا
کہ وقت ترک حجاب و وداع تمکیں ہے

کیوں نہ ہو چشم بتاں محو تغافل کیوں نہ ہو
یعنی اس بیمار کو نظارے سے پرہیز ہے

مرتے مرتے دیکھنے کی آرزو رہ جائیگی
وای ناکامی کہ اوس کافر کا خنجر تیز ہے

عارض گل دیکھ روے یار یاد آیا اسد
جوشش فصل بہاری اشتیاق انگیز ہے

ہم رشک کو اپنے بھی گوارا نہیں کرتے
مرتے ہیں ولے اوس کی تمنا نہیں کرتے

در پردہ اونہیں غیر سے ہے ربط نہانی
ظاہر کا یہ پردہ ہے کہ پردہ نہیں کرتے

یہ باعث نومیدی ارباب ہوس ہے
غالب کو برا کہتے ہو اچھا نہیں کرتے

دیکھکر در پردہ گرم دامن افشانی مجھے
کر گئی وابستۂ تن میری عریانی مجھے

بن گیا تیغ نگاہ یار کا سنگ فساں
مرحبا میں کیا مبارک ہے گرانجانی مجھے

کیوں نہ ہو بے التفاتی اوس کی خاطر جمع ہے
جانتا ہے محو پرسشہاے پنہانی مجھے

میری غم خانہ کی قسمت جب رقم ہونے لگی
لکھ دیا منجملۂ اسبابِ ویرانی مجھے

بدگماں ہوتا ہے وہ کافر نہ ہوتا کاش کے
اس قدر ذوقِ نوائے مرغِ بستانی مجھے

وائے واں بھی شورِ محشر نے نہ دم لینے دیا
لے گیا تھا گور میں ذوقِ تن آسانی مجھے

وعدہ آنے کا وفا کیجے یہ کیا انداز ہے
تم نے کیوں سونپی ہے میرے گھر کی دربانی مجھے

ہاں نشاطِ آمدِ فصلِ بہاری واہ واہ
پھر ہوا ہے تازہ سودائے غزل خوانی مجھے

دی مرے بھائی کو حق نے از سرِ نو زندگی
میرزا یوسف ہے غالب یوسفِ ثانی مجھے

یاد ہے شادی میں بھی ہنگامۂ یارب مجھے
سبحۂ زاہد ہوا ہے خندہ زیرِ لب مجھے

ہے کشادِ خاطرِ وابستہ دررہنِ سخن
تھا طلسمِ قفلِ ابجد خانۂ مکتب مجھے

یارب اس آشفتگی کی داد کس سے چاہیے
رشک آسائش پہ ہے زندانیوں کی اب مجھے

طبع ہے مشتاقِ لذت ہائے حسرت کیا کروں
آرزو سے ہے شکستِ آرزو مطلب مجھے

دل لگا کر آپ بھی غالب مجھی سے ہو گئے
عشق سے آتے تھے مانع میرزا صاحب مجھے

کبھی نیکی بھی اس کے جی میں گر آجائے ہے مجھ سے
جفائیں کر کے اپنی یاد شرما جائے ہے مجھ سے

خدایا جذبۂ دل کی مگر تاثیر الٹی ہے
کہ جتنا کھینچتا ہوں اور کھنچتا جائے ہے مجھ سے

وہ بدخو اور میری داستانِ عشق طولانی
عبارت مختصر قاصد بھی گھبرا جائے ہے مجھ سے

ادھر وہ بدگمانی ہے ادھر یہ ناتوانی ہے
نہ پوچھا جائے ہے اس سے نہ بولا جائے ہے مجھ سے

سنبھلنے دے

سینے پہ دل مجھی ای ناتوان ہے کب تاب سے
شگفتہ طرف نظارے کے میں جاں ہے سینہ نہ تکنا
ہوئی ہیں یاد فغان ہے ہنسی بے رنگ بیٹھی زخمی
خوباں میں کہ ہو وہ مدعی کا ہم سوغات
لہو انکا ہے کہ گر تو بزم میں جا دے مجھے
کب شوخ سے مجھ کو دیکھکر آ جائے رحم
موتھ نہ دیکھلاوے نہ دیکھلا ہر ابدا رعتاب
یہاں تلک ہے آنسو رستے وہ خون کی گردش
زبسکہ عشق نمائش جنون ملامت سے
نکلا ہوں کیونکی شہر داغ طعن ہو گئے
بہت ہیچ و تاب ہو کس عاشق مفت تو
وفا مثال و دعوای عشق نہ بنیاد
رونے سے اور عشق میں نے باک ہو گیا
صرف بہای بھی ہو میں الماس ہی گئی
رسوائی وہ ہر گو ہے آوارگی سے ہم

کہ دامان حباب یار جہو راجای ہیچ ہے
وہ دیکھا جائی کب یہ فتنہ دیکھا جائی مجھ سے
یہ ہا کا جائی ہی مجھ سے نہ آجائی ہیچ ہے
وہ کافر جو خدا کو بھی نہ سونپا جائی مجھ سے

ولہ
مرا دل ہے دیکھکر اکون بتلا دی مجھے
وہاں تلک کون کب حیلے سے ہوکا دی مجھے
کہو تکر ہر دا ررا آنکھیں ہی دیکھلادی مجھے
زلف آئی جا دن توٹ نہ منہ اوجھلادی مجھے

ولہ
کس ادا لب مزہ بسمل نے ندامت سے
تجھ کو آئینہ بھی در طرح ملامت سے
نگاہ عجز سر رشتہ سلامت سے
جنون ساختہ و فصل کل قیامت ہے

ولہ
دم ہی گئے ہم اشک کے بس پاک ہو گئے
نہی بہ ہیں وہ حساب کہو وہ پاک ہو گئے
یا رب طبیعتوں کے تو چالاک ہو گئے

کتنا ہی کیوں نہ نالۂ بلبل کو ہو اثر / پردے میں گل کے لاکھ جگر چاک ہو گئے

پوچھے ہے کیا وجود و عدم اہل شوق کا / آپ اپنی آگ کے خس و خاشاک ہو گئے

کرنے گئے تھے اوس سے تغافل کا ہم گلہ / کی ایک ہی نگاہ کہ بس خاک ہو گئے

اس رنگ سے اٹھائی کل اوس نے اسد کی نعش / دشمن بھی جس کو دیکھ کے غمناک ہو گئے

نشہ ہا شاداب رنگ و ساز ہا مست طرب / شیشۂ مے سرو سبز جوئبار نغمہ ہے

ہمنشیں مت کہہ کہ برہم کر نہ بزم عیش دوست / واں تو میرے نالے کو بھی اعتبار نغمہ ہے

عرض ناز شوخی دنداں برائے خندہ ہے / دعوی جمعیت احباب جائے خندہ ہے

کلفت افسردگی کو عیش بیتابی حرام / ورنہ دنداں در دل افشردن بنائے خندہ ہے

ہے عدم میں غنچہ محو عبرت انجام گل / یک جہاں زانو تامل در قفائے خندہ ہے

سوزش باطن کے ہیں احباب منکر ورنہ یاں / دل محیط گریہ و لب آشنائے خندہ ہے

حسن بے پروا خریدار متاع جلوہ ہے / آئینہ زانوے فکر اختراع جلوہ ہے

تا کجا اے آگہی رنگ تماشا باختن / چشم وا گردیدہ آغوش وداع جلوہ ہے

جب تک دہان زخم نہ پیدا کرے کوئی / مشکل کہ تجھ سے راہ سخن وا کرے کوئی

عالم غبار وحشت مجنوں ہے سر بسر / کب تک خیال طرۂ لیلیٰ کرے کوئی

افسردگی نہیں طرب انشائے التفات / ہاں درد بن کے دل میں مگر جا کرے کوئی

رونے سے اے ندیم ملامت نہ کر مجھے
آخر کبھی تو عقدۂ دل وا کرے کوئی

لخت جگر سے ہے رگ ہر خار شاخ گل
تا چند باغبانی صحرا کرے کوئی

چاک جگر سے جب رہ پرسش نہ وا ہوئی
کیا فائدہ کہ جیب کو رسوا کرے کوئی

ناکامی نگاہ ہے برق نظارہ سوز
تو وہ نہیں کہ تجھ کو تماشا کرے کوئی

ہر سنگ و خشت ہے صدف گوہر شکست
نقصاں نہیں جنوں سے جو سودا کرے کوئی

سر بر ہوئی نہ وعدۂ صبر آزما سے عمر
فرصت کہاں کہ تیری تمنا کرے کوئی

ہے وحشت طبیعت ایجاد یاس خیز
یہ درد وہ نہیں کہ نہ پیدا کرے کوئی

بیکاری جنوں کو ہے سر پیٹنے کا شغل
جب ہاتھ ٹوٹ جاویں تو پھر کیا کرے کوئی

حسن فروغ شمع سخن دور ہے
پہلے دل گداختہ پیدا کرے کوئی

باغ پا کر خفقانی یہ ڈراتا ہے مجھے
سایۂ شاخ گل افعی نظر آتا ہے مجھے

جوہر تیغ بسر چشمۂ دیگر معلوم
ہوں میں وہ سبزہ کہ زہر آب اوگاتا ہے مجھے

مدعا محو تماشائے شکست دل ہے
آئنہ خانہ میں کوئی لیے جاتا ہے مجھے

نالہ سرمایۂ یک عالم و عالم کف خاک
آسمان بیضۂ قمری نظر آتا ہے مجھے

زندگی میں تو وہ اوٹھا دیتے تھے محفل سے مجھے
دیکھیں اب مر گئے پر کون اوٹھاتا ہے مجھے

گرہ کجیے ہمہ تن تار جاں کر صدا ہو جائیے
نے تغافل اے شرار جستہ کیا ہو جائیے

ہنگامہ ہائے تنگئ بال و پر ہے گم نفس
از سر نو زندگی ہو اگر رہا ہو جائے

مستی بذوق غفلت ساقی ہلاک ہے
موج شراب یک مژہ خواب ناک ہے

جز زخم تیغ ناز نہیں دل میں آرزو
جیب خیال بھی ترے ہاتھوں سے چاک ہے

جوش جنوں سے کچھ نظر آتا نہیں اسد
صحرا ہماری آنکھ میں یک مشت خاک ہے

ولہ

لب عیسی کی جنبش کرتی ہے گہوارہ جنبانی
قیامت کشتۂ لعل بتاں کا خواب سنگیں ہے

آمد سیلاب طوفان صدائے آب ہے
نقش پا جو کان میں رکھتا ہے انگلی جادہ سے

بزم مے وحشتکدہ ہے کس کی چشم مست کا
شیشے میں نبض پری پنہاں ہے موج بادہ سے

ولہ

جس جا نسیم شانہ کش زلف یار ہے
نافہ دماغ آہوئے دشت تتار ہے

کس کا سراغ جلوہ ہے حیرت کو اے خدا
آئینہ فرش شش جہت انتظار ہے

ہے ذرہ ذرہ تنگئ جا سے غبار شوق
گر دام یہ ہے وسعت صحرا شکار ہے

دل مدعی و دیدہ بنا مدعا علیہ
نظارہ کا مقدمہ پھر روبکار ہے

چھڑکے ہے شبنم آئینۂ برگ گل پہ آب
اے عندلیب وقت وداع بہار ہے

بچ آپڑی ہے وعدۂ دلدار کی مجھے
وہ آوے یا نہ آوے پہ یاں انتظار ہے

بے پردہ سوئے وادئ مجنوں گذر نہ کر
ہر ذرے کے نقاب میں دل بے قرار ہے

اے عندلیب یک کف خس بہر آشیاں
طوفان آمد آمد فصل بہار ہے

دل مت گنوا خبر نہ سہی سیر ہی سہی — اے بے دماغ آئینہ تمثال دار ہے

غفلت کفیلِ عمر و اسد ضامنِ نشاط — اے مرگِ ناگہاں تجھے کیا انتظار ہے

ہمیں بس ہے تماشائے نیرنگِ تمنا — مطلب نہیں کچھ اس سے کہ مطلب ہی بر آوے

خموشیوں میں تماشا ادا نکلتی ہے — نگاہ دل سے تری سرمہ سا نکلتی ہے

فشارِ تنگیٔ خلوت سے بنتی ہے شبنم — صبا جو غنچے کے پردے میں جا نکلتی ہے

نہ پوچھ سینۂ عاشق سے آبِ تیغِ نگاہ — کہ زخمِ روزنِ در سے ہوا نکلتی ہے

ہجومِ نالہ حیرت عاجزِ عرضِ یک افغاں ہے — خموشی ریشۂ صد نیستاں سے خس بدنداں ہے

تکلف برطرف ہے جانستاں تر لطفِ بدخویاں — نگاہِ بے حجابِ ناز تیغِ تیزِ عریاں ہے

ہوئی یہ کثرتِ غم سے تلف کیفیتِ شادی — کہ صبحِ عید مجھ کو بدتر از چاکِ گریباں ہے

دل و دیں نقد لا ساقی سے گر سودا کیا چاہے — کہ اس بازار میں ساغر متاعِ دستگرداں ہے

غم آغوشِ بلا میں پرورش دیتا ہے عاشق کو — چراغِ روشن اپنا قلزمِ صرصر کا مرجاں ہے

آئینہ کیوں نہ دوں کہ تماشا کہیں جسے — ایسا کہاں سے لاؤں کہ تجھ سا کہیں جسے

حسرت نے لا رکھا تری بزمِ خیال میں — گلدستۂ نگاہ سویدا کہیں جسے

پھونکا ہے کس نے گوشِ محبت میں اے خدا — افسونِ انتظار تمنا کہیں جسے

سر پر ہجومِ دردِ غریبی سے ڈالیے — وہ ایک مشتِ خاک کہ صحرا کہیں جسے

ہے چشمِ تر میں حسرتِ دیدار سے نہاں
شوقِ عناں گسیختہ دریا کہیں جسے

درکار ہے شگفتنِ گلہائے عیش کو
صبحِ بہار پنبۂ مینا کہیں جسے

غالب برا نہ مان جو واعظ برا کہے
ایسا بھی کوئی ہے کہ سب اچھا کہیں جسے

ولہ

شبنم بہ گلِ لالہ نہ خالی ز ادا ہے
داغِ دلِ بیدرد نظرگاہِ حیا ہے

دل خوں شدۂ کشمکشِ حسرتِ دیدار
آئینہ بدستِ بتِ بدمستِ حنا ہے

شعلے سے نہ ہوتی ہوسِ شعلہ نے جو کی
جی کس قدر افسردگیِ دل پہ جلا ہے

تمثال میں تیری ہے وہ شوخی کہ بصد ذوق
آئینہ بہ انداز گل آغوش کشا ہے

قمری کفِ خاکستر و بلبل قفسِ رنگ
اے نالہ نشانِ جگرِ سوختہ کیا ہے

خو نے تری افسردہ کیا وحشتِ دل کو
معشوقی و بے حوصلگی طرفہ بلا ہے

مجبوری و دعوائے گرفتاریِ الفت
دستِ تہِ سنگ آمدہ پیمانِ وفا ہے

معلوم ہوا حالِ شہیدانِ گزشتہ
تیغِ ستم آئینۂ تصویر نما ہے

اے پرتوِ خورشیدِ جہاں تاب ادھر بھی
سائے کی طرح ہم پہ عجب وقت پڑا ہے

ناکردہ گناہوں کی بھی حسرت کی ملے داد
یارب اگر ان کردہ گناہوں کی سزا ہے

بیگانگیِ خلق سے بیدل نہ ہو غالب
کوئی نہیں تیرا تو مری جان خدا ہے

مدت ہوئی ہے یار کو مہماں کیے ہوئے
جوشِ قدح سے بزم چراغاں کیے ہوئے

کرتا ہوں جمع پھر جگرِ لخت لخت کو — عرصہ ہوا ہے دعوتِ مژگاں کیے ہوئے
پھر وضعِ احتیاط سے رکنے لگا ہے دم — برسوں ہوئے ہیں چاک گریباں کیے ہوئے
پھر گرمِ نالہ ہائے شرربار ہے نفس — مدت ہوئی ہے سیرِ چراغاں کیے ہوئے
پھر پرسشِ جراحتِ دل کو چلا ہے عشق — سامانِ صد ہزار نمکداں کیے ہوئے
پھر بھر رہا ہوں خامۂ مژگاں بخونِ دل — سازِ چمن طرازیِ داماں کیے ہوئے
باہم دگر ہوئے ہیں دل و دیدہ پھر رقیب — نظارہ و خیال کا ساماں کیے ہوئے
دل پھر طوافِ کوئے ملامت کو جائے ہے — پندار کا صنم کدہ ویراں کیے ہوئے
پھر شوق کر رہا ہے خریدار کی طلب — عرضِ متاعِ عقل و دل و جاں کیے ہوئے
دوڑے ہے پھر ہر ایک گل و لالہ پر خیال — صد گلستاں نگاہ کا ساماں کیے ہوئے
پھر چاہتا ہوں نامۂ دلدار کھولنا — جاں نذرِ دلفریبیِ عنواں کیے ہوئے
مانگے ہے پھر کسی کو لبِ بام پر ہوس — زلفِ سیاہ رخ پہ پریشاں کیے ہوئے
چاہے ہے پھر کسی کو مقابل میں آرزو — سرمے سے تیز دشنۂ مژگاں کیے ہوئے
اک نوبہارِ ناز کو تاکے ہے پھر نگاہ — چہرہ فروغِ مے سے گلستاں کیے ہوئے
جی ڈھونڈتا ہے پھر وہی فرصت کہ رات دن — بیٹھے رہیں تصورِ جاناں کیے ہوئے
پھر جی میں ہے کہ در پہ کسی کے پڑے رہیں — سر زیرِ بارِ منتِ درباں کیے ہوئے

مست ہیں ... جب کہ ہر موجِ نفس اشک ... ... ہیں ہم ... طوفاں کرتے ہیں

قصیدہ در منقبت مرتضی علیہ السلام

ساز یک ذرہ نہیں فیضِ چمن سے بیکار ... سایۂ لالۂ بے داغ سویدائے بہار

مستیِ بادِ صبا سے ہے بہ عرضِ سبزہ ... ریزۂ شیشۂ مے جوہرِ تیغِ کہسار

سبز ہے جامِ زمرد کی طرح داغِ پلنگ ... تازہ ہے ریشۂ نارنج صفت روئے شرار

مستیِ ابر سے گلچینِ طرب ہے حسرت ... کہ اس آغوش میں ممکن ہے دو عالم کا فشار

کوہ و صحرا ہمہ معمورئ شوقِ بلبل ... راہِ خوابیدہ ہوئی خندۂ گل سے بیدار

سونپے ہے فیضِ ہوا صورتِ مژگانِ یتیم ... سرنوشتِ دو جہاں ابر بہ یک سطرِ غبار

کاٹ کر پھینکیے ناخن تو بہ اندازِ ہلال ... قوتِ نامیہ اس کو بھی نہ چھوڑے بیکار

کفِ ہر خاک بہ گردوں شدہ قمری پرواز ... دامِ ہر کاغذِ آتش زدہ طاؤس شکار

میکدے میں ہو اگر آرزوئے گل چینی ... بھول جا یک قدحِ بادہ بہ طاقِ گلزار

موجِ گل ڈھونڈھ بہ خلوتکدۂ غنچۂ باغ ... گم کرے گوشۂ میخانہ میں گر تو دستار

کھینچے گر مانیِ اندیشہ چمن کی تصویر ... سبز مثلِ خطِ رخسار ہو خطِ پرکار

لعل سے کی ہے پئے زمزمۂ مدحتِ شاہ ... طوطیِ سبزۂ کہسار نے پیدا منقار

وادیِ [illegible] جس کی [illegible] ... وہ ہے [illegible] بالِ پری سے ہزار

خاکِ صحرائے نجف

خاک صحرائے نجف جوہر سیر عرفان
چشم نقش قدم آئینۂ بخت بیدار

ذرہ اس گرد کا خورشید کو آئینۂ ناز
گرد اس دشت کی امید کو احرام بہار

آفرینش کو ہے واں سے طلب مستی ناز
عرض خمیازۂ ایجاد ہے ہر موج غبار

فیض سے تیرے ہے اے شمع شبستان بہار
دل پروانہ چراغاں پر بلبل گلزار

شکل طاؤس کرے آئینہ خانہ پرواز
ذوق میں جلوے کے تیرے بہوائے دیدار

تیری اولاد کے غم سے ہے بروئے گردوں
سلک اختر میں مہ نو مژۂ گوہر بار

ہم عبادت کو ترا نقش قدم مہر نماز
ہم ریاضت کو ترے حوصلے سے استظہار

مدح میں تیری نہاں زمزمۂ نعت نبی
جام سے تیرے عیاں بادۂ جوش اسرار

جوہر دست دعا آئینہ یعنی تاثیر
یک طرف نازش مژگان و دگر سو غم خار

مردمک سے ہو عزا خانۂ یک شہر نگاہ
خاک در کی ترے جو چشم نہ ہو آئینہ دار

دشمن آل نبی کو بطرب خانۂ دہر
عرض خمیازۂ سیلاب ہو طاق دیوار

دیدہ تا دل اسد آئینۂ یک پرتو شوق
فیض معنی سے رقم تا کف راقم سرشار

منقبت

دہر جز جلوۂ یکتائی معشوق نہیں
ہم کہاں ہوتے اگر حسن نہ ہوتا خودبیں

بے دلی ہائے تماشا کہ نہ عبرت ہے نہ ذوق
بے کسی ہائے تمنا کہ نہ دنیا ہے نہ دیں

ذره هیچی همه پرورم هستی و عدم — لوحی ابنه فرق جنون و تمکین
نشست شکوی وفا یار بدست تسلیم — صورت نقش قدم خاک نغزی تمکین
لاف دانش غلط و نفع عبادت معلوم — در رکب ساغر غفلت همه چه دنیا و چه تکان
نقش معنی همه خمیازه عرض صورت — سخن حق همه بیجانه ذوق تحسین
عشق بیرنگ شیرازه اجزای حواس — وصف زنگار رخ روشن مرات یقین
کوهی آرسته مرزو در رقب گاه رقیب — ببستون آمده خواب گران شیرین
کسی ویکتا نفس اهل وفا آتش خیز — کشتی با انزیانه دلهای حزین
ساغر رمز اهل جهان منتسم کیند — نه سر و برگ ستایش نه دماغ نفرین
کسفد بزر سه اهمنی که عبادت باید — تکفم خاتم آداب وفا رو تمکین
نقش لاحول لکه این خامه مژگان تحریر — تا جلی عرض آرای فطرت وسواس قرین
مظهر فیض خدا جان و دل خم رسالت — قبله آل نبی کعبه ایجاد یقین
موج سرمایه ایجاد جهان گرم حرام — جو کف خاک ناموس دو عالم که امین
جلوه پرداز نقش قلم از کف حسن جمال — هر کف خاک منتسبه او آن گرده قصر زمین
نسبت نام کس او کی برتبه رشته که رشحه — ابداً پشت فلک خم شده تا زمین
فیض خلق از کفایت که نوای — بوی گلگشت نفس باد صبا شعله گلچین

الی آخره

برش میں تیغ گا اوسکی ہی جوہر نامی جو جا :
کفر سوز اوسکا ہے جلوہ ہی کہ جس سوں ٹوٹیا
جائی تنہا ہا دل و جان فیض رسا ناشا ہا
جسم اطہر کو ہنر ہی دو شہر ہیچ گر منبر
کس سیں ممکن ہے ہنر ہی مدح بغیر از واجب
آستانہ پر ہنر ہی جیسے جوہر آئینہ سنگ
ہنر ہے درکے لئے اسباب نثار آمادہ
ہنر ہے مدحت کے لیے ہیں دل و جان کام زبان
کس سے ہو سکتی ہے مداحی ممدوح خدا
جنسم بازار محاسب اوسکا سر
شوخ عرض مطالب میں جیسے گستاخ مطلب
دی دعا کو مری ہے مرتبہ حسن قبول
نم شبنم سے ہو سبزہ بہاں تک سرسبز
طبع کو الف و لدل میں یہ ساگر آئی شوق
دل الف سب و بستہ تو جبد فن

قطع ہو جاتی ہے سر رشتہ ایجاد کہیں
رنگ عاشق کی بنے رونق بتخانہ چین
وصی ختم رسل تو ہی ہے بغوا ای یقین
نام نامی کو ہنر ہی ناصیہ عرش نگین
شعلہ شمع نگر شمع بہ بابند ہی آمرنا
رقم بند کرے حضرت جبرئیل امین
خاک کو تکو جو خدا نے دی جان دوا دین
ہنر ہے تسلیم کو ہیں لوح و قلم دست و جبین
کس سے ہو سکتی ہے آرائش فردوس برین
کہ رکوا ہنر ہے کو ہی اوسکا خریدار نہیں
جیسے ہنر ہے جو چند فلک بار رسکہ یقین
کہ اجابت کی ہر حرف پہ ہو بار آمین
کہ رہیں خون جگر سے مری آنکھیں رنگین
کہ جہاں تک چلی اوس سے قدم اور جبین
نگہ جلوہ پرست و نفس ہمدم گزین

صرفِ اعدا اثرِ شعلۂ دودِ دوزخ ۔۔۔ وقفِ احباب گل و سنبلِ فردوسِ بریں

مثنوی

قطعہ در تقاضائے بس عنوانِ وداد و مہر بہ تکلف داشتن و اندوہ نشستن بر دلِ دلدادہ

گئی وہ دن کہ نادانستہ غیروں کی وفاداری ۔۔۔ کیا کرتے تھے تم تقریر ہم خاموش رہتے تھے

بس اب بگڑے پہ کیا شرمندگی جانے دو مل جاؤ ۔۔۔ قسم لو ہم سے گر یہ بھی کہیں کیوں ہم نہ کہتے تھے

بیاد دوست ہائے پس عطائے سخن راندن و مقطع گزارش در برابر آں آئینہ نشانہ

ہے جو صاحب کے کفِ دست پہ یہ چکنی ڈلی ۔۔۔ زیب دیتا ہے اسے جس قدر اچھا کہیے

خامہ انگشت بدنداں کہ اسے کیا لکھیے ۔۔۔ ناطقہ سر بہ گریباں کہ اسے کیا کہیے

مہرِ مکتوبِ عزیزانِ گرامی لکھیے ۔۔۔ حرزِ بازوئے شگرفانِ خود آرا کہیے

مسی آلودہ سرِ انگشتِ حسیناں لکھیے ۔۔۔ داغِ طرفِ جگرِ عاشقِ شیدا کہیے

خاتمِ دستِ سلیماں کے مشابہ لکھیے ۔۔۔ سرِ پستانِ پری زاد سے مانا کہیے

اخترِ سوختۂ قیس سے نسبت دیجے ۔۔۔ خالِ مشکینِ رخِ دلکشِ لیلیٰ کہیے

حجر الاسودِ دیوارِ حرم کیجے فرض ۔۔۔ نافۂ آہوئے بیابانِ ختن کا کہیے

وضع میں اس کو اگر سمجھیے قافِ تریاق ۔۔۔ رنگ میں سبزۂ نوخیزِ مسیحا کہیے

صومعے میں اسے ٹھہرائیے گر مہرِ نماز ۔۔۔ میکدے میں اسے خشتِ خُمِ صہبا کہیے

کیوں اسے قفل درِ گنج محبت لکھیے ــــ کیوں اسے نقطۂ پرکار تمنا کہیے
کیوں اسے گوہرِ نایاب تصور کیجے ــــ کیوں اسے مردمک دیدۂ عنقا کہیے
کیوں اسے تکمۂ پیراہن لیلیٰ لکھیے ــــ کیوں اسے پے ناقۂ سلمیٰ کہیے
بندہ پرور کے کفِ دست کو دل کیجے فرض ــــ اور اس چھلے سیاہی کو سویدا کہیے

رباعیات

بعد از اتمام بزم عید اطفال ــــ ایام جوانی رہے ساغر کش حال
آ پہنچے ہیں تا سواد اقلیم عدم ــــ اے عمر گذشتہ یک قدم استقبال

رباعی

شب زلف و رخ عرق فشاں کا غم تھا ــــ کیا شرح کروں کہ طرفہ تر عالم تھا
رویا میں ہزار آنکھ سے صبح تلک ــــ ہر قطرۂ اشک دیدۂ پرنم تھا

رباعی

آتش بازی ہے جیسے شغل اطفال ــــ ہے سوز جگر کا بھی کچھ اب ایسا حال
تھا موجد عشق بھی قیامت کوئی ــــ لڑکوں کے لیے گیا ہے کیا کھیل نکال

رباعی

دل تھا کہ جو جان درد تمہید سہی ــــ بیتابی رشک و حسرت دید سہی

صرفِ اعدا اثرِ شعلۂ دودِ دوزخ — وقفِ احباب گل و سنبلِ فردوسِ بریں

تمت

قطعہ در شکایت [illegible] وا رستن کردن از اندوہ پشیمانی [illegible]

گئی وہ دن کہ نادانستہ غیروں کی وفاداری — کیا کرتے تھے تم تقریر ہم خاموش رہتے تھے
بس اب بگڑے پہ کیا شرمندگی جانے دو مل جاؤ — قسم لو ہم سے گر یہ بھی کہیں کیوں ہم نہ کہتے تھے

[illegible] چکنی ڈلی [illegible]

ہے جو صاحب کے کفِ دست پہ یہ چکنی ڈلی — زیب دیتا ہے اسے جسقدر اچھا کہیے
خامہ انگشت بدنداں کہ اسے کیا لکھیے — ناطقہ سر بگریباں کہ اسے کیا کہیے
مہرِ مکتوبِ عزیزانِ گرامی لکھیے — حرزِ بازوے شگرفانِ خود آرا کہیے
مسی آلود سر انگشتِ حسیناں لکھیے — داغِ طرفِ جگرِ عاشقِ شیدا کہیے
خاتمِ دستِ سلیماں کے مشابہ لکھیے — سرِ پستانِ پریزاد سے مانا کہیے
اخترِ سوختۂ قیس سے نسبت دیجے — خالِ مشکینِ رخِ دلکشِ لیلیٰ کہیے
حجر الاسودِ دیوارِ حرم کیجے فرض — نافۂ آہوے بیابانِ ختن کا کہیے
وضع میں اوسکو اگر سمجھیے قافِ تریاق — رنگ میں سبزۂ نوخیزِ مسیحا کہیے
صومعے میں اسے ٹھہرائیے گر مہرِ نماز — میکدے میں اسے خشتِ خمِ صہبا کہیے

کیوں

کیوں اسی فصل در گنج محبت لکھیے · کہیے اسے نقطۂ ہر کار تمنا کہیے
کیوں اسی گوہر نایاب تصور کیجیے · کہیے اسے مردمک دیدۂ عنقا کہیے
کیوں اسی تکمۂ پیراہن لیلیٰ کہیے · کہیے اسے ... لے ناقۂ سلمیٰ کہیے
بندہ پرور کے کف دست کو دل کیجیے فرض · اور اس چکنی سپاری کو سویدا کہیے

رباعیات

بعد از اتمام بزم عید اطفال · ایام جوانی رہے ساغر کش حال
آپہنچے ہیں تا سواد اقلیم عدم · اے عمر گذشتہ یک قدم استقبال

رباعی

شب زلف و رخ عرق فشاں کا غم تھا · کیا شرح کروں کہ طرفہ تر عالم تھا
رویا میں ہزار آنکھ سے صبح تلک · ہر قطرۂ اشک دیدۂ پرنم تھا

رباعی

آتش بازی ہے جیسے شغل اطفال · ہے سوز جگر کا بھی اسی طور کا حال
تھا موجد عشق بھی قیامت کوئی · لڑکوں کے لیے گیا ہے کیا کھیل نکال

رباعی

دل تھا کہ جو جان درد تمہید سہی · بیتابی رشک و حسرت دید سہی

ہم اور وہ ذوق آپ سمجھیں افسوس
تکرار روا نہیں تو تجدید سہی

ہے خلق حسد قماش لڑنے کے لیے
وحشت کدۂ تلاش لڑنے کے لیے
یعنی ہر بار کاغذ باد کیطرح
ملتے ہیں یہ بد قماش لڑنے کے لیے

دکھ جی کے پسند ہو گیا ہے غالب
دل رک رک کر بند ہو گیا ہے غالب
واللہ کہ شب کو نیند آتی ہی نہیں
سونا سوگند ہو گیا ہے غالب

مشکل ہے زبس کلام میرا اے دل
سن سن کے اسے سخنوران کامل
آسان کہنے کی کرتے ہیں فرمائش
گویم مشکل وگرنہ گویم مشکل

ہیں شہ میں صفات ذوالجلالی باہم
آثار جلالی و جمالی باہم
ہوں شاد نہ کیوں سافل و عالی باہم
ہے اب کے شب قدر و دوالی باہم

سہو نشد

صبح ہے جو مہد آئے جمجاہ زوال
ہے فضل و عنایت شہنشاہ پہ دال
تیشہ پسند دال پہ بخت و جدال
ہے دانش و داد و دولت و دین پہ دال

دیوانِ مصحفی (نسخۂ رامپور)

کا

تقابلی مطالعہ

مرتبۂ و منتخبۂ

امیر لکھنوی و امیر مینائی

(م- ۱۲۹۹ھ) (م-۱۳۱۸ھ)

تخریج

محمد بدرالدین

حرفِ چند

مدت ہوئی (معارف اگست ۱۹۲۷ء) عبدالسلام خاں صاحب نے ایک مختصر سا تقابلی مطالعہ ذخیرۂ رامپور (دواوین مصحفی کے خدابخش لائبریری میں محفوظ قلمی نسخے) اور رامپور سے طبع شدہ انتخاب مصحفی کو سامنے رکھ کر کیا تھا۔ اسکو دیکھ کر خیال ہوا کہ اس کام کو اور آگے بڑھایا جاسکتا ہے۔ مقالہ کا یہ کام خدابخش فیلو جناب محمد بدر الدین کے سپرد کیا گیا جنھوں نے اس کام کو بڑی محنت سے انجام دیا۔

مصحفی کے ۸/۹ دواوین خدابخش لائبریری میں محفوظ ہیں، چند دیوان لاہور سے طبع بھی ہو چکے ہیں اور دو دہلی سے بھی قلمی اور مطبوعہ دواوین کو ایک طرف ــــــ اور انتخاب مصحفی طبع رامپور (امیر مینائی و اسیر لکھنوی) کو دوسری طرف رکھ کر جو تقابلی مطالعہ کیا گیا، اس کے بڑے دلچسپ نتائج نکلے۔ یہ نتائج پیش خدمت ہیں۔

ــــ ع ر ب

جناب محمد بدر الدین
ریسرچ فیلو
خدابخش لائبریری پٹنہ

مصحفی نسخۂ رامپور

تقابلی مطالعہ کے حیرت انگیز نتائج

مصحفی کے کلام کا انتخاب اولاً ان کے شاگرد اسیر لکھنوی (م ۱۲۹۹ھ) نے اپنے شاگرد امیر مینائی (م ۱۳۱۸ھ) کے اشتراک سے مفصلاً مرتب کیا جو رامپور اور حال ہی میں خدابخش سے طبع ہوا۔ اس کے بعد حسرت موہانی اور شرقی لکھنوی نے مختصراً چھاپا۔ اس کے بعد گاہے گاہے کچھ مضامین اور انتخاب کلام رسائل میں چھپتے رہے۔

برسوں بعد تفہیم مصحفی کی ایک مستقل بنیاد نیاز فتحپوری نے افسر امروہوی کی تحریک پر نگار کا مصحفی نمبر شائع کر کے رکھی۔ اب اس کے بعد سے مصحفی پر بہت کچھ لکھا جانے لگا۔

بزرگوں میں بابائے اردو اور قاضی عبدالودود ایسے لوگ تھے جنھوں نے مصحفی پر زیادہ توجہ دی۔ اول الذکر نثری کارناموں کو منظر عام پر لانے میں خصوصی دلچسپی لی گو شعری کارناموں کو منظر عام پر لائے جانے کے خواہاں رہے، مگر قاضی عبدالودود نے تو مصحفی کے ہر ہر گوشے کو بالکل واضح کر دیا۔

اتنا کچھ ہونے کے باوجود کلام مصحفی ہنوز مکمل صورت میں طبع نہیں ہوا۔ اب تک جو مطبوعات کلیات مصحفی کے سامنے آئے ہیں ان کی تفصیل یہ ہے:

کلیات مصحفی دیوان اول ۱۹۶۶ء، دوم ۱۹۶۷ء دہلی سے اور کلیات مصحفی اول، دوم، سوم، چہارم، پنجم ۱۹۶۸ء سے ۱۹۸۴ء کے درمیان لاہور سے شائع ہوئے۔ ششم، ہفتم کا کوئی پتہ نہیں۔ ہشتم خدابخش کا خطی نسخہ منحصر بفرد ہونے کی وجہ سے ڈاکٹر عابد رضا بیدار ڈائرکٹر خدابخش لائبریری کی کوشش سے عکسی مطبوع ہوا۔ مستقبل قریب میں اس کا محققہ نستعلیق ایڈیشن بھی سامنے آنے کو ہے۔ نہم = دیوان قصائد جو الگ سے ایک جلد میں ہے ابھی تک غیر مطبوعہ ہے۔ اس طرح مصحفی کے کلیات کی مطبوعہ جلدیں اول، دوم، سوم، چہارم، پنجم اور ہشتم ہوئیں اور غیر مطبوعہ جلدیں ششم، ہفتم اور نہم = دیوان قصائد۔

مصحفی کے کلام کا انتخاب جو اسیر و امیر کی کوششوں سے تاج المطابع رامپور / حال طبع خدابخش، منظر عام پر آیا ہے اس میں شاگردوں کے تصرفات در آئے۔ اس جانب سب سے پہلے عبدالسلام خاں صاحب نے توجہ مبذول کرائی اور ایسے ۵۶ اشعار کی نشاندہی کی جس میں شاگردوں نے معنوی / لفظی / لسانی / لغوی اصلاحیں کیں۔ انھوں نے کلیات مصحفی جلد دوم مملوکہ رضا لائبریری رامپور سے ان اصلاحوں کو ثابت بھی کر دیا۔ کیا یہ اصلاحیں جلد دوم

تک محدود ہیں یا اس سے آگے کی جلدوں میں بھی پائی جاتی ہیں۔ اس کا ایک تفصیلی تقابلی مطالعہ کیا گیا ہے۔ اس مطالعہ کے دوران مندرجہ ذیل حقائق سامنے آئے:

● دستیاب بھی نسخے (مخطوط و مطبوعہ) منتخبۂ اسیر و امیر سے کم درجہ رکھتے ہیں۔ کیوں کہ اس میں غزلوں اور اشعار کی مقدار زیادہ ہے جو کسی دستیاب نسخے میں نہیں پائے جاتے۔ نسخوں کی تفصیل کے متعلق عرض ہے کہ اس سلسلے میں خدا بخش کے بھی کلیات مصحفی کے نسخے جن سے زیادہ مکمل اور صحیح نسخے کہیں اور پائے نہیں جاتے، پیش نظر رہے۔ دیگر نسخوں کے لیے دیوان مصحفی جلد ۱-۲ مطبوعہ مجلس اشاعت ادب دہلی ۱۹۶۶ء اور کلیات مصحفی جلد ۱تا۵ مرتبہ مجلس ترقی ادب لاہور کی تفصیلات پر اعتماد کر لیا گیا ہے۔

● دیوان مصحفی منتخبۂ اسیر و امیر طبع رامپور / حال طبع خدا بخش کو جن چار نسخوں کا انتخاب اب تک کہا گیا ہے یہ درست نہیں۔ بلکہ حقیقت یہ ہے کہ یہ انتخاب ساتویں جلد سے بھی ہے اور اصلاح و اختلاف کی نوعیتیں بھی بالکل جلد ۱-۴ کی طرح ہیں۔ چنانچہ تقابلی مطالعہ میں اسے دیکھا جا سکتا ہے۔

● جن دواوین کو سامنے رکھ کر اسیر و امیر نے انتخاب تیار کیا ہوگا درحقیقت وہ تمام نسخے کہیں نہیں پائے جاتے۔ کیوں کہ کلام کی زیادتی اور اس سے بڑھ کر اشعار کی زیادتی اس طرف اشارہ کرتی ہے کہ انتخاب کے وقت جو دواوین سامنے رکھے گئے ہونگے وہ یقیناً دوسرے رہے ہوں گے۔

عبد السلام خاں صاحب نے کلیات مصحفی جلد دوم مملوکہ رضا لائبریری رامپور کو اسیر و امیر کا مصححہ نسخہ قرار دے دیا ہے۔ اس میں شبہ یہ ہے کہ ہو سکتا ہے ان تصحیحات کو کسی صاحب ذوق نے بعد کو مطبوعہ نسخہ سے نقل کر دیا ہو۔ اس شبہ کو مزید تقویت اس بات سے ملتی ہے کہ بقول عبد السلام خاں صاحب یہ اصلاحیں بعد کی ہیں اور جدید قلم سے ہیں۔

کلیات مصحفی جلد چہارم مطبوعہ لاہور کے دیباچہ میں ڈاکٹر نور الحسن نقوی نے کلیات مصحفی جلد چہارم مخطوطہ مملوکہ سنٹرل اسٹیٹ آصفیہ لائبریری حیدر آباد کے جس نسخہ کو غیر اہم بتایا ہے ممکن ہے کہ یہ فی الحقیقت مصححۂ اسیر و امیر ہو۔ اس کی دو علتیں ہیں (۱) حیدر آبادی نسخہ میں پانچ غزلیں زائد ہیں اور ان غزلوں کے انتخاب بھی منتخبۂ اسیر و امیر میں شامل ہیں جن میں ایک بھی اختلاف نہیں۔ (۲) نقوی صاحب نے جلد چہارم میں جہاں جہاں حیدر آبادی نسخہ کا اختلاف نقل کیا ہے وہ تمام اشعار حرفوں / جملوں کو شامل کرنے پر منتخبۂ اسیر و امیر کے بالکل مطابق ہیں۔ چنانچہ تقابلی مطالعہ میں بھی اسے صحیح مان لیا گیا ہے اور اسے اختلاف کے تحت نقل نہیں کیا گیا ہے۔

● دیوان مصحفی منتخبۂ اسیر و امیر طبع رامپور / حال طبع خدا بخش میں ۲۳ غزلیں تمام و کمال زائد ہیں جو

سبھی دستیاب نسخوں (مخطوطہ و مطبوعہ) سے غائب ہیں پہلے یہ تعداد ۴۸ تھی مگر حیدرآبادی نسخہ کے زوائد کو شامل کرنے کے بعد گھٹ کر ۳۲ رہ گئی۔ ان غزلوں کے اشعار کی تعداد گو کہ ۸۴ ہے مگر مصحفی کی غزلیات کا اوسط نکالنے سے اندازہ ہوا کہ انکی تعداد ڈھائی سو سے زیادہ ہو سکتی ہے۔ چونکہ یہ دستیاب ہی نہیں لہٰذا صحیح تعداد متعین نہیں کی جا سکتی۔

انتخاب قدیم (طبع رامپور / حال طبع خدابخش) میں پائی جانے والی جو غزلیں 'تمام و کمال' کلیات مصحفی (طبع لاہور) اور مخطوطات خدابخش، سے غائب ہیں وہ ذیل میں 'انتخاب (طبع خدابخش) کے صفحہ/سطر کے حوالے کے ساتھ درج کی جا رہی ہیں:

ادھر نہ دیکھا ؛ اثر نہ دیکھا ۱/۱۴۔ تماشا نہ دیکھنا ؛ جانا نہ دیکھنا ۱۰/۲۲۔ پار ہو گیا ؛ انگار ہو گیا ۷/۲۳۔ خیال تھا کیا تھا ؛ بحال تھا کیا تھا ۱۳/۲۴۔ بازار لے گیا ؛ گرفتار لے گیا ۸/۲۹۔ دکھا دیا ؛ اٹھا دیا ۹/۳۰۔ نقش پا کا میرے کیوں بوسہ لیا ۳/۳۴۔ خدا کا ؛ حنا کا ۶/۳۵۔ لے گیا ہوگا ؛ رہ گیا ہوگا ۷/۳۵۔ والا ؛ تعالیٰ ۳/۴۵۔ آتا نہ کیا ۵/۵۹۔ مسلماں سے کیا کیا ؛ گریباں سے کیا کیا ۹/۶۰۔ دکھا جا ؛ سنا جا ۸/۶۱۔ پیار جیا ۲/۶۳۔ دربند اپر بند ۱۰/۸۰۔ کیا لباس ؛ ملگجا لباس ۷/۱۰۲۔ لگائے افسوس ۱۰/۱۰۲۔ خط ؛ غلط ۵/۱۰۵۔ آرسی محفوظ ۹/۱۰۵۔ جاں وقت وداع ۸/۱۰۶۔ پریشانی زلف ؛ دیوانی زلف ۱۲/۱۱۲۔ کرے شست و شوئے چشم ۱۰/۱۲۱۔ جہاں میں کچھ ہیں ؛ گماں میں کچھ ہیں ۷/۱۴۲۔ جفا ہم بھی ہیں ؛ فدا ہم بھی ہیں ۴/۱۵۳۔ ایجاد میں ؛ فریاد میں ۱۱/۱۶۰۔ پیرہن میں آستیں ؛ کفن میں آستیں ۱/۱۶۵۔ جہیم ہوں ؛ کلیم ہوں ۱/۱۷۴۔ کرنے کو ؛ سفر کرنے کو ۳/۱۸۲۔ پلٹے ؛ چڑھائے ۱۱/۲۲۴۔ جو دل کی چوٹ ہے ۱۰/۲۵۲۔ پیچھے کارواں کے ۵/۲۷۱۔ یاد کیا جائے ؛ آباد کیا جائے ۲/۲۷۹۔ یار اٹھتا ہے ؛ بے اختیار اٹھتا ہے ۴/۲۸۷۔

یہاں یہ بات بھی قابلِ ذکر ہے کہ دیوانِ مصحفی جلد ۱ مطبوعہ مجلس ادب دہلی (۱۹۶۶ء) میں بھی پانچ اشعار پر مشتمل ایک غزل زائد ہے جس کا نمبر ۴۰۲ اور قوافی و ردیف "بسمل کدھر چلا ؛ قاتل کدھر چلا" ہے۔ یہ غزل ہمیں اب تک کسی نسخے میں نہیں مل سکی اور نہ ہی اس کا کوئی شعر منتخبہ اسیر و امیر میں شامل ہے۔

● دیوانِ مصحفی منتخبہ اسیر و امیر طبع رامپور / حال طبع خدابخش کی مختلف غزلوں میں ۳۴ اشعار زائد ہیں جو طبع لاہور اور مخطوطات خدابخش میں کہیں نہیں ملے۔ یہ اشعار ذیل میں طبع خدابخش کے صفحات کے حوالوں کے ساتھ درج کیے جا رہے ہیں، ساتھ ہی یہ بھی اطلاع دی جا رہی ہے کہ کس غزل میں سے کتنے اشعار دوسری جگہوں پر غائب ہیں۔ جیسے صفحہ ۱/سطر، (آٹھ میں ایک)، یعنی انتخاب صفحہ ۱ پر ہم نے جن اشعار کے اشارے نقل کیے ہیں دراصل پوری میں آٹھ شعر ہیں اس میں سے ایک شعر کسی دوسری جگہ نہیں ملتا۔

تصویر پری کا صفحہ ۱/سطر، (آٹھ میں ایک)۔ حساب کچھ نہ نکلا ؛ خواب کچھ نہ نکلا ۲/۴ (پانچ میں ایک)۔ سنبھل

،،/،،	اس کو کیا جانے وہاں کس بت سے صحبت ہوگئی	اس کو واں کیا جانئے کس سے محبت ہوگئی	،،/،،
۱۱/،،	ہم کو کیا تھا اور بھلا پیار کس لئے	تم کو کیا تھا اور بھلا یار کس لئے	،،/،،
۱۲/،،	وہ جس دم ہاتھ اپنے قبضہ.....	وہ جس دم ہاتھ اپنا قبضہ.....	۵۴۶/،،
۱/۳۴۲	جس کے کوچے میں نہ قاصد نہ کبوتر پہنچے	جس گلی میں نہ صبا اور نہ کبوتر پہنچے	۵۴۷/،،
،،/،،	کیا مرے خاک کی طاقت.......	مشت خاک اپنی کی طاقت....	،،/،،
۲/،،	......اول ہی بڑی......	.....اول بھی بڑی......	۵۴۷/،،
۴/،،	کر سلوک اب تو گریباں سے لے دست جنوں	آگیا ہاتھ میں گر اب کے گریباں اپنا	۵۴۸/،،
،،/،،	چاک اک جھٹکے میں تا دامن.....	چاک وہ دیجئے کر تا دامن.....	،،/،،
۸/،،	........بولنا کیا رونا	........بولنا کیا ہنسنا	۵۴۹/،،
۹/،،	.....گھر سے نکلتا ہے بن ٹھن کے...	....گھر سے وہ نکلے ہے بن ٹھن....	،،/،،
،،/،،	پھر اور ہی اس دم تو کچھ......	اس وقت تو پھر اور ہی کچھ......	،،/،،
۱۰/،،	اے مصحفی ہجراں میں کیا دل کو اذیت ہے	....ہجراں بھی اک طرفہ اذیت ہے	،،/،،
۱۲/،،	دل گیسوؤں کی جانب کیونکر کھنچا نہ جائے	دل زلف کی طرف کو کیوں کر کھنچا نہ جائے	۵۵۳/،،
۱۳/،،	کوئی اُدھر کو اس کی......	کوئی اس طرف سے اس کی.....	،،/،،
۱۴/،،	رہنے دے تا ہو دل کو میرے ذرا تسلی	رہنے دے تا کہ دل کو ہو اک ذرا تسلی	،،/،،
۳/۳۴۳	شب فراق میں بچنا بشر کا ہے مشکل	نہ پلٹے تیغ تری سر سے تیرے عاشق کی	دوم/۳۱۶
۴/،،	.........وہ سوتا ہے	........وہ سویا ہے	،،/،،
،،/،،	کسی کے گرد جو وہ.........	کسو کے سر پہ جو وہ.......	،،/،،
۵/،،	رقیب دیتے ہیں مرنے کی میرے اس کو خبر	کریں ہیں غیر خبر اس کو میرے مرنے کی	۳۱۷/،،
،،/،،	کہ راستے ہی میں سے سن کر.........	کہ رستے ہی میں سے سن کر.....	،،/،،
۱۱/،،	.....کی محبت سے دل......	.....کی تمنا سے دل......	۸۱۵/،،

صفحہ/سطر	دیوان مصحفی	کلیات مصحفی	جلد/صفحہ
۴۴۳/۱۱	ذرا لطفِ سخن میں ہے مزا	تو وہیں شعر و سخن کا مرے مزا....	اول/۵۷۵
"/۱۲	خزاں بہار ہوا س باغ کی ہوا....	ابھی زمانے کی لے دوستو ہوا	"/۵۷۶
"/۱۵	.......نہ ہو تاج زرِ نصیب کبھی	......نہ ہو ہم کو تاج زر روزی	"/۵۷۵
۴۴۴/۱	بلا سے پھیر لیں منہ اختر آسماں پھر جائے	غم اس کا کچھ نہیں گو مجھ سے اک جہاں پھر جائے	دوم/۳۱۸
"/"	خدا کرے کہ نہ ہم سے وہ مہرباں....	پہ یہ نہ ہو کہ مرا یار مہرباں....	"/"
"/۲	یقیں ہے راہ سے یاروں	تو راہ ہی میں سے یارو......	"/"
"/۳	......قبلے سے میرے منہ کی طرف	......قبلے سے تیرے منہ کی طرف	"/"
"/۴	وہی تو مرغ چمن میں ہے باغباں زیرک	ہے جائے رحم یہاں اس اسیر بے بس پر	"/"
"/"	قفس کو دیکھ کے جو سوئے آشیاں	قفس کو دیکھ کے جو اپنا آشیاں	"/"
"/۵	سموم نالۂ بلبل دکھائے کچھ جو اثر	سموم آہ مری رو کرے ادھر تو دہی	"/۳۱۹
"/"	گلوں کے چہرے پہ اک......	گلوں کے چہرے پہ اک......	"/"
"/۶	وہ در کو بند جو رکھتے ہیں یہ بھی شوخی ہے	تو در کو شوق سے رکھ بند پر نہ اتنا بھی	"/"
"/"	کہ آئے جو کوئی..........	کہ آوے جو کوئی.........	"/"
"/۸	گلی میں اس کی مجھے دیکھ کر یہ کہتے ہیں لوگ	گلی میں اس کی مجھے سب کہیں ہے آتا دیکھ	"/"
"/۹	زباں معرکہ آرا ہے مصحفی اپنی	ہزار بار میں جو رنگ اس سے کاٹے ہیں	"/"
"/"	...کو نہ ادب ہے نہ بلاؤں کا ہے ڈر	...کہ تیغ مطلق نہیں محبت کا شعور	"/۳۲۰
۴۴۵/۲	جا کر کہو یہ بات مرے یار....	جا کر کہے یہ حرف مرے....	اول/۵۴۶
"/۱۱	ٹکرا رہا ہے سر در و دیوار....	سر ٹے دے لیے ہے در و دیوار...	"/"
"/۲	عریاں تو ہو.........	ننگے تو ہو..........	"/"
"/"	تم کو گلے لگائے اگر.......	تم کو گلے لگائے اگر.......	"/"
"/۴	.......تم کو لگاتے ہو کیسی وار	.......تم کو لگاؤ نہ مہرباں	"/"
"/۱۲	ہے کس کے لئے یہ........	ہے کس لئے یہ.........	سوم/۴۹۰
"/"	کیا جانئے ہم کو کون........	کیا جانئے مجھ کو کون........	"/"

اورنگ زیب کے خطوط

(فارسی سے ترجمہ)

اورنگ زیب بہت اچھا ایڈمنسٹریٹر تھا، یہ اس کے خطوں سے ظاہر تھا بہت بڑا حکمراں تھا جس نے ہندستان کو اشوک اور اکبر سے بڑی اکائی دی۔

اورنگ زیب کے طبع شدہ مکتوبات، رقعات عالمگیری کے کئی ترجمے اردو میں میسر ہیں۔ ایک حنیف خاں ظفری کا ہے، ایک عبدالوحید خاں کا ہے، اور بھی رہوں گے۔ عبدالوحید خاں کا ترجمہ بوجوہ بہتر معلوم ہوا جو پیش خدمت ہے۔

ش۔ خ

۸۶ء

رُقّعاتِ عالمگیری اُردُو

یعنی

ابوالمظفّر محی الدّین محمد اورنگ زیب بہادر شہنشاہِ ہندوستان

کے

فارسی خطوط کا اردو ترجمہ

مترجمہ

ڈیم عبدالوحید خان اسلامیہ کالج

لاہور

قیمت فی جلد

آٹھ آنے (۸ر)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اس بادشاہ (خدا) کی تعریف بیان کرنے کے بعد جس کی سلطنت زوال اور تبدیلی سے محفوظ ہے۔ اور اس جہاں پناہ (رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم) کا وصف لکھنے کے بعد جن کی غلامی کا حلقہ تمام دنیا کے فتح کرنے والے اور تخت کو رونق دینے والے خوش نصیب بادشاہوں کے کان کی زینت ہے۔ بات کی تہ کو پہنچنے والے عقلمندوں اور روشن دل شاعروں پر پوشیدہ نہ رہے۔ کہ اس کتاب میں جس کا نام رقعات عالمگیری یا کلمات طیبات (پاکیزہ باتیں) ہے۔ اور جو عادل و منصف بادشاہ ابوالمظفر محی الدین محمد اورنگ زیب بہادر بادشاہ ہندوستان (خدا اُن کی دلیل کو روشن کرے) کی تالیف ہے۔ جہاں عین پور خلافت (سب سے بڑا بیٹا - ولی عہد) اور فرزند سعادت توام[1] (سعادت مند بیٹا) بڑے شہزادہ سلطان محمد معظم المخاطب بہ شاہ عالم بہادر کی طرف اشارہ ہے۔ اور بعض جگہ دوسرے شہزادہ سلطان محمد اعظم شاہ بہادر کو بھی فرزند سعادت توام کہا گیا ہے۔ فرزند عالی جاہ سلطان محمد اعظم شاہ بہادر کا خاص لقب ہے۔ برادر نامہربان سے عالمگیر کا بڑا بھائی دارا شکوہ

[1] وہ بچہ جو سعادت کو ساتھ لے کر پیدا ہوا ہو ۔

مراد ہے۔ فرزند زادۂ عزیز اور فرزند زادۂ بہادر کے القاب شاہ عالم بہادر کے بڑے بیٹے محمد معز الدین اور سلطان محمد اعظم شاہ بہادر کے بڑے بیٹے محمد بیدار بخت بہادر کے لئے استعمال کئے گئے ہیں۔ فرزند زادۂ عظیم القدر سے شاہ عالم بہادر کا دوسرا بیٹا محمد عظیم الدین بہادر مراد ہے۔ عمدۃ الملک[1] ۔ مدار المہام[2] اور آں فدوی اسد خاں کی طرف اشارہ ہے۔ جو شائستہ خاں کی وفات کے بعد امیر الامرا کے خطاب سے سرفراز ہوا تھا۔ خان فیروز جنگ غازی الدین خاں بہادر فیروز جنگ اور نصرت جنگ ذوالفقار خاں بہادر نصرت جنگ کے خطابات کا اختصار ہے۔ میرزا بخشی سے میرزا صدر الدین محمد خاں صفوی ۔ میر آتش سے تربیت خاں اور حمید سے حمید الدین خاں بہادر مراد ہیں ۔

شروع میں وہ رقعات ہیں۔ جو بڑے شہزادہ سلطان محمد معظم شاہ عالم بہادر کے نام لکھے گئے ہیں ۔

[1] ملک کا بہتر آدمی ۔ [2] وہ شخص جس پر سلطنت کے اہم کاموں کا انحصار ہو ۔

رُقعہ (۱)

عین پور خلافت فرزند سعادت توام اللہ تعالیٰ تمہیں سلامت اور اپنی حفاظت میں رکھے چونکہ اعلیٰ حضرت فردوس مقام (شاہ جہاں) اپنے قدیم موروثی ملکوں یعنی بلخ ۔ بدخشاں ۔ خراساں اور ہرات کو فتح کرنے کا بہت زیادہ خیال رکھتے تھے۔ چنانچہ آپ نے اس طرف مراد بخش کی سپہ سالاری میں دو مرتبہ شاہی فوجیں روانہ کیں۔ اور ان علاقوں کا بہت سا حصہ فتح بھی ہوا۔ لیکن اس نامراد (مراد بخش) کی کم ہمتی کے باعث جو حضور کے بلائے بغیر وہاں سے چلا آیا۔ اور ان ممالک کے باشندوں اور سرداروں کی دلجوئی میں مصروف نہ ہوا۔ فتح کیا ہوا مقبوضہ علاقہ ہاتھ سے چلا گیا۔ یعنے محنت اور روپیہ ضائع ہو گیا۔ اسی لئے تو داناؤں نے کہا ہے۔ کہ نالائق بیٹے سے بیٹی اچھی ہے۔ اس مثال کے مطابق کہ ع اگر پدر نتواند پسر تمام کند۔ اگر باپ سے کوئی کام نہ ہو سکے۔ تو اسے بیٹا پورا کرتا ہے۔ اس

کی (میری) یہ خواہش ہے۔ سو اس کے سوا میں اور کیا تدبیر کر سکتا ہوں۔ کہ اعلیٰ حضرت کے پوتے کو (تمہیں) ایک آراستہ فوج اور مناسب سامان دے کر اس طرف روانہ کروں۔ حضور کی تاکیدوں کے باوجود تم نے ابھی تک قندھار ہی فتح نہیں کیا اس مہم کا تو ذکر ہی کیا ہے۔ بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ ہمارا کام تمہارے ہاتھوں انجام نہیں پائیگا۔ اپنے آپ کو پہچاننے والا سب سے بڑا پہچاننے والا ہوتا ہے ۔ یہ بے حقیقت ہستی خود ایک چھپ جانے والے سورج کی طرح ہے۔ مذکورہ علاقہ ہاتھ آئے تو کیا اور نہ آئے تو کیا۔ تم اپنی فکر کرو۔ کہ اس دنیا میں اپنے ہم چشموں کو اور آخرت میں حضرتِ حق تعالیٰ اور حضرتِ اعلیٰ (اپنے دادا) کو کیا منہ دکھاؤ گے ۔

رُقعہ (۲)

فرزند سعادت توام محمد معظم اللہ تعالیٰ تمہیں سلامت اور اپنی حفاظت میں رکھے ۔

ایک بے غرض آدمی کی عرضداشت سے معلوم ہُوا۔ کہ تم نے اِس سال ایرانیوں کی طرح۔ نہایت دھوم دھام سے جشن نوروزی منایا ہے۔ خدا کے فضل و کرم سے تمہارے عقائد درست ہیں۔ پس تم نے یہ تازہ بدعت کس سے سیکھی ہے؟ بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ اُس عرب نے جو سیّد کہلاتا ہے (ع) بدنام کنندہ نکو نامے چند۔ اور چند نیک ناموں کو بدنام کرنے والا ہے۔ اِس قسم کی تعلیم دی ہوگی بہرحال چونکہ یہ دن آتش پرستوں کی عید۔ اور ہندوستان کے ہندوؤں کے نزدیک بکرماجیت کے جلوس کا دن اور ہندی سمبت کی ابتدا کا ہے۔ اس لئے یہ آج سے نہ منایا جائے۔ اور اپنی جہالت کا اظہار نہ کیا جائے۔ شعر۔

گفتہ گفتہ من شدم بسیار گو از شما یک تن نہ شد اسرار جو

میں نے کہتے کہتے بہت کچھ کہہ ڈالا۔ مگر تم میں سے کوئی بھی رمز شناس نہ ہُوا۔ استغفراللہ ربّی من کل ذنب و اتوب الیہ۔ مَیں اللہ تعالیٰ سے جو میرا پروردگار ہے۔ تمام گناہوں کی معافی مانگتا ہُوا اُن کی طرف واپس آتا ہوں +

رُقعہ ۳

مہین پور سلطنت! چوتھے بیٹے کا منصب بڑھانے کے لئے جس سے تمہیں بہت محبت ہے۔ جو عرضداشت تم نے لکھی تھی۔ وہ میں نے پڑھی۔ چھوٹے کا مرتبہ بڑے سے زیادہ کر دینا مستحسن نہیں اور زیادہ عجیب بات یہ ہے۔ کہ جو فرزند اپنے عمر کی خبر نہیں رکھتا۔ اُسے بیٹے کے منصب کی ترقی کا خیال کس طرح آ گیا۔ بہرحال (ع) عمرت دراز باد۔ کہ ایں ہم غنیمت است۔ تمہاری عمر لمبی ہو۔ کہ یہ بھی غنیمت ہے۔ تمہاری دلجمعی کے لئے کسی اور پہلو سے اِس کی ترقی کر دی جائیگی +

رُقعہ ۴

مہین پور خلافت! معلوم ہُوا ہے۔ کہ کم فوج اور زیادہ تنخواہ والے ملازموں کی نگہداشت کرتے ہو۔ ظاہرا تم نے قندھار کا ارادہ کیا ہے۔ خدا تمہیں اِس کی توفیق دے۔ لیکن تم نے اِس

وقت دارالسلطنت لاہور میں آنے کی جو درخواست کی ہے۔ اس کی وجہ معلوم نہ ہُوئی۔ ہم نے ناصر خاں کے منصب میں سے پانسو کم۔ اور اُس ہندو مشیر کو نوکری سے برطرف کر دیا (ع) از ماست ہمہ فساد باقی۔ تمام فساد کی جڑ ہمیں ہیں +

رُقعہ ۵

مہین پور خلافت! عقل مند اور خوش اخلاق ہونے کے باوجود تم نے فتح اللہ خاں کو کیوں ناراض کر دیا۔ ہم شہزادگی کے زمانے میں اُمراء سے ایسا سلوک کرتے تھے۔ کہ سب خوش تھے۔ اور سامنے اور پیٹھ پیچھے دل سے تعریف کرتے تھے۔ بلکہ برادر نامہربان کے با اختیار ہونے کے باوجود بعض آدمی اُس کا ساتھ چھوڑ کر ہم سے آ ملے تھے۔ اور جن لوگوں نے برادر نامہربان کے اشارے سے ناشائستہ حرکتیں کرکے گستاخی کے کلمات استعمال کئے تھے۔ ہم نے صرف چشم پوشی اور بُردباری

کے تازیانے سے اُن کی تنبیہ کی۔ اور اُنہوں نے انصاف سے کام لے کر ہماری عالی حوصلگی کا اقرار کیا۔ یہاں تک کہ اعلیٰ حضرت (شاہ جہاں) کے گرامی و پاکیزہ دل پر بھی ہماری سرداری اور بہادری کا نقش بیٹھ گیا۔ اور اِس کمزور چیونٹی کے (ہمارے) بازوؤں کے زور سے کارنامے نمایاں انجام پائے۔ تم نے فتح اللہ خاں جیسے شخص کو ناراض کرکے ایک ایسے جفاکش بہادر سپاہی کا دل توڑ دیا۔ جو تمہارے بہت کام آتا۔ فرد۔

گر صد ہزار لعل و گہرے دہی چہ سود
دل را شکستۂ نہ کہ گوہر شکستۂ

اگر تم ایک لاکھ لعل و گوہر بھی دے دو۔ تو کیا فائدہ۔ تم نے ایک دل توڑا ہے۔ نہ کہ گوہر۔ خیر جو ہُوا سو ہُوا۔ اب بھی اگر تم اُس کی دلجوئی کرو۔ تو بہتر اور دُرستی کار کے لئے مفید تر ہے۔ شعر

نصیحتے کنمت بشنو و بہانہ مگیر کہ ہرچہ ناصح مشفق بگویدت بپذیر

میں تمہیں نصیحت کرتا ہوں۔ سُنو اور بہانہ تلاش نہ کرو۔ جو کچھ مہربان نصیحت کرنے والا کہے۔ اسے قبول کرو +

آئندہ تمہاری مرضی۔ اُس شخص پر سلامتی ہو۔ جو سیدھے راستے پر چلا ٭

رُقعہ ۶

فرزند سعادت توام محمد معظم۔ اللہ تعالیٰ تمہیں سلامت اور اپنی حفاظت میں رکھے۔

ایک تحریر سے معلوم ہُوا۔ کہ تم کیسری چیرہ سر پر باندھے اور علوان کا کُرتا پہنے دربار میں بیٹھتے ہو۔ عُمر شریف چھیالیس سال کی۔ اِس ڈاڑھی مُونچھ پر یہ ناز ٭

رُقعہ ۷

معین پور خلافت! مُنعم خاں دربار سے رُخصت ہُوا۔ تاکہ جلد تمہارے پاس پہنچ کر وہ پیغام جو میں نے اُسے دیا ہے۔ تم تک پہنچائے۔ مجھے اپنے آپ کی خبر نہیں۔ کہ کون ہوں اور کہاں جاتا ہوں اور اس گُناہ گار خطا کار کے (میرے) سر پر کیا

گزرے گی۔ اب میں سب سے رُخصت ہوتا ہُوں اور سب کو خدا کے سپرد کرتا ہُوں ٭

نامور اور کامیاب بیٹوں کو چاہئے۔ کہ ایک دُوسرے کی مخالفت نہ کریں۔ اور بندگانِ خدا کے گوشت و خون کو جائز نہ رکھیں۔ جو کچھ نظر آ رہا ہے۔ اِس سے واضح ہوتا ہے۔ کہ ایک عجیب ہنگامہ برپا ہونے والا ہے۔ دلوں کو بدل دینے والا خدا ریاست و حکومت کے راستے پر قدم رکھنے والوں کو یہ توفیق عطا کرے۔ کہ وہ اِس مخلوقات کی حفاظت و نگہداشت کریں جو خالق کی عجیب و غریب امانت اُن کے سپرد ہو چکی ہے ٭

شہزادہ محمد اعظم شاہ بہادر کے نام

رقعہ ۸

فرزند عالی جاہ! تم نے اِس مرتبہ ہمارے لئے جو فراخ قدم گھوڑا بھیجا ہے۔ ہم اُس کی سواری سے بہت خوش ہوئے۔ اِس سے اُس جواں بخت بیٹے کی (تمہاری) شہسواریاں یاد آتی ہیں۔ جو اُس

(تم) نے اپنے بُوڑھے باپ کے (میرے) ساتھ کی ہیں۔ ہم نے نہایت خوشی سے اِس کا نام خوش خرام[1] رکھا ہے۔ چونکہ تم ہر چیز کے مطابق نام تجویز کرنے میں پُوری پُوری مہارت رکھتے ہو اِس لئے تم ہمارے خاصے کے گھوڑوں میں سے جن کی فہرست رنگ و نسل کے اعتبار سے داروغۂ اصطبل کی طرف سے تمہیں پہنچے گی۔ ہر ایک کے لئے نام تجویز کرکے لکھ بھیجنا ٭

رُقعہ ۹

فرزند عالی جاہ! تمہاری بھیجی ہوئی آموں کی ڈالی تمہارے بوڑھے باپ (میں) نے مزے لے لے کر کھائی۔ تم نے گمنام آموں کے نام تجویز کرنے کی درخواست کی ہے۔ جب تم خود طبع سلیم رکھتے ہو تو بُوڑھے باپ کو کیوں تکلیف دیتے ہو۔ بہر حال اُن کے نام "سدھارس" اور "رسنا بلاس" رکھ دیئے گئے ٭

رُقعہ ١٠

فرزندِ عالی جاہ! تمہاری بریانی کھچڑی[1] کا مزہ سردیوں میں یاد آتا ہے۔ واللہ اسلام خاں کی قبولی اس کو نہیں پہنچتی۔ میں چاہتا تھا۔ کہ بریانی پکانے والے سلیمان کو تم سے لے لوں۔ لیکن محبت پدری اِس پر رضامند نہ ہوئی۔ اگر اس کا کوئی شاگرد اس فن میں مہارت رکھتا ہو۔ تو بھیج دو۔ ورنہ تمہیں مبارک رہے وہ دن۔ کہ تم آؤ کھاؤ اور ہمیں کھلاؤ۔ شعر

خوشا وقتے و خرم روزگارے کہ یارے برخورد از وصل یارے

وہ وقت کیسا اچھا اور وہ زمانہ کیسا خوشگوار ہے جب دو دوست ایک دوسرے کی ملاقات کا لطف اُٹھائیں۔ شعر

ہوس از سرم یک سر مو نہ رفت سیاہی ز مو رفت و از رُو نہ رفت

میرے سر سے بال برابر بھی ہوس کا سودا نہیں گیا۔ سیاہی بالوں سے تو چلی گئی۔ مگر مُنہ سے نہ گئی۔

[1] ایک قسم کا پُر گوشت پلاؤ۔ جو چاول اور چنے کی دال ملا کر پکایا جاتا ہے ٭

میں بوڑھا ہونے پر بھی ہوا و ہوس کا بندہ بنا رہا +

رُقعہ (۱۱)

فرزند عالی جاہ! خدا کا شکر ہے۔ کہ فرزند زادۂ بہادر خوب نکلا۔ اُس کی سلطنت کا کام روز بروز ترقی پر ہے۔ اب اِس کی پرورش سے غافل نہیں ہونا چاہئے +

مہم منیتی کے پیش آنے اور جاٹوں کو تنبیہ کرنے کی صورت میں مالوہ کا صوبہ فرزند زادۂ بہادر کے نام بحال رہیگا۔ حکم صادر کیا جاتا ہے۔کہ دو منتخب راجپوتوں میں سے راجہ بشن سنگھ کچھواہہ کو اپنے ساتھ رکھے۔اِس مہم کا مطلوبہ جنگی سامان۔ یعنی توپ خانہ وغیرہ اکبرآباد کے قلعہ دار سے لے لے۔ اور نربدہ کی اِس طرف والد بزرگوار سے لے کر براہ راست اسلام آباد عرف متھرا میں پہنچ جائے +

رُقعہ ۱۲

فرزند سعادت توام عالی جاہ! اعلیٰ حضرت (شاہ جہاں) فرمایا کرتے تھے۔کہ شکار بیکاروں کا کام ہے۔ انسان اگر عاقبت کے کاموں میں مصروف نہیں رہ سکتا۔ تو دُنیا کے کام سنوارنے میں کیا بُرائی ہے۔ کیونکہ الدنیا مزرعۃ الآخرۃ۔ دُنیا آخرت کی کھیتی ہے۔ خود بدولت بہ نفسِ نفیس چار گھڑی رات رہے خواب گاہ سے باہر آ کر توفیق کے آبشار سے وضو کرتے۔ (توفیقِ الٰہی حاصل کرتے) اور ورد و وظیفہ میں مشغول ہو جاتے تھے۔ صبح صادق سے پہلے نماز کی اذان کے بعد فضلاء کی کی جماعت کے ساتھ صبح کی نماز پڑھ کر درشن کے جھروکے میں تشریف لے آتے تھے۔ اور درشن کرنے والوں کو فیض سے بھرے ہوئے دیدار کی سعادت سے مشرف فرما کر چار گھڑی دن چڑھے دیوانِ عام لگایا کرتے تھے۔ اِس مجلس میں تمام چھوٹے بڑے منصب دار حاضر ہو کر مجرا بجا لاتے اور دیوانِ اعلیٰ اور میر بخشی اہلِ خدمات کی تجویز

اور صوبوں کے کروڑیوں۔ امینوں۔ فوجداروں اور ناظموں کی جاں فشانی اور حسنِ خدمات کے واقعات عرض کرکے ہر شخص کی اُمید کا دامن مراد کے پھولوں سے بھر دیتے اور اوروں کی مدد و دلجوئی کرتے تھے +

پھر خاصہ کے گھوڑوں اور ہاتھیوں کے معمولی ملاحظہ کے بعد ایک پہر دو گھڑی دن چڑھے دیوانِ عام سے دیوانِ خاص کو رونق بخشتے تھے۔اِس مقام پر عالی مرتبہ بخشی نئے منصب یافتوں کے حالات عرض کرکے نظرِ ثانی کا حکم لیتے۔ اور ہر صُوبے کے واقعات و حالات کا خلاصہ بیان کرکے ہر معاملے کے مطابق حکم صادر کرنے کے لئے بادشاہ کا فیصلہ کُن فرمان حاصل کرتے تھے۔ تقریباً دوپہر تک یہ معاملات پیش رہتے تھے۔ اِس کے بعد خاصہ کے کھانے کی طرف جو حلال کی کمائی سے تیار ہوتا تھا۔ متوجہ ہو کر جسم کی مضبوطی۔ اور عبادت و انصاف کی قوّت حاصل کرنے کے لئے اس میں سے تھوڑا سا نوش جاں فرماتے۔ اور وظیفہ خواروں اور روزینہ داروں کے کھانے پینے کے

متعلق جن میں سے اکثر عالم۔ فاضل۔ طالب علم۔ مسکین۔ غریب۔ یتیم۔ بیکس اور بے یار و مددگار ہوتے تھے۔ اور اکثروں کو اعلیٰ حضرت پہچانتے تھے۔ دریافت کرکے خاص خواب گاہ میں تشریف لے جاتے تھے +

وہاں کچھ دیر تک آپ آرام فرماتے تھے۔ مگر دل ہر وقت بیدار رہتا تھا۔ پھر دو پہر چار گھڑی دن گئے خواب گاہ سے باہر آ کر وضو کرتے۔ اور نماز خانے میں قرآن مجید کی تلاوت میں مشغول ہو جاتے تھے۔ ظہر کی نماز پڑھنے کے بعد وظیفہ کرتے۔ اور تسبیح ہاتھ میں لئے ہوئے اسد بُرج میں آ کر بیٹھ جاتے تھے۔ دیوانِ اعلیٰ وہاں حاضر ہوتا۔ اور مالی و مُلکی معاملات عرض کرکے اکثر کاغذات پر اعلیٰ حضرت کے دستخط کراتا +

چار گھڑی دن رہے آپ پھر دیوانِ عام لگاتے تھے۔ اِس وقت بخشی اور دیوانِ خانگی نئے نئے منصب یافتوں اور جاگیر کے طلب گاروں کو حضور کے سامنے پیش کرتے تھے۔ اور اعلیٰ حضرت پورے غور کے ساتھ ہر شخص کی قابلیت۔ ذاتی جوہر۔ اور خاندانی حالات کی تفتیش کرکے منصب اور جاگیر کی تنخواہ

مقرر کرنے کا حکم صادر فرماتے تھے +

شام کے بعد دیوانِ عام سے اٹھ کر مغرب کی نماز پڑھتے اور خاص خلوت خانے میں تشریف لے جاتے تھے۔ وہاں شیریں زبان مؤرخ۔ فصیح بیان قصہ خواں۔ خوش الحان قوّال اور جہاں گرد سیّاح حاضر ہوتے تھے۔ پردے کے اندر عورتیں۔ اور باہر مرد۔ ہر شخص حضور کے مذاق کے مطابق بزرگوں اور بادشاہوں کے قدیم حالات بیان اور ملکوں اور شہروں کے عجیب و غریب تحفے پیش کیا کرتا۔ غرض اعلیٰ حضرت آدھی رات تک اپنے شب و روز کے اوقات کو اس طریق پر تقسیم فرما کر زندگی اور حکومت کی داد دیتے تھے +

چونکہ ہمیں تم سے دلی پیار اور محبت ہے۔ نہ کہ جھوٹی اور بناوٹی۔ اس لئے جو کچھ ہمیں مناسب معلوم ہوا۔ اور تم جیسے فرزندِ ارجمند کے حق میں زیبا نظر آیا۔ وہ ہم نے بے اختیار لکھ دیا۔ اور اس سے تمہیں مطلع کر دیا۔ اس وقت جو کچھ ہمیں یاد آیا۔ ہم نے قلمبند کر دیا۔ معاف رکھنا +

رقعہ ۱۳

فرزندِ عالی جاہ محمد اعظم۔ اللہ تعالیٰ تمہیں سلامت اور اپنی حفاظت میں رکھے۔

معلوم ہوا ہے۔ کہ تم سواری کے وقت گھوڑے کو بہت تیز دوڑاتے ہو۔ چنانچہ تمہارا چتر بردار سید گرا اور گرتے ہی مر گیا۔ تم نے ایک مدت تک میرے پاس رہ کر سواری کے طریقوں میں مہارت حاصل کی ہے۔ پھر تم نے اس کے خلاف کیوں کیا؟ **فرد**

آہستہ خرام بلکہ مخرام　　زیر قدمت ہزار جان است

آہستہ چل۔ بلکہ نہ چل۔ کیونکہ تیرے پاؤں کے نیچے ہزار جانیں ہیں +

رقعہ ۱۴

فرزندِ سعادت توام محمد اعظم۔ اللہ تعالیٰ تمہیں سلامت اور اپنی حفاظت میں رکھے۔

کوڑہ کا چکلہ دار حسن بیگ ابتک معزول نہیں ہوا

اور وہاں کی رعایا واویلا کرتی اور پتھروں سے سر پھوڑتی ہوئی کہہ رہی ہے۔ کہ (ع)

اگر تو نمی ندہی داد روزِ دادے ہست

اگر تو انصاف نہیں کرتا۔ تو کیا ہوا۔ آخر انصاف کا ایک دن آئیگا۔ اصلی محاسب (اعمال لکھنے والے فرشتے) حاکموں کے ظلم کو ہمارے اور تمہارے نام لکھ رہے ہیں۔ اعمال کی سزا یعنی آخرت کو حق جان کر وہاں کے باشندوں کی داد رسی کرو۔ ورنہ جاگیر بدل دی جائیگی اور تمہیں اس کا بدلہ ملے گا +

رقعہ ۱۵

فرزندِ عالی جاہ! معلوم ہوتا ہے۔ کہ تمہارا دیوانِ خاص مصطفیٰ قلی بیگ اپنے فرائض نہایت احتیاط اور دور اندیشی کے ساتھ انجام دیتا ہے۔ غنیمت ہے۔ اگر تم لکھو۔ تو اس کے منصب میں اضافہ کرکے اسے خانی کا خطاب دے دیا جائے اچھے آدمی خالص سونے کا حکم رکھتے ہیں (بہت

کمیاب اور بیش بہا ہیں) **شعر**

آنچہ ما جستیم و کم دیدیم و بسیار است و نیست

نیست جز انساں دریں عالم کہ بسیار است و نیست

جس چیز کی ہم نے بہت تلاش کی۔ اور کم پائی یعنی جو بہت ہے۔ اور نہیں ہے۔ وہ اس جہان میں انسان کے سوا اور کوئی چیز نہیں ہے۔ جو بہت ہے اور نہیں ہے +

ایک روز سعد اللہ خاں ورد و وظیفہ سے فارغ ہونے کے بعد دیر تک دعا کے لئے ہاتھ اٹھائے رہا۔ یہ دیکھ کر ایک گستاخ مصاحب نے پوچھا۔ کہ اب کیا آرزو باقی ہے؟ اس نے کہا اچھے آدمی کی ضرورت ہے! واللہ اس نے خوب بات کہی۔ اگرچہ انسان میں دیانت و امانت کا جوہر فطری اور خدا داد ہوتا ہے۔ لیکن اس میں آقا کی ہمت و انصاف کو بھی دخل ہے۔ اور اس کا فرض ہے۔ کہ اپنے ملازم کو خوش حال اور روزی کی طرف سے فارغ البال رکھے۔ تاکہ دنیا کی ضروریات اس کے اعتقاد میں خلل انداز ہوں۔ (ع) کہ مزدورِ خوش دل کند کار بیش

کیونکہ خوش دل مزدور زیادہ کام کرتا ہے ⁺

رقعہ ۱۶

فرزند عالی جاہ! تم نے نصرت جنگ کے لئے ماہی[1] مراتب کی درخواست کی ہے۔ اگرچہ قاعدہ نہیں۔ کہ شش ہزاری سے کم منصب رکھنے والے شخص کو ماہی مراتب مرحمت کیا جائے۔ لیکن چونکہ اُس کے ہاتھ سے دو کارہائے نمایاں ظہور میں آئے ہیں اور اِس کے علاوہ تمہاری دلجوئی بھی پیش نظر ہے لہذا ہم نے منظوری دے دی۔ جو ماہی مراتب وہ وہاں سے لایا ہے۔ اُن میں سے ایک لے لے۔ اور اِس بڑی بخشش کے لئے جو اس کے مرتبے سے بالاتر ہے۔ شکر بجا لائے ⁂

[1] مغلوں کے زمانے میں ایک امتیازی نشان تھا

رقعہ ۱۷

فرزند عالی جاہ! میر خان جو تمہارے حصۂ سپاہ کے اضلاع کا پیش کار ہے۔ سکرہ کے پرگنہ کو واگزار کر کے اس کے عوض اور جاگیر چاہتا ہے۔ ہمارے حضور میں تنخواہ کی قلت اور طلب گاروں کی کثرت ہے۔ یہاں سے تھوڑا بہت جو کچھ ہوتا ہے۔ برابر تقسیم کر دیا جاتا ہے۔ عوض لینا ممکن نہیں۔ تم لکھو کہ دوسری جاگیر کی بقایا رقم اسے دے دی جائے ⁂

رقعہ ۱۸

فرزندِ سعادت توام محمد اعظم۔ اللہ تعالی تمہیں سلامت اور اپنی حفاظت میں رکھے ⁂

صوبۂ مالوہ کے واقعات سے معلوم ہوتا ہے کہ پہاڑ سنگھ بد باطن جس نے غرور و تکبر کے نشے میں چور ہو کر شور و فساد برپا کیا تھا۔ اور جو فتنہ انگیزی کی جڑ تھا۔ اس عالی قدر۔ اور

اقبال فرزند کے (تمہارے) دیوان کے نائب تلوک چند کے ہاتھ سے مارا گیا۔ اور جہنم واصل ہو گیا۔ ہر حال میں اللہ تعالی کا شکر ہے۔ شعر

اے خدا قربانِ احسانت شوم   ایں چہ احسانست قربانت شوم

اے خدا۔ میں تیرے احسان کے قربان جاؤں۔ یہ کتنا بڑا احسان ہے۔ میں تجھ پر فدا ہو جاؤں

اصل میں اِس واقعہ کا ظہور تمہارے فیضِ تربیت کا نتیجہ ہے۔ جو نوکروں کی دلجوئی کر کے انہیں سلطنت کے عمدہ کاموں میں مصروف رکھتے ہو اِس وجہ سے کہ خالی مبارک باد زبان پر نہ آئے ہم تمہیں موتیوں کی مالا جس کی قیمت پچاس ہزار ہے۔ مرحمت کرتے ہیں۔ چونکہ تلوک چند نے یہ ضرب المثل سچ کر دکھائی ہے۔ کہ گویا چڑیا نے بہادری سے کام لے کر باز کو مار ڈالا۔ اِس لئے ہم اسے پانصدی ذات اور دو صد سوار کا منصب۔ رائے کا خطاب اور خلعت۔ شمشیر۔ اور گھوڑا بطور انعام عطا کرتے ہیں۔ تم بھی اِس کے مرتبے میں ایسا مناسب اضافہ کرو۔ جو اُسے اپنے ہم چشموں میں ممتاز بنا دے۔ واجب ہے۔ کہ تم

اس پر تحسین و آفرین کے پھول برسا کر اُسے صوبے کی نیابت پر مستقل کر دو۔ تاکہ دوسرے نوکروں کے دل میں حسنِ خدمت کا جذبہ اور نتیجے کی اُمید زیادہ ہو ⁺

رقعہ ۱۹

فرزندِ عالی جاہ۔ اللہ تمہیں سلامت رکھے۔

سورٹھ کی فوجداری فتح جنگ خان بابی سے چھین کر اپنے دیوان خانہ کے داروغہ کے بھائی کو دینا ثابت شیشے کو اپنے ہاتھ سے توڑنا ہے۔ بابی قوم صوبۂ گجرات میں مدتوں سے ممتاز۔ اور سپاہ گری میں مشہور ہے۔ اس صوبے کی فوجداری کے عہدے اُن کے سوا دوسروں کو دینا عقل سے بعید ہے۔ سورٹھ ایسی جگہ ہے۔ جہاں حسن علی خان پسر الہ وردی خان اور صف شکن خان جیسے پنج ہزاری فوجدار رہے ہیں۔ اور وہاں کے بندوبست کے فرائض سے عہدہ برآ ہوئے ہیں۔ اگر تمہارے پیش کار شجاعت خان مرحوم کے نقشِ قدم

پر چہیں۔ تو خوب ہے ورنہ یہ گجرات کا صوبہ ہے۔ خدا نخواستہ اگر سررشتۂ عمل ایک دو جگہ بھی الجھ گیا۔ تو اُس کے سُلجھانے کے لئے ایک مدت درکار ہوگی۔ آئندہ آپ مختار ہیں۔ شعر

من نگویم کہ ایں مکن آں کن   مصلحت بین دکار آساں کن

میں نہیں کہتا۔ کہ تم یہ کرو اور وہ کرو۔ ہاں مصلحت دیکھو۔ اور کام کو آسان کرو۔

عاقبت بخیر ہو +

رُقعہ ۲۰

فرزندِ عالی جاہ! جاسوسوں کی اطلاعات سے معلوم ہوا ہے۔ کہ بہادر پور سے خجستہ بُنیاد تک شاہراہ خطرے سے خالی نہیں۔ ڈاکو بیوپاریوں۔ اور مسافروں کا مال لُوٹ لیتے ہیں۔ اور لوگ امن و امان کے ساتھ آمد و رفت نہیں کر سکتے۔ جب ہمارے اور تمہارے لشکروں کے قُرب میں یہ حالت ہے۔ تو دُور و دراز راستوں کی کیفیت تو سخت افسوسناک ہوگی +

معلوم ہوتا ہے۔ کہ مُخبر تمہیں معتبر خبریں نہیں بھیجتے۔ چونکہ غفلت و بے پروائی حکومت و جہانبانی کے اصول کے خلاف ہے۔ اس لئے تم تنبیہ سے کام لے کر نئے محرر مقرر کرو۔ اور پہلے عملے کو سزا دو اور ایک ہوشیار فوج مقرر کرکے ان فتنہ پردازوں کی پوری طرح بیخ کنی کرو۔ اور شاہراہ کو ڈاکوؤں کی جماعت سے پاک کر دو۔ بدنظمی کی یہ لعنت کب تک گوارا ہو سکتی ہے۔ شعر

من نے گویم زیاں کن یا بفکرِ سود باش

اے ز فرصت بے خبر در ہرچہ باشی زود باش

میں نہیں کہتا۔ کہ تُو نقصان کر۔ یا فائدے کی فکر میں رہ۔ مگر اے فرصت سے بے خبر! جو کچھ تجھے کرنا ہے۔ جلد کر۔ دعا +

رُقعہ ۲۱

فرزندِ ارجمند عالی جاہ! چینی کا سفید خوبصورت آبخورہ جو اب باوجود تلاش کے دستیاب نہیں ہوتا۔ ہمارے پاس بطور نذر آیا تھا۔ اس ضمن

میں کجاوہ کی کُرسی بھی نظر سے گزری۔ ہم نے یہ چیزیں اس فرزندِ دلبند کے (تمہارے) لئے بھیج دیں۔ تم ان دونوں عطیوں کا شکریہ ادا کرو۔ اور آموں کی ڈالی بھیج کر نقصان کی تلافی میں کوشش کرو +

رُقعہ ۲۲

فرزندِ عالی جاہ! ہمیں یاد پڑتا ہے۔ کہ ایک روز ہم میاں عبداللطیف قدس سرہ الشریف (ان کا بزرگ بھید پاک ہو) کی خدمت میں گئے۔ اور گفتگو کے دوران میں ہم نے کہا۔ کہ "اگر اجازت ہو۔ تو ٹھرکرن کے آس پاس کے چند گاؤں خانقاہ کے خرچ کے لئے مقرر کر دیئے جائیں"۔ اس پر انہوں نے اپنی زبان صدق بیان سے فرمایا۔ شعر

شاہ ما را دہ دہد منت دہد   رازقِ ما رزق بے منت دہد

بادشاہ ہمیں گاؤں دے کر ہمارے سر پر احسان رکھتا ہے۔ لیکن ہمارا رازق ہمیں بغیر احسان کے رزق دیتا ہے۔ ہم نے کہا۔ ایسا ہی ہے۔

لیکن فقیروں اور اللہ والوں کی خدمت کرنا دُنیوی خیر و برکت اپنے آرام اور زیادہ نعمت و دولت کی دُعا کے حصُول کے لئے ہے۔ نہ کہ حرص اور احسان کے لئے۔ انہوں نے فرمایا۔ کہ اگر واقعی تمہارا ارادہ پختہ اور نیت نیک ہے۔ تو ہم رعایا کے حصّے میں سے نصف غلہ لے لیں گے بلکہ جفاکش مظلوموں کے لئے اس سے زیادہ چھوڑ دیں گے۔ اور تم خدا پر بھروسہ رکھنے والے گوشہ نشینوں کے لئے جو زبانِ سوال بند کرکے بیابانوں اور ویران جنگلوں میں رہتے ہیں۔ دائمی وظیفہ مقرر کرو۔ اور مظلوموں کی اس طرح داد رسی کرو۔ کہ کسی کا حق ضائع نہ ہو۔ اور طاقت ور کمزوروں کو تنگ نہ کر سکیں +

دولت و نعمت کی زیادتی ملاحظہ کرو۔ چونکہ کوڑہ کے باشندوں کی نالش کے موقع پر یہ نقل یاد آئی۔ جو بے اختیار تمہیں لکھ دی گئی۔ دعا +

رقعہ ۲۳

فرزند عالی جاہ! تم نے توپ خانہ اور دیوان خانہ کے داروغہ کو احمد آباد کے نواح کا فوجدار مقرر کیا ہے۔ اور اُس نے تھانے اپنے رشتہ داروں اور رشوت خوار عزیزوں کے سپرد کردئے ہیں۔ داروغہ مذکور کے خلاف نالش کرنے والے تمہاری عدالت میں بار نہیں پاتے۔ اور رشوت خواروں کی ایک جماعت اُس کے داماد کے ساتھ شریک ہو کر لوگوں کو تنگ کرتی ہے۔ حیران ہوں۔کہ جزائے اعمال کے وقت ہم کیا جواب دیں گے۔ حق سبحانہ و تعالیٰ منصف ہے۔ اگر ہم ظالم کو حاکم بنائیں۔ تو ہر وہ عذاب جو اس ظالم کے باعث ہم پر نازل ہو۔ انصاف ہے۔ اور ہم اس کے سزاوار ہیں۔ کیونکہ ظالم کو اختیار دینا اور فریادی کی فریاد نہ سُننا گویا ظلم کو روا رکھنا ہے۔

شعر

گندم از گندم بروید جَو ز جَو ۔۔۔ از مکافاتِ عمل غافل مشو

گیہوں سے گیہوں اُگتا ہے۔ اور جَو سے جَو۔ عملوں کے

بدلے سے غافل نہ ہو +

رقعہ ۲۴

فرزند عالی جاہ! بیچاری نادرہ بانو جیسی بڑھیا کب تک تباہ حال اور محروم رہیگی؟ وہ ہم پر اور تم پر حق رکھتی ہے۔ اُس کے نواسوں نے جو کچھ کیا۔ اُس کا نتیجہ دیکھ لیا۔ حق تلفی کسی حالت میں بھی نہیں کرنی چاہیئے +

تمہیں یاد ہوگا۔کہ جس روز فتح جنگ خاں کے ہاتھی نے تم پر حملہ کیا تھا۔ میر مدھو نے کس طرح بہادری سے کام لے کر ہاتھی کو شوخی سے باز رکھا۔ اور ہماری عنایت کا خلعت نہ لیا بلکہ اُس نے کہا۔کہ میں نے غلامی کا حق ادا کیا ہے۔ اُجرت کس طرح لوں۔ خدا کے لئے اور ہماری خاطر سے سینے کو پُرانے کینہ سے خالی کر دو۔ اور اِس بڑھیا پر جس کا تمہارے سوا اور کوئی نہیں ہے۔ مہربانی کرو۔ شعر

قدیمانِ خود را بیفزائے قدر ۔۔۔ کہ ہرگز نیاید ز پروردہ غدر

اپنے قدیم غلاموں کی عزت بڑھا۔کیونکہ گھر کا پالا ہُوا کبھی بے وفائی نہیں کرتا +

رقعہ ۲۵

فرزندِ عالی جاہ! اعتماد خاں کی تحریر کوئی وحی نہیں۔کہ خواہ مخواہ اُس پر عمل کیا جائے تحقیق کے بعد جو لازم ہوگا۔ حکم دے دیا جائیگا

رقعہ ۲۶

فرزندِ عالی جاہ! ایک روز سعد اللہ خاں حضور (شاہ جہاں) کی خدمت میں دیر سے حاضر ہوئے۔ اعلیٰ حضرت نے سبب پوچھا۔ اُس نے عرض کی۔کہ ایک بیاض میں چند فقرے نظر آئے تھے۔ اُنہیں نقل کر رہا تھا تاکہ خدمتِ والا میں عرض کروں:- فقرات یہ ہیں "سلطنت کی بُنیاد کا قیام انصاف سے ہے ملک اور مال کی زیادتی بہادری اور سخاوت

سے ہے۔ عالموں اور فاضلوں کے ساتھ صحبت رکھنا اور جاہلوں سے پرہیز کرنا عقلمندی کا نشان ہے۔ عقیدوں پر عمل کرنا عین مُصیبت کی حالت میں مستقل مزاج رہنا۔ دُنیا کے کاموں میں کوتاہی نہ کرنا۔ تدبیر سے خوش اور تقدیر پر شاکر رہنا خاندان کے دائمی قیام کی بُنیاد۔ یتیموں پر رحم کرنے اور محتاجوں کی حاجت روائی سے گریز نہ کرنے پر ہے۔ مُلکی کام وزرا کے صلاح مشورہ سے انجام پاتے ہیں۔ فتح و کامرانی فقیروں کی دُعا سے۔ اور تندرستی دردمندوں کا درد دُور کرنے سے نصیب ہوتی ہے۔ مجرموں کے گناہ معاف کرکے خدا کی جناب سے رحمت کی اُمید رکھنی چاہیئے"

اعلیٰ حضرت نے بہت خوش ہو کر خان موصوف کی پیشانی پر بوسہ دیا۔ اور شام کے وقت اُسے ایک ہی رنگ کے چند محمودی تھان جن پر طلائی کام کیا ہُوا تھا۔ مرحمت فرمائے۔ ہم نے چاہا۔کہ تنہا لُطف نہ اُٹھائیں۔ اِس لئے یہ نصیحتیں تمہیں بھی لکھ بھیجیں۔ خدا سب کو عمل کی توفیق دے +

رقعہ ۲۷

فرزند سعادت توام محمد اعظم۔ اللہ تعالیٰ تمہیں سلامت اور اپنی حفاظت میں رکھے

اس فرزند عالی جاہ کے (تمہارے) دیوان خانہ کا داروغہ خانقاہ میں جُوا کھیلتا ہے۔ اور افسوس صد افسوس کہ سلطنت کے دعوے دار ہونے کے باوجود اس قدر غفلت اور فراموشی ؟ تمہارے ہرکاروں کو کیا ہُوا ؟ کہ خبر نہیں پہنچاتے شاید محرّروں کے ساتھ اُن کی کوئی سازش ہوگی۔ اس لئے جدید محرّر مقرر کرکے انہیں تنبیہ کرو +

رقعہ ۲۸

فرزند عالی جاہ ! معلوم ہُوا۔ کہ تم ایک ماہ تک دریائے نل کی طرف گلنگ کے شکار میں مصروف رہے۔ اگرچہ شکار ایک شغل ہے۔ کہ تماشے کا تماشہ ہے۔ اور غذا کی غذا لیکن متعلقہ کاموں کی تکمیل سے جنہیں فرائض کہہ سکتے ہیں۔

فراغت حاصل کرنے کی صورت میں اور بھی خوش نما و خوش آئند ہے۔ خصوصاً ریاست کے حقوق ادا کرنے کو جو شریعت اور عام قانون کی بنا پر واجب ہیں۔ اور جن کی تحقیق معتبر حدیثوں مشہور تاریخوں اور سوانح عمریوں سے ہو سکتی ہے۔ سب کاموں پر مقدم سمجھنا چاہئے۔ اگر تمہیں ایک صوبے کے انتظام سے اطمینان ہوگیا ہے۔ تو تم خان جہاں عاقل خاں۔ شجاعت خاں اور محمد بیگ کے متعلقہ معاملات کے بندوبست میں کیوں مصروف نہیں ہو جاتے +

تمہیں شکار کا شوق ہے۔ اور ہمیں قلعے فتح کرنے اور ریچھ کے بچّوں یعنی باغیوں کے پکڑنے کی دُھن ہے۔ افسوس کہاں دُنیا اور کہاں آخرت

شعر

ہر کسے ناصح برائے دیگراں ناصح خود یافتم کم در جہاں

ہر شخص دوسروں کو نصیحت کرتا ہے۔ میں نے جہان میں اپنے آپ کو نصیحت کرنے والا کوئی نہیں پایا۔ عمر رائگاں جا رہی ہے۔ اور ہاتھ سے کوئی کام نہیں ہوتا۔ کل خدا کو جواب دینا ہوگا (رع)

کریما ببخشائے بر حالِ ما

اے کریم ہمارے حال پر رحم کر +

رقعہ ۲۹

فرزند عالی جاہ ! اگرچہ وہ جوان فرزند (تم) بوڑھے باپ کا مشتاق نہیں۔ لیکن بوڑھا باپ جوان بیٹے کا بہت مشتاق ہے (رع)

بیا و از دلِ ما کوہہائے غم بردار

آؤ۔ اور ہمارے دل سے غم کے پہاڑ اُٹھا دو +

رقعہ ۳۰

فرزند عالی جاہ ! محمد انور سوداگر بندرگاہوں کی پیش کاری سے قطعاً کوئی مناسبت نہیں رکھتا۔ یہ تو وہی بات ہے۔ کہ کمال عقل و دانش اور دُور اندیشی سے چور کو پاسباں مقرر کر دیا جائے ایسی بے جا تجویز آئندہ عمل میں نہ آئے +

رقعہ ۳۱

فرزند عالی جاہ ! قصبہ دوحد جو صوبۂ گجرات کے متعلقات میں سے ہے۔ اس گناہ گار و خطاکار کی (یعنی) ہماری جائے پیدائش ہے۔ وہاں کے باشندوں کی نگہداشت واجب جانو۔ اور کمزور بوڑھے کی جو مدت سے وہاں کا [illegible] دار ہے۔ دلجوئی کرو۔ اور اسے بحال رکھو۔ اگر [illegible] کے [illegible] جن کی خدمت میں آیا ہے۔ کہ فی قلوبھم مرض فزادھم اللہ مرضا۔ ان کے دلوں میں بیماری ہے۔ پس اللہ نے اُن کی بیماری زیادہ کی۔ اس کی شکایت کریں تو نہ سنو۔ شعر

عنایت بر ضعیفاں گوشۂ چشم دگر دارد

بہر کوچک نمودن لطف دیگر ہست شاہاں را

کمزوروں پر عنایت و نوازش کرنا ایک نیا لطف رکھتا ہے۔ اپنے سے چھوٹے پر مہربانی کرنے میں بادشاہوں کے لئے اور ہی لطف ہے +

رقعہ ۳۲

فرزندِ عالی جاہ ! کہتے ہیں۔کہ محمد بیگ جو اس فرزندِ عالی جاہ کا (تمہارا) نوکر ہے ۔ اور بخیل دشمن کی گمراہ جماعت میں چلا گیا ہے ۔ معتمد خان دیوان دکن اور تمہارے دیوان ۔ اور بخشی کے خاندان میں سے ہے۔ بے شبہ تمہارے نئے مصاحب یہ نہیں دیکھ سکتے۔کہ تم اس قدیم ملازم پر نظرِ عنایت رکھو۔ اس گئے گزرے کو بلا کر ہمارے پاس بھیج دو۔ بُری چیز خاوند ہی کے مُنہ پر ماری جاتی ہے۔ ورنہ لکھو۔کہ اطلاع احوال کے بعد اُسے بُلا لیا جائے ۔

رقعہ ۳۳

فرزندِ عالی جاہ ! ابھی شجاعت خان اور محمد بیگ کی ہڈیاں بوسیدہ اور محمد بیگ کی خدمت کے حقوق ابھی محو نہیں ہوئے۔ اس کے وارث یہی ایک متبنّٰی اور دو داماد ہیں ۔ذرا سے قصور پر

کہ سچ اور جھوٹ کا خدا ہی کو علم ہے۔تم اُسے روٹیوں سے کیوں محتاج کرتے ہو۔اور ناپسندیدہ تجویز پر عمل کرکے اپنے کو برطرف اور اس کے بجائے ایک غیر کو مقرر کرتے ہو ۔

رقعہ ۳۴

فرزندِ عالی جاہ ! مندسور صوبۂ مالوہ کا سب سے عمدہ علاقہ ہے ۔جو تمہیں بطور جاگیر مرحمت ہُوا ہے۔ پہلے سربلند خاں ۔حسن علی خاں ۔اور کم مرتبہ لوگ مثلاً نوازش خاں رومی وہاں کے فوجدار رہے ہیں۔ وہ نورِ چشم (تم) وہاں ایک تجربہ کار۔ دیانت دار اور بہادر حاکم بھیجیں ۔

ایک روز اعلیٰ حضرت (شاہ جہاں) کے حضور میں ذکر ہُوا۔کہ سعد اللہ خاں کے گھر کی رونق، اس کی جاگیر کے اضلاع کی آبادی اور مال کی زیادتی، اُس کے دیوان عبد النبی کے دم سے ہے۔ اور وہ خود جان و دل سے سرکار والا

کے کاموں میں مصروف ہے۔ ایک دفعہ حضور نے اشارۃً خان موصوف سے فرمایا ۔کہ ہم نے سُنا ہے ۔کہ تمہارے پاس سنگِ پارس ہے ۔ ذرا اُسے ہمارے ملاحظہ کے لئے تو پیش کرو۔ اُس نے عرض کی ۔کہ میرے پاس فلاں شخص ہے ۔جو صورت میں تو انسان ہے ۔ مگر اس میں یہ خوبی ہے۔کہ اس کے بال بال سے سونا جھڑتا ہے۔ اعلیٰ حضرت نے الحمد للہ کہہ کر یوں دُر فشانی فرمائی۔کہ یہ خوبی تو ہمیں تم میں ہی نظر آتی ہے۔ ہم نے وہ شخص تمہیں بخش دیا۔ ہوشیار ۔دیانت دار۔ خدا ترس اور ویرانوں کو آباد کرنے والا شخص کمیاب ہے ۔شعر

آنچہ ما جُستیم و کم دیدیم بسیار است و نیست
نیست بجز آدم دریں عالم کہ بسیار است و نیست

جس چیز کی ہم نے بہت تلاش کی ۔اور کم پائی یعنی جو بہت ہے اور نہیں ہے ۔ وہ اس جہان میں آدمی کے سوا اور کوئی چیز نہیں ہے ۔ جو بہت ہے ۔اور نہیں ہے ۔

خان مذکور آداب بجا لایا ۔

رقعہ ۳۵

فرزندِ عالی جاہ ! اِس عالی جاہ کی (تمہاری) جاگیر کے متعلقہ علاقے کے ناظم کا شغل و عمل واقعہ نگار کی بھیجی ہوئی فرد سے ظاہر ہوتا ہے روزِ جزا سے غفلت کس لئے ؟ (ع)

واد واد از دستِ غفلت داد داد

غفلت کے ہاتھ سے فریاد ہے۔ فریاد ہے ۔

رقعہ ۳۶

فرزندِ عالی جاہ ! ہم تمہیں ہر کام میں خوش تجویز اور خوش تمیز سمجھتے ہیں ۔(ع)

ز چشمِ بد رُخِ خوب ترا خدا حافظ

خدا تمہارے حسین چہرے کو نظرِ بد سے بچائے محمد بیگ خان کو تبدیل کر دینا ۔اور شیر انداز خاں کو سورٹھ کی فوجداری دے دینا نہایت تعجب انگیز ہے ۔آدمی کی شخصیت اور شعور ہی سے اس کی قابلیت ظاہر ہو جاتی ہے ۔انسان کی

پیشانی اُس کے دلی حالات کا آئینہ ہے
قلب الدین خاں جیسے سپاہی منش پنج ہزاری
اس عہدے پر سرفراز رہے ہیں۔ اگر تم سید
کمال یا سید مراد کو جو اس صوبے میں نہایت
معزز و معتبر شخص ہیں۔ یہ عہدہ عنایت کرتے
تو مضائقہ نہ تھا۔ بہر حال ولایت مذکورہ کی
فوجداری مع اس کے مشمولہ علاقوں کے تمہاری
جاگیر میں مرحمت ہو چکی ہے۔ تم اپنے جان
نثار نوکروں میں سے جس کو لائق سمجھو۔ اس
پر مقرر کرو +

اگر امان اللہ بیگ اور بہادر بیگ شہروانی
اس نورِ چشم (تم) سے علیٰحدگی اختیار کریں۔
تو بظاہر معلوم ہوتا ہے۔ کہ وہ اس کام کے
متحمل ہو سکتے ہیں۔ دیانت داری اور حالات
سے واقفیت ملکی اور مالی معاملات کے بندوبست
کا جزوِ اعظم ہے۔ کام کو بگاڑنے والے مطلب
پرست تو موجود ہیں۔ مگر سچ بولنے والے نیک
چلن آدمی نہیں ملتے۔ حضرت عرش آشیانی
(اکبر بادشاہ) جن کے پاس اچھے ملازم موجود

تھے۔ اسی لئے لگاتار فتوحات اور بہت سی مہمّوں
میں مصروف رہتے تھے۔ لیکن اعلیٰ حضرت
(شاہ جہاں) کے زمانے میں اگرچہ نامور جان
نثار غلام۔ ملکوں کو آباد کرنے والے حاکم اور
اور ہوشیار اہلِ دفتر کثیر تعداد میں موجود تھے
مگر ان سب کے باوجود وہ بذات خود بھی معاملات
کے بندوبست میں دل بستگی اور ظاہر و باطن
توجہ فرماتے تھے۔ ہمیں یاد ہے۔ کہ جس زمانے
میں اعلیٰ حضرت نے مراد بخش کو قدیم علاقوں
کی تسخیر کے لئے بلخ کی جانب روانہ فرمایا۔ تو
اس وقت دیوانِ فوج کی ضرورت تھی۔ چنانچہ
بیس باکار اور بے کار اسی وقت مل گئے۔
لیکن اب یہ حالت ہے۔ کہ میں بنگالے کی
صوبے داری کے لئے صرف ایک شخص ایسا
چاہتا ہوں۔ جو سچائی اور تجربہ کاری کے زیور
سے آراستہ ہو۔ مگر نہیں ملتا۔ افسوس۔ افسوس
ع۔ آدمی کام کا نہیں ملتا +

رقعہ ۳۷

فرزند عالی جاہ! تمہاری نیت نیک ہے۔
لیکن اس کے باوجود تم ظالموں کی کارستانیوں
اور اس گمراہ فرقے کو سزا دینے سے کیوں
غافل ہو؟ حاجی پور۔ پین پور۔ اور فوجداری
کے دوسرے تھانوں میں تو ہر روز پکڑ دھکڑ
اور سخت ظلم ہوتا ہے۔ ڈاکو پیشرگنج اور فوج
کولیاں کے قریب رہزنی کرتے ہیں۔ اور شہر
کے باشندوں اور غریب مسافروں کو باندھ کر لے
جاتے ہیں۔ تم نے توپ خانہ اور دیوان خانہ
کے داروغہ امان اللہ بیگ کو نواح کا فوجدار
مقرر کیا ہے۔ اور اُس نے تھانوں کو اپنے
بد دیانت اور رشوت خوار عزیزوں کے سپرد کر
رکھا ہے۔ مظلوم اسے ظلم سے روکنے اور راہ
راست پر لانے کے لئے اس فرزند کے (تمہارے)
پاس فریاد نہیں کر سکتے۔ افسوس۔ صد افسوس۔ وقت
خوار کی طرح گزر رہا ہے۔ اور اہلِ دنیا کے طعنے
اور خدائے بزرگ و برتر کا خوف دل سے اُٹھ

رہا ہے۔ فوجداری گجراتیوں میں سے کسی شخص کو
مثلاً صفدر خاں ثانی یا ببلول شہروانی کے کسی بیٹے
کو وغیرہ وغیرہ۔ یہ لوگ بہادری میں نیک نام ہیں
اور باشندگانِ شہر کے متعلق کافی تجربہ رکھتے ہیں
میں صاف صاف کہتا ہوں۔ کہ ہم قیامت میں
حاکموں سے رعایت کرنے اور ان کے حالات سے
غفلت برتنے کی پاداش میں پکڑے جائیں گے
مختلف علاقوں میں معتبر اور ہوشیار ہرکارے اور
واقعہ نگار مقرر کر دو۔ روز مرہ حاکموں کے
اعمال کا جائزہ لو۔ اور بر وقت بگڑے ہوئے
کاموں کی تلافی میں مصروف ہو جاؤ۔ فرد
چو پرسش گنہم روزِ حشر خواہد شد تمسکاتِ گناہانِ خلق پارہ کنند
قیامت کے دن جب میرے گناہوں کی پرسش
ہوگی۔ تو خلقت کے گناہوں کے کاغذات پارہ
پارہ کر دیئے جائیں گے +

رقعہ ۳۸

فرزندِ عالی جاہ! قاضی عبداللہ کا انتقال ہو گیا

اس نے اپنے فرائض کی بجا آوری سے ہمیں اور خلقِ خدا کو خوش رکھا تھا۔ ہمیں اس کے بیٹوں کا کچھ حال معلوم نہیں۔ اس کا بڑا بیٹا عبدالمجید خاں کچھ مدت تک تمہاری فوج کے ہمراہ قاضی رہا ہے۔ اگر اس میں فضیلت۔ بے غرضی اور نیکی کا جوہر ہو۔ تو مجھے لکھو۔ قضا سے زیادہ اہم معاملہ اور کوئی نہیں۔ کیونکہ اللہ جل شانہٗ کے بندے قاضی کے قول اور تصدیق پر قید اور قتل ہوتے ہیں۔ قاضیوں کے لئے ضروری ہے کہ حق و باطل کی تشخیص میں نیکیوں کی توفیق سے پورے طور پر بہرہ ور ہوں۔ اچھا آدمی النادر کالمعدوم[1] کا حکم رکھتا ہے +

رقعہ ۳۹

فرزندِ عالی جاہ! تم اپنے عرض گزار وارودھر کے متعلق احتیاط سے کام لیتے ہو۔ یہاں سیادش خاں

[1] کمیاب چیز معدوم کی مانند ہے ۔

شاہ میر کا دامن باوجود بلند منصب ہونے۔ اور زرخیز جاگیر رکھنے کے غرض کے داغوں سے آلودہ ہے۔ اور اس خدمت کے ذمہ دار کے لئے دیانت داری شرط ہے۔ اگر اسدالدین پسر داور خان میں جو تمہارے پاس ہے۔ عقل و شعور کے ساتھ یہ جوہر موجود ہے۔ تو لکھو۔ تاکہ اُسے یہاں بلا کر کسی عہدے پر مامور کر دیا جائے۔ یہ دل خستہ از خود رفتہ اور غرض سے پیوستہ (راقم) انسان کی تلاش میں ہے۔ لیکن انسان عنقا کا حکم رکھتا ہے +

لوگوں نے کسی حکیم سے پوچھا۔ کہ غرض کی بیماری کا کیا علاج ہے۔ اس نے کہا بے غرضی جو ایک فطری جوہر ہے۔ اور جس کی آب و تاب کو اس آقا کے خود کی نظر اور باطن کی توجہ زیادہ کرتی ہے۔ جس کا نوکر کسی حالت میں بھی محتاج اور درماندہ نہیں رہتا۔ اس کا جوہر ہمیشہ روشن اور چمکتا رہتا ہے۔ اور حاجت کا زنگ اس کی صفائی پر پردہ نہیں ڈالتا +

رقعہ ۴۰

فرزندِ عالی جاہ! بدبخت ڈاکو چار کونڈہ سے قادر آباد تک برابر لوٹ مار کرتے ہیں۔ اور بہت کم مسافر صحیح سلامت منزل پر پہنچتے ہیں گمان غالب ہے۔ کہ تم اس سے بے خبر نہیں ہوگے۔ عقلمند کو اشارہ کافی ہے۔ تمہیں دُور اور نزدیک کی خبر جلد پہنچ جاتی ہے۔ پھر روزِ جزا کے خوفناک حالات سے کیوں آگاہ نہیں ہوتے۔ آخرت کی فکر ابھی کرنی چاہئے۔ اچھے نوکر کو عنایت و نوازش سے امتیاز بخشنا اور بُرے کو اعمال کی سزا دینا انصاف ہے۔ الدنیا مزرعۃ الآخرۃ۔ دُنیا آخرت کی کھیتی ہے۔ ہمیں جواب کا انتظار ہے +

ایک ظالم نے ایک عالم سے کہا۔ کہ میرے حق میں دُعائے خیر کیجئے۔ جواب ملا۔ کہ ظالموں کے بارے میں مظلوموں کی فریاد کے سوا اور کوئی دُعا اثر نہیں رکھتی +

رقعہ ۴۱

فرزندِ عالی جاہ! ہماری جان! ہمارے عزیز اعلیٰ حضرت (شاہ جہاں) کی بیاض سے چند فقرے ہمیں پسند آئے ہیں۔ جو ہم دلی محبت کی بنا پر اس فرزندِ ارجمند کو (تمہیں) لکھتے ہیں۔ تاکہ ہم تنہا اس سے لُطف نہ اُٹھائیں

یہ چیزیں بہترین اعمال ہیں۔ بُرے آدمیوں کی طرف رُخ نہ کرنا۔ مقصد حل نہ ہونے کی صُورت میں رنجیدہ نہ ہونا۔ نیک آدمیوں کو رنجیدہ نہ کرنا۔ اور ان سے نہایت عاجزی کے ساتھ دُعا چاہنا۔ آخرت میں سرخرو ہونے کے لئے نیک کام کرنے والوں کے ساتھ صحبت رکھنا۔ اور مستعدی کے ساتھ قابل آدمیوں کی جستجو کرنا۔ جاہل آدمیوں کو اپنے پاس نہ آنے دینا۔ مستحق لوگوں کو حسبِ توفیق سوال کرنے سے پہلے خیرات دینا۔ بزرگوں کی تعظیم کرنا۔ طبیعت کو عدل و انصاف میں مصروف رکھنا اپنے سے خلاف عقیدہ رکھنے والوں کی باتوں

کی طرف راغب نہ ہونا۔ صاف۔ دل توکل پیشہ لوگوں کے حالات سے بے خبر نہ ہونا۔ اللہ والوں کے وجود کو جو عوام سے بیگانہ ہوتے ہیں۔ غنیمت سمجھنا۔ ان لوگوں کو اپنے پاس رکھنا۔ جو دُنیا اور آخرت کے کاموں کو درست کرنے والے ہیں۔ اس زمانے میں بھی اچھے آدمی بہت ہیں۔ لیکن انہیں تلاش کرنے والا دل اور اپنے پاس لانے کی توفیق کہاں۔ معلوم ہوتا ہے۔ کہ تھوڑی دیر کے بعد زمانے کے حالات اس سے بھی بدتر ہو جائیں گے۔ فرد

من ز وضع زمانہ درفکرم کہ مبادا ازیں بتر گردد

میں زمانے کی رفتار دیکھ کر اس فکر میں ہوں کہ کہیں حالات اس سے بھی بُرے نہ ہو جائیں تم سلطنت کا ارادہ رکھتے ہو۔ ڈھونڈو۔ طلب کرو۔ حاصل کرو۔ اور نگاہ رکھو +

رقعہ ۴۲

فرزندِ عالی جاہ! گلشن رواں نامی ایک پھلواری

کے بیان سے مخفی ہوگی۔ مسلمانوں اور لشکریوں کو ناگفتہ بہ حالت اور ناقابل برداشت تکلیف سے دو چار ہونا پڑا۔ خدا کا شکر ہے۔ کہ اس سراپا مشقت مہم کی تکلیف ختم ہوئی۔ اور ہم خیریت و کامیابی سے واپس آ گئے۔ اگرچہ ایسے ارادے کو دُنیا کے گناہوں کی کثرت سے تعبیر کرتے ہیں لیکن خلق خدا کو نفع اور نقصان پہنچانے میں حاکم کے اعمال کو پورا پورا دخل ہے۔ اور یہ اس بے چارے ناکارے (راقم) کی کم بختی کی طرف اشارہ ہے +

قلعہ ستارہ کا نام تارہ رکھا گیا ہے۔ فتح کا شادیانہ بجاؤ۔ اور بچپن کے زمانے کی بات یعنی "بابا جی دھون دھون" کو یاد کرو۔ قلعہ برنالہ کا نام لول تار رکھا جاتا ہے۔ ہماری جنگ کی تفصیل اپنی لونڈیوں سے معلوم کر لو +

رقعہ ۴۴

فرزندِ عالی جاہ! تم نے احمد آباد گجرات میں

گھوڑا جو اس عالی جاہ (تم) نے ہماری سواری کے لئے بھیجا ہے۔ ہم نے بہت پسند کیا۔ اس کی رفتار۔ اس کی ایال اور اس کے حُسن و جمال سے اعلیٰ درجہ کا گھوڑا ہونے کی تمام خوبیاں نمایاں ہیں۔ "نیلوفر" اور "چراچندن" پر تم ہمیشہ سوار ہوتے ہو۔ معلوم ہوتا ہے۔ کہ تم ان گھوڑوں کی سواری سے بہت خوش ہو۔ ہم دو تُرکی گھوڑے "خوش خرام" اور "صبا رفتار" جو امانت خاں نے بطور پیشکش دیئے۔ اور اللہ یار خاں کے زیر اہتمام تیار ہوئے ہیں۔ اس فرزند کے (تمہارے) لئے بھیج رہے ہیں۔ لیکن کنجوس داروغہ روتا ہوا کہتا ہے۔ کہ آپ اچھے گھوڑے کیوں دے رہے ہیں۔ بہر حال ہم ضرور بھیج دیں گے +

رقعہ ۴۳

فرزند عالی جاہ! تم نے مہم گھاٹہ کے سفر کی تکالیف کی تفصیل وکیل کی تحریر اور جاسوسوں

میر عرب درویش کو دیکھا ہے۔ وہاں دوبارہ جاؤ۔ اور انہیں اس شرمندۂ عاقبت اور طالب دُنیا (راقم) کا سلام پہنچاؤ۔ دل و جان سے انجام کار کی اچھائی اور ایمان کی سلامتی کے لئے ان سے دُعا چاہو۔ اور کہو کہ موت کا وقت قریب ہے۔ اور میں نیک عمل سے دُور ہوں۔ اس غافل (راقم) کی عُمر بے سُود گزر گئی۔ اور جس قدر باقی ہے۔ وہ بھی لاحاصل گزر رہی ہے۔ زندگی کا قدم آگے پڑتا ہے۔ اور نجات کی فکر پسِ پُشت ہے۔ فرد۔

آنچہ ما کردیم بر خود ہیچ نابینا نہ کرد
درمیان خانہ گم کردیم صاحب خانہ را

جو کچھ ہم نے اپنے آپ سے سلوک کیا ہے۔ وہ کسی اندھے نے بھی نہیں کیا۔ ہم نے گھر کے اندر ہی گھر کے مالک کو گم کر دیا ہے۔

رُقعہ ۴۵

فرزندِ عالی جاہ! میر مُدھو کوکہ کی بے ادبی و گستاخی کی سرگزشت اس عالی جاہ کے (تمہارے) واقعات سے مفصل معلوم ہوئی اُس کی حالت پر تو مولانائے رُوم کا یہ شعر صادق آتا ہے۔ کہ سے

حلم حق با تو مواسا ہا کند چونکہ از حد بگزرد رسوا کند

خدا کا حلم تیرے ساتھ غم خواری کرتا ہے۔ جب وہ حد سے گزر جاتا ہے۔ تو رُسوا کر دیتا ہے +

اُس شخص پر غصے کا اظہار کرنا۔ اور اُسے نظروں سے گرا دینا واجب ہے۔ جو بوڑھی ماں کے حقوق پر ناز کرتا ہے۔ اور شیخ سعدیؒ کے اس قول کو نہیں جانتا۔ کہ سے

منت منہ کہ خدمت سلطاں ہمے کنم
منت شناس ازو کہ بخدمت گزاشتت

تُو یہ احسان نہ رکھ۔ کہ میں بادشاہ کی

خدمت کرتا ہوں۔ بلکہ اُس شخص کا احسان مان۔ جس نے تجھے خدمت میں رکھا +

بہر حال اللہ تعالیٰ نے تمہیں عقل کا جوہر اور خوش اخلاقی کا خلعت عطا کیا ہے۔ اگر تم ہمارے کہنے پر یہ گناہ معاف کر دو۔ تو اچھا ہے۔ (رع)

کہ مستحقِ کرامت گناہ گارانند

کیونکہ گناہ گار معافی کے مستحق ہیں +

رُقعہ ۴۶

فرزندِ عالی جاہ! اعلیٰ حضرت (شاہ جہاں) نے سعد اللہ خاں سے پُوچھا۔ کہ اللہ تعالیٰ کی خوشی اور عاقبت کی بہتری کے اسباب کیا ہیں؟ اُس نے عرض کی۔ کہ" انصاف اور بخشش کی خوبیاں جو خدا نے حضور کی ذاتِ مبارک میں پیدا کی ہیں"۔ ایک شخص نے اشارۃً خان موصوف سے کہا۔ کہ" دُنیا کے میدان میں دین دار اور وفادار لوگ موجود نہیں۔

شاید آپ کی نظر سے کوئی ایسا شخص گزرا ہو اُس نے جواب دیا۔ کہ زمانہ اچھے آدمیوں سے کبھی خالی نہیں رہتا۔ عقل مند کو چاہئے۔ کہ تلاش و دریافت سے کام لے۔ اِن کے ساتھ مصروف رہ کر اپنا کام درست کرے اور غرض پرست اس کے متعلق جو کچھ نہیں۔ اس پر کان نہ دھرے +

اعلیٰ حضرت فرمایا کرتے تھے۔ کہ دین دار اور آبرو کی حفاظت کرنے والا شخص اور نیک کار کُن غنیمت ہے۔ جب کسی کو خدا تعالیٰ اعلیٰ مرتبے پر سرفراز کرے۔ اُسے چاہئے۔ کہ ان لوگوں کی تلاش کرے۔ اور جوہرِ قابل کو اپنا بنا لے۔ خواہ وہ بیگانہ ہی ہو۔ اور ایسے جاہل سے جو بے جوہر ہو۔ بیگانوں کا سا سلوک کرے۔ خواہ وہ اپنے آپ کو قریبی ہی سمجھے۔ وہ کارکُن جو اپنے دوستوں کو پالے۔ اور اپنے رشتہ داروں کا لحاظ کرے ضرور نظروں سے گر جائیگا +

رُقعہ ۴۷

فرزندِ عالی جاہ! ایک روز اعلیٰ حضرت (شاہ جہاں) نے تنہائی میں دارا شکوہ سے ارشاد فرمایا۔ کہ" وہ شاہی امرا کے حق میں کج خلق اور بدگمان نہ ہو۔ سب پر لطف و نوازش کی نظر رکھے۔ اور اِس جماعت کے متعلق غرض پرست باتونیوں کی باتیں نہ سُنے کیونکہ یہ بات کسی وقت کام آئے گی۔ میں تم سے انتہائی شفقت کی بنا پر یہ نہ کہنے والی بات کہتا ہوں۔ کہ لوگوں کے ساتھ نااتفاقی کرنے سے اپنا کام تباہ ہو جاتا ہے +

رُقعہ ۴۸

فرزندِ عالی جاہ! ایک روز اعلیٰ حضرت (شاہ جہاں) رنج و الم کی حالت میں غسل خانہ میں تشریف لے گئے۔ سعد اللہ خاں اور

علی مردان خاں نے آپ کی رنجیدہ دلی کا سبب دریافت کیا۔ اعلیٰ حضرت نے فرمایا۔کہ " متعدد ملکی و مالی ناظم وفات پا گئے ہیں۔اور ایسی شان و شکوہ کے دوسرے آدمی بالفعل نظر نہیں آتے۔جو (سلطنت کے) اہم معاملات کے متحمل ہو سکیں۔اس خیال سے کہ انتظام میں خلل واقع نہ ہو جائے۔دل پریشان ہے" فتح خاں نے عرض کی۔کہ " ازلی سلطنت کے اہم امور کی رونق حضور کی ذات بابرکات سے ہے۔ سردست غلام کے (میرے) خانہ زاد نوکروں میں سے پانچ شخص ایسے تربیت یافتہ ہیں جو حکومت کے بلند منصب۔صوبجات کی خدمات اور انتظام معاملات کے لائق ہیں۔"

صرف یہ بات سُننے سے حضور کی طبیعت خوش ہوئی۔اور حکم دیا۔کہ شام کے وقت ان سب کو ہمارے حضور میں حاضر کرو۔تاکہ ان کی صورت و سیرت کا ملاحظہ کیا جائے۔کیا اچھا ہو۔اگر کام خاطر خواہ چلتا رہے۔چنانچہ حضور پُر نور بر وقت تشریف لائے

پانچوں اشخاص نے اعلیٰ حضرت کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہونے کے بعد اپنی اپنی قابلیت کا اظہار کیا۔ان میں سے ہر ایک نے بادشاہ کی قدردانی و عنایات سے موزوں منصب حاصل کئے۔اور فرماں برداروں نے خصوصیت کی عزت پائی۔اعلیٰ حضرت نے خان مذکور کو بھی عنایاتِ خاص سے سرفراز کیا۔اور یک ہزاری ذات اور دو صد سوار کے منصب کا اضافہ کرکے فرمایا۔(ع)

اے وقت تو خوش کہ وقتِ ما خوش کردی۔

خدا تجھے خوش رکھے۔کہ تُو نے ہمیں خوش کیا

خان مذکور نے اپنی عرض کی قبولیت اور بادشاہ کی عنایات کے شکریہ میں ایک ہزار مُہریں مستحق لوگوں میں تقسیم کیں +

رقعہ ۴۹

فرزندِ عالی جاہ! تمہارے بخشی کے پیشکار کے مقدّم کامیاب خاں نے لکھا ہے۔کہ شعر

ہر کہ تیغ ستم کشد بیروں فلکش ہم بداں برید خوں

جو کوئی ظلم کی تلوار کھینچتا ہے۔اس پر آسمان بھی خون برساتا ہے +

گو انتظام کے متعلق آپ کی رائے مناسب ہے۔لیکن اگر آپ ناجائز جلدبازی کو جائز نہ رکھتے۔تو اچھا تھا۔اس کے ساتھ ہی اگرچہ خون کا خون لینا عدالت کا قانون ہے۔لیکن دل دُکھانا حضرت باری تعالیٰ کی ناراضامندی کا باعث ہے۔اسی لئے داناؤں نے کہا ہے۔کہ (ع)

در عفو لذتیست کہ در انتقام نیست

معاف کر دینے میں وہ لذت ہے۔جو بدلہ لینے میں نہیں +

رقعہ ۵۰

فرزند عالی جاہ سعادت توام محمد اعظم اللہ تعالیٰ تمہیں سلامت اور اپنی حفاظت میں رکھے تم نے ہمارے سواری کے گھوڑے دیکھے ہیں۔جہانگیر بادشاہ اصطبل کے داروغہ کو

سخت تنبیہ کیا کرتے تھے۔اس بے جوہر کے لئے صف شکن خان کا خطاب بہت بیجا ہے۔(ع)

برعکس نہند نام زنگی کافور

زنگی کا نام اُلٹا کافور رکھتے ہیں +

اعلیٰ حضرت (شاہ جہاں) کا قول ہے۔کہ بے وقوف آدمی کام کو بگاڑنے والا ہوتا ہے کیا کرنا چاہیئے۔کہ تکلیفوں۔مشقتوں۔سفر اور مہم کی تیاری کے باعث ضرورت کے وقت کوئی با موقع تجویز نہیں سوچ سکتے۔تم اپنے آدمیوں میں سے کسی کو تجویز کرکے اطلاع دو۔فرد

با ہمیں مرداں بباید ساخت چہ تواں کرد مرداں ایں اند

انہیں آدمیوں کے ساتھ گزارا کرنا چاہیئے۔اور کیا کر سکتے ہیں۔آدمی یہی ہیں +

رقعہ ۵۱

فرزندِ عالی جاہ! لونی کے پرگنہ کا واقعہ نگار اپنے بھائی کو لکھتا ہے۔کہ ہر سال باجباری

کا پندرہ سولہ ہزار روپیہ آتا ہے۔ اور امین و فوجدار ہزار دو ہزار سے زیادہ جمع نہیں کراتے۔ اصل میں یہ ماہواری نہیں۔ بلکہ راہ زنی ہے۔ عوام کا مال کھانا محض حرام ہے۔ اگر سو میں سے پانچ یا چالیس میں سے ایک لے لیتے۔ تو مضائقہ نہیں تھا۔ لیکن چونکہ اس طرح امین کی خیانت ظاہر ہوتی ہے۔ اس لئے پہلے میں تحقیقات کے لئے یہ حکم ناظم صوبہ اور دیوان کے نام صادر کرتا ہوں۔ ثابت ہونے کے بعد سمجھ لیا جائیگا۔ جو کچھ زراعت سے پیدا ہوتا ہے۔ اس کا نصف جاگیردار کے لئے زیبا ہے۔ اور اس مال کے سوا بادشاہ کا حصہ ہے اور اس میں امین و فوجدار کا کوئی حق نہیں +

اعلیٰ حضرت (شاہ جہاں) کے زمانے میں ایک شخص سواری خاص کے گزرنے کے وقت بلند آواز سے بول اٹھا۔ کہ یہ مبارک زمانہ تمام خوبیوں کا جامع ہے۔ بادشاہ منصف۔ وزیر اعظم کفایت شعار۔ منشی دین دار۔ اور

خلق خدا خوش حال ہے۔ خدا کی جناب میں ان عطیات کا شکریہ حضور کی ذات اقدس پر فرض ہے۔ اعلیٰ حضرت نے یہ باتیں سننے کے بعد تھوڑی دیر کے لئے سواری ٹھہرائی خاص بندوں کو دُور سے طلب کرکے فاتحہ کے لئے ہاتھ اٹھائے۔ اور اُسے اپنی عنایت سے نوازا +

اس وقت سعد اللہ خاں نے بادشاہ کے کانوں تک یہ بات پہنچائی۔ کہ نیکیاں خواہش کے مطابق ہیں۔ خواہش جوہر پاک کے مطابق بہم پہنچتی ہے +

رقعہ ۵۲

فرزند عالی جاہ! سعید خاں بہادر ظفر جنگ نے ایک شخص کو اعلیٰ حضرت (شاہ جہاں) کی خدمت میں پیش کیا۔ اور حسن توفیق نے اس کے متعلق اچھے کلمات بیان کئے۔ سعد اللہ خاں نے حق سے نہ گزرتے ہوئے

کہا۔ خدا سعید خان کو خوش رکھے۔ جو ایسے آدمی کو بطور نذر پیش کرتا اور اس کی نیک چلنی بیان کرتا ہے۔ اعلیٰ حضرت نے زبان مبارک سے ارشاد فرمایا۔ کہ "ذکر کرانا تمہارا کام اور اچھے آدمیوں کو کام دینا ہمارا کام اور ہمارے کاموں کی رونق ہے۔ اہل کار ہم پر یہ احسان کریں۔ کہ ہمیں اچھا لکھنے والے اور خوب تقریر کرنے والے منشی دین ویران جگہوں کو آباد کرنے والے حاکم اور اپنے ساتھ ایک جماعت رکھنے والے سپاہی کی بہت ضرورت ہے۔ جہاں سے بھی مل سکیں۔ بہم پہنچائیں۔ اور ملاحظہ کے لئے پیش کریں" +

امیر الوزرا نے کہا۔ کہ "ہمارے زمانے میں ہر طرح کا آدمی جو نیک کام کرتا ہے۔ آخرکار موزوں منصب پر سرفراز ہوتا۔ اور نہایت ہی قیمتی خلعت پاتا ہے"۔ اور حکم ہوا۔ کہ دیوان اعلیٰ اس کی قابلیت کا امتحان کرکے کوئی موزوں خدمت تجویز کریں

سعید خاں بہادر نے قدردان بادشاہ کے اس تمام حسن توفیق کے عوض دس ہزار روپیہ فقیروں۔ نیک آدمیوں اور غریبوں میں تقسیم کیا +

رقعہ ۵۳

فرزند عالی جاہ! ایک روز بہادر نامہربان کے دیوان پہاڑا مل نے اعلیٰ حضرت (شاہ جہاں) کی خدمت میں ایک فرد پیش کی۔ کہ سال بھر کے جمع و خرچ کے فرق کے سلسلے میں دس لاکھ روپیہ سرکار والا سے وصول طلب ہے۔ حضور اس کے متعلق حکم صادر فرمائیں۔ اعلیٰ حضرت نے فرد سعد اللہ خاں کے حوالے کی۔ کہ وہ سررشتہ اور دفتر دیوانی کے رُو سے تحقیق کرکے پیش کریں۔ خان مذکور نے فوراً التماس کی۔ کہ اس قسم کی رقمیں خزانے سے نہیں دی جاتیں۔ یہ روپیہ دوسرے وقت نقدی کے

حساب و کتاب میں شمار کر لیا جائیگا +
دارا شکوہ نے دربار برخاست ہونے کے بعد دیوانِ اعلیٰ کو سخت و سست باتیں کہیں۔ مگر جب غسل خانہ کے داروغہ کی بھیجی ہوئی فرد سے یہ باتیں بادشاہ کو معلوم ہوئیں۔ تو حضور نے اسی وقت برادرِ نامہربان کو ایک چٹھی لکھی۔ اور اس میں یہ فرد بھی تحریر کی۔

فرد

با صاف دل مجادلہ با خویش دشمنیست
ہرکس کشد بہ آئینہ خنجر بخود کشد

صاف دلوں کے ساتھ لڑائی کرنا اپنے ساتھ دشمنی کرنا ہے۔ جو شخص آئینے پر تلوار کھینچتا ہے۔ وہ اپنے آپ پر تلوار کھینچتا ہے +
سچ اور جھوٹ کی تحقیق کرنا بادشاہوں کا خاصہ ہے۔ پیارا دل تمہارا فائدہ چاہتا ہے اور سعد اللہ خاں ہمارے مال کی حفاظت کا خواہاں ہے۔ جب یہ فرد تمہارے دفتر سے درست ہوئی تھی۔ تو اس امر کی تحقیق مناسب تھی۔ کہ اس کی تنخواہ سعد اللہ خاں

سے حاصل ہو سکتی ہے یا نہیں۔ بادشاہی ملازموں خصوصاً سعد اللہ خان کو رنجیدہ کرنا بہت برا۔ اور ان لوگوں کا دل ہاتھ میں لانا اچھا ہے۔ اس صاحب شعور (داراشکوہ) کی مصلحتیں اہلِ معاملہ کی نیک نامی۔ اور مال کی زیادتی کا ذریعہ ہیں +
شام کے وقت اعلیٰ حضرت نے ایک ہی رنگ کے چند محمودی تھان۔ جن پر طلائی کام کیا ہوا تھا۔ اور تین ہزار دینار نقد سعد اللہ خاں کو عنایت فرمائے +

رقعہ ۵۴

فرزندِ عالی جاہ! یہ نقل ایک معتبر شخص کی زبانی ہمارے کان میں پہنچی تھی۔ جسے ہمنے قلم بند کیا ہے۔ تاکہ اس فرزند کے (تمہارے) کان میں بھی پہنچ جائے +
ایک روز اعلیٰ حضرت (شاہ جہاں) نے علی مردان خاں اور سعد اللہ خاں کو خلوت

خاص میں طلب کرنے کی عزت بخش کر زبان گوہر فشاں سے فرمایا۔ کہ ملک اور مال کا بندوبست عقل و انصاف پر موقوف ہے۔ نعوذ باللہ (ہم اللہ تعالیٰ سے پناہ مانگتے ہیں) اگر کوئی بے جوہر بادشاہ سلطنت کے مرتبے پر سرفراز ہو جائے۔ اور نا اہل وزرا اور امرا کو ملازم رکھ لے۔ تو شہروں کے بندوبست میں یقیناً خلل واقع ہو جائے رعایا پریشان و بے سامان ہو جائے۔ ملک کی پیداوار نیست و نابود ہو جائے۔ اور ہر طرف ویرانی ہی ویرانی نظر آئے۔ تم جلد فقیروں اور نیک لوگوں کی خدمت میں حاضر ہو کر ان سے درخواست کرو۔ کہ وہ پانچوں نمازوں کے بعد دعا کیا کریں۔ کہ سلطنت کی رونق کم نہ ہو۔ کوئی شخص برا کلمہ زبان پر نہ لائے۔ اور ہمارے بعد جو بیٹا بادشاہ ہو۔ اسے خدا نیک توفیق عطا کرے +
بعض اوقات دل میں خیال آتا ہے۔ کہ اگرچہ سب سے بڑے بیٹے کے پاس

شان و شوکت کا اسباب اور کر و فر اور رعب و ہیبت کا سب سامان موجود ہے لیکن وہ نیکوں کا دشمن اور بدوں کا دوست واقع ہوا ہے۔ (ع)

با بداں نیک و بد بہ نیکان است

بدوں کے ساتھ نیک اور نیکوں کے ساتھ بد ہے +
شجاع میں بے طمع ہونے کے سوا اور کوئی خوبی نہیں۔ مراد بخش ایسا ہے۔ جس کی حالت کا اندازہ ہی نہیں ہو سکتا۔ اسے ہمیشہ شراب نوشی سے سروکار ہے۔ اور وہ ہر وقت نشے میں چور رہتا ہے۔ مگر فلاں یعنی یہ عاجز فانی (اورنگ زیب) صاحب ارادہ و دور اندیش نظر آتا ہے۔ غالباً یہ سلطنت کا بھاری بوجھ برداشت کر سکتا ہے +
سعد اللہ خاں نے مولانائے روم کا یہ مصرعہ پڑھا (ع)

مرد آخر بیں مبارک بندہ ایست

مبارک ہے وہ شخص جو انجام پر نظر رکھتا

ہے۔
اعلیٰ حضرت نے فرمایا (ع)
تا دوست کرا خواہد و میلش بہ کہ باشد
دیکھیں دوست کس کو چاہتا ہے۔ اور اس
کی رغبت کس طرف ہے +

رقعہ ۵۵

میرے فرزند دلبند! کہتے ہیں۔ کہ
علی مردان خان۔ ابو سعید میرزا اور قلیج خاں
چوکی کے دن پہلے قہوہ سے سپاہیوں کی
تواضع کرتے تھے۔ حاضری کے وقت حاضری
اور چاشت کے وقت چاشت کھلاتے تھے
رخصت کے وقت خوشبو اور پان دیتے تھے
اور ان لوگوں کے گھروں میں قسم قسم
کے کھانے بھیجتے اور کہتے تھے۔ کہ ان
کی عورتیں اور لڑکے ان کی تنہا خوری و
کم ہمتی پر طعن اور افسوس نہ کریں۔
گزشتہ زمانے میں ایک شخص نے ایک

بزرگ کے پاس زمانے کی شکایت کرنی شروع
کی۔ بزرگ نے فرمایا۔ کہ ابھی تو اللہ تعالیٰ
کا بے حد شکریہ کرنے کا موقع ہے۔ کہ
انسان کو نہ روٹی کا خوف۔ نہ مال و جان
کا غم اور نہ دین و ایمان کی سستی کا
اندیشہ ہے۔ آئندہ زمانے میں دنیا والوں
کی نیتیں بدل جائیں گی۔ اور قسم قسم کا ظلم
و ستم ظہور میں آئیگا۔ انصاف اور احسان
کا نام و نشان تک باقی نہ رہے گا۔
شہروں کے محافظ اور ناظم کھلم کھلا لوٹ
مار کی طرف مائل ہو جائیں گے۔ زمانے کا
خلیفہ داد خواہوں سے چشم پوشی کرے گا۔
امیر لوگ ایک دوسرے کی مصلحت سے
ظالموں کو مدد دینے میں کوشش کریں گے
سچ زائل اور باطل ہو جائیگا۔ عورتیں دلیری
سے پیش آئیں گی۔ لڑکیاں وزارت کے
عہدے پر سرفراز ہوں گی۔ عالی مرتبہ لوگ
نہایت بے دلی اور بے قدری سے جان
بوجھ کر کاموں کی درستی سے غافل ہو

جائیں گے۔ کار و بار کے اہل آدمی باوجود گوشہ
نشینی کے بے معرف نہیں ہونگے۔ اور
بے وقوف اور ناتجربہ کار آدمی حکومت کر بیٹھے
بیٹھے باپوں کو رنجیدہ کریں گے۔ اور باپوں
کے دلوں سے محبت اٹھ جائے گی۔ نیک
عورتیں برے شوہروں کی بدکاری و بے
توجہی سے نالاں ہوں گی۔ بارش وقت پر
نہیں ہوگی۔ ظالم غلوں کو کنجوسی کی غرض
سے زیادہ مہنگا بکوائیں گے۔ ملک حاکموں کے
ظلم سے ویران ہو جائیں گے۔ خانوں۔ اور
بادشاہوں کے گھروں میں زناکار عورتیں رہنے
لگیں گی۔ اور مرد عورتوں کا لباس پہننے کی
خواہش کریں گے +

رقعہ ۵۶

فرزند عالی جاہ! تمہارے فاضل خاں میرادی
کا انتقال ہو گیا۔ دل میں ایک درد اٹھا
وہ بڈھا راز دار محنتی اور نیک تھا۔ تحویلوں

کے عملے کا حساب ہر وقت درست رکھتا تھا
اور اس بے سر و سامان (راقم) کے گھر کو
اپنی میر سامانی سے روشن کرتا تھا۔ وزیر خاں
حاجی محمد کی نیک سیرتی پر بھی شبہ نہیں کرنا
چاہئے۔ سید محمد خان اور میر نیاز بھی اگرچہ برے
نہیں ہیں۔ لیکن طبیعت کے سخت ہیں +
چونکہ تمہارے ملازم اکثر ہمارے ملازم ہوتے
ہیں۔ اس لئے اب ہم چاہتے ہیں۔ کہ قابل
خاں کو تم سے لے لیں۔ تم اس کام کے
لئے میر محمد محسن کو رکھ لو۔ یہاں آدمیوں کا
قحط ہے۔ اس کے آنے تک عنایت اللہ خاں
کام انجام دیگا۔ اگرچہ اس کے ذمے بہت سے
کام ہیں۔ حافظ مریم کا حق زیادہ ہے۔ اس
کا بیٹا بھی شخصیت سے بیگانہ نہیں (معقولی
آدمی نہیں) اگرچہ اپنوں کے ساتھ سختی سے
پیش آتا ہے +
میں دوبارہ اشارہ اور تفصیل سے نصیحتیں
کرتا ہوں۔ کہ رگھناتھ سعد اللہ خانی مالی خدمات
اپنے بھائیوں کے سپرد نہیں کرتا تھا۔ اور

کہا کرتا تھا۔ کہ یہی اہلِ کار شہروں کو تباہ کرتے ہیں۔ خداوند تعالےٰ بُرے دوست کو ہدایت دے۔ یا اُس کی گردن توڑ دے +

رقعہ ۵۷

فرزندِ عالی جاہ! خوش ذائقہ آم تمہارے بُوڑھے باپ (راقم) کو پسند آئے۔ نوجوان بیٹے کی نعمت اور دولت زیادہ ہو (ع)

ہرچہ از دوست مے رسد نیکوست

جو کچھ دوست سے مل جائے۔ اچھا ہے +

رقعہ ۵۸

فرزند عالی جاہ! اے باپ کی جان اور اُس کی زندگی کی غرض و غایت!

گجرات کا صُوبہ۔ بنگالہ۔ دکن اور کابل کی طرح نہیں۔ کہ دُوری اور سرحدِ مملکت کی بنا پر ناظموں کی تجویز خواہ مخواہ منظور ہو جائے۔

آئندہ ہمارے طریقے پر عمل کریں۔ اُس وقت تک کہ وہ بھی قریب ہے۔ وعدہ و وعیدے کام جاری رکھنا چاہیئے۔ پرگنہ دوحد کا فوجدار جو بوڑھا ہے۔ بدنی بیماریوں کے باعث تمہاری خدمت میں حاضر نہ ہو سکا +

رقعہ ۵۹

فرزندِ عالی جاہ! ایک فقیر ایک حدیث لکھ کر لایا۔ کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبرئیلؑ سے پوچھا۔ کہ سب عملوں سے بہتر کونسا عمل ہے۔ اُنھوں نے کہا۔ کہ "بادشاہوں کی خدمت جز حاجت مندوں کو نفع و خوشی پہنچاتی ہے۔" میں چاہتا ہوں کہ بادشاہوں کی خدمت میں رہوں۔ اور مسلمانوں کی حاجت پوری کرتا رہوں۔ ہم نے کہا رہو۔ کوئی نقصان نہیں +

رقعہ ۶۰

فرزندِ عالی جاہ! جو تحفے امیر لوگ حاکم کے پاس لاتے ہیں۔ انھیں واپس کرنا بیت المال کا نقصان کرنا ہے۔ اگرچہ اس دفعہ ہم نے ایک مصلحت کی بِنا پر معاف کر دیا۔ لیکن آئندہ ایسا عمل میں نہیں آنا چاہیئے +

رقعہ ۶۱

فرزندِ عالی جاہ! تُرکی گھوڑا جو تم نے اس دفعہ بھیجا ہے۔ صُورت اور سیرت کے اعتبار سے اچھا ہے۔ یہ تو پہلے گھوڑے سے بھی اچھا نکلا۔ ہم نے اس کا نام "سبک سیر" رکھا ہے۔ اور یہ اسم بامسمیٰ ہے +

رقعہ ۶۲

فرزندِ عالی جاہ! ہم نے اس فرزند کی (تمہاری) تجویز سے موسوی خان کو بخشی اوّل کر دیا ہے۔ اگر آدمی ایک کام سے بھی اچھی طرح عہدہ برآ ہو۔ تو غنیمت ہے۔ اُس کی صُورت بُری نہیں۔ اور سیرت کا مجھے علم نہیں۔ (ع)

کہ خُبثِ نفس نگردد بہ سالہا معلوم

کیونکہ دل کا کھوٹ برسوں میں بھی معلوم نہیں ہوتا +

قاعدہ یہ ہے۔ کہ جس کسی کو کوئی ملازمت دیں۔ پوشیدہ طور پر اس کے حالات کی تحقیق کرنی چاہیئے۔ کیونکہ اہلِ دُنیا شروع میں عمدہ خدمات انجام دے کر حاکموں کو فریفتہ کر لیتے ہیں۔ اور پھر نفسانی خواہشوں سے کام لیتے ہیں۔ اس جگہ افتخار خاں اور محمد علی خان کے بعد فاضل خاں۔ اور فضائل خان نے خانساماں کی خدمات خوب

انجام دی تھیں۔ اور نیکی کی علامتیں ان کی پیشانی ہی سے نظر آتی تھیں۔ بدنی بیماریوں کا علاج تو طبیب کر سکتے ہیں۔ لیکن غرض کے بیماروں کی دوا دلوں کو پلٹ دینے والا یعنی خدا ہی کر سکتا ہے +

رقعہ ۶۳

فرزندِ عالی جاہ! اللہ تعالیٰ تمہیں سلامت رکھے +

ہم چاہتے تھے۔ کہ دیانت خان عبد القادر کو فرزند زادۂ بہادر کا دیوان سرکار مقرر کر دیں۔ لیکن وہ اسم بے مسمّیٰ نکلا۔ اس سے دیانت کی توقع رکھنا خلافِ اُمید ہے +

رقعہ ۶۴

فرزندِ عالی جاہ! تم فراشوں کی تیاری اور دُرستی کا سلیقہ رکھتے ہو۔ گجرات

ہندوستان کی زیب و زینت ہے۔ اور اہل کسب و ہنر و پیشہ ور سب وہاں رہتے ہیں۔ بالفعل وہاں کے متعلقہ کارشاہی کارخانے سے جو چیز آتی ہے۔ وہ سخت اور گھٹیا ہوتی ہے۔ اس بارے میں کفایت شعاری اور احتیاط لازم ہے +

رقعہ ۶۵

فرزندِ عالی جاہ! بارگاہ والا میں نربدا کے واقعات سے تفصیلی طور پر معلوم ہوا۔ کہ اِس فرزندِ ارجمند کے (تمہارے) توپ خانہ کے داروغہ امان اللہ بیگ نے شیطان صفت کم بخت بے حیا ستا کو شکست فاش دی ہے۔ وہ اپنے آپ کو اور قافلے کو صحیح سلامت لے آیا۔ واقعی اس کی اور اُس کے ہمراہیوں کی تلاش و جان نثاری قابل تعریف ہے۔ اس کے منصب میں جو اضافہ چاہو۔ کرو۔ اور ہمیں

بھی اطلاع دو +

رقعہ ۶۶

فرزندِ عالی جاہ! معلوم ہوتا ہے۔ کہ میر جلال الدین جو اس فرزند (تم) سے علیحدہ کر دیا گیا ہے۔ ہمارے میر بخشی ہمت خان مرحوم کا بھانجا اور شریف و خاندانی سید زادہ ہے۔ تم نے اُسے موقوف کیوں کر دیا؟

رقعہ ۶۷

فرزندِ عالی جاہ! شمشیر خاں کے بیٹے کیوں جدا ہوئے؟ ان کا استعفا بے سبب نہیں ہوگا۔ پُرانے ملازموں کو ذرا سی بات پر موقوف کر دینا اور نئے ملازموں سے کام کی امید رکھنا بالکل بے معنی ہے۔ ہماری عمر کا آفتاب غروب ہونے کو ہے۔ اور تمہارے

خیالات یہ ہیں۔ بہر حال اگر وہ حضور اقدس میں آئیں۔ اور بادشاہی ملازمت اختیار کریں تو ہمیں تامّل نہ ہوگا +

رقعہ ۶۸

فرزند عالی جاہ! شعر

ہمنشین تو از تو بہ باید تا تُرا عقل و دیں بیفزاید

تیرا ہمنشیں تجھ سے بہتر ہونا چاہئے۔ تاکہ تیری عقل اور دین میں اضافہ ہو +

مُدت سے یہ بات سُننے میں آ رہی ہے کہ تمہاری جاگیر کے علاقوں میں صریح ظلم ہوتا ہے۔ جو بیکس مظلوم حاکم تک نہ پہنچ سکے۔ مگر حاکم اُسے ظلم سے نجات نہ دلوائے۔ تو قضا کے دفتر میں وہ ظلم حاکم کے نام لکھا جاتا ہے۔ بخشی دوم کو اس قدر اختیار دینا اور اس کا ایسا اعتبار بڑھانا۔ کہ کسی شخص کو اس کے کام میں دخل دینے کی مجال نہ ہو۔ کیا معنی رکھتا ہے؟ اور اگرچہ

کام کے آدمی کا اختیار جس قدر بڑھایا جائے بجا ہے۔ لیکن اُسے مختار کل بنا دینا اور اُس کے چھوٹے چھوٹے کاموں کی طرف بھی متوجہ نہ ہونا بالکل بیجا ہے۔ رُباعی

با بدمنشیں و باش بیگانۂ او
در دام اُفتی اگر خوری دانۂ او
تیر از رُخِ راستی کماں را کج دید
بنگر کہ چگونہ جست از خانۂ او

بُرے کے پاس نہ بیٹھ۔ اور اُس سے بیگانگی کا سلوک کر۔ اگر تو اُس کا دانہ کھا لیگا۔ تو دام میں پھنس جائیگا۔ تیر نے راستی کے رُو سے کمان کو ٹیڑھا دیکھا تو۔ دیکھ۔ کہ اُس کے گھر سے کس طرح نکل گیا۔ فرد

بترس از آہِ مظلوماں کہ ہنگامِ دُعا کردن
اجابت از درِ حق بہر استقبال مے آید

مظلوموں کی آہ سے ڈر۔ کہ جب وہ دُعا مانگتے ہیں۔ تو قبولیت خدا کے دروازے سے اس کے استقبال کو آتی ہے (دُعا

قبول ہو جاتی ہے)

رُقعہ ۶۹

فرزندِ عالی جاہ! افتخار خاں نے خانسامانی کے دنوں میں خوش مزاجی۔ ہمہ دانی اور استقلال و مستعدی سے یہ خوب بات کہی کہ بے دیانتی مال کی کھال نکالنے سے مخصوص نہیں سچ کو جھوٹ اور جھوٹ کو سچ ظاہر کرنا عین خیانت ہے۔ ہم بہت خوش ہوئے۔ ہم نے تمام مصاحبوں اور ملازموں کو تاکید کر دی ہے کہ وہ ہر شخص کے حالات بغیر کمی بیشی کے بیان کیا کریں۔ اور اپنایت۔ دوستی اور بیگانگی کے درجوں کو ملحوظ نہ رکھا کریں +

رُقعہ ۷۰

فرزندِ عالی جاہ! جس وقت اعلیٰ حضرت (شاہ جہاں) نے جسونت کھتری کو راجے

کا خطاب دے کر اپنا پرائیویٹ سکرٹری بنا لیا۔ تو ارشاد فرمایا۔ کہ تم ہمارے اور جاگیر طلب کرنے والوں کے درمیان امین ہو گے جب نئے منصب اور نئے ترقی پانے والوں کی یادداشت پیش ہونے کا وقت آئے۔ تو شام کو جب ہم غسل خانہ کے صحن میں صوبوں اور عمارتوں کے نقشے ملاحظہ کرتے ہیں۔ ہر روز چار پانچ منصب دار ہمارے سامنے پیش کیا کرو۔ تاکہ ہم ہر شخص کی ذاتی قابلیت اور خاندانی شرافت کی اچھی طرح جانچ پڑتال کر کے حکم صادر کریں۔ اسی طرح گھوڑوں کو داغ دینے والے داروغہ کو حکم تھا۔ کہ جس قدر داغ کے کاغذات مُہر برداروں کے پاس آئیں۔ ہمارے سامنے پیش کر کے گھوڑوں کو داغ دیا کرو۔ اور گھوڑوں کا جائزہ دیوان میں لیا کرو +

سخت تکلیف دہ مہم کی دُشواریوں کے باعث ایسے کاموں میں ہماری توجہ نہ رہی۔ جس سے ضابطوں کی ترتیب میں

بالکل خلل واقع ہو گیا۔ اعلیٰ حضرت نے دوبارہ حکم دیا۔ کہ وہ تمام اہلِ دیوان۔ بڑے بڑے امینوں۔ فوجداروں۔ داروغۂ[1] عرض مکرر کروہ بخشیوں اور منصبداروں کی جو ان گھوڑوں پر مقرر ہیں۔ دیانت داری کی تحقیق کر لیا کرے۔ کہ سب سے بہتر ہوں +

رُقعہ ۷۱

فرزندِ عالی جاہ! ہدایت کیش پنجابی جو شاہ بندہ نواز گیسو دراز کے پُر نور مزار پر شراب پی کر گیا تھا۔ اور دُعا مانگی تھی۔ اس کی بے اعتدالیوں اور بے ادبیوں کی تفصیلی کیفیت واقعہ نگار کی فرد سے معلوم ہوئی۔ اس عالی جاہ کو (تمہیں) چاہئے تھا۔ کہ جس وقت وہ نالائق اس بدحالی میں وہاں گیا تھا۔ تم

[1] ایک منصب کا نام ہے۔ یعنی وہ داروغہ جو کسی معاملے کو دربار میں دوبارہ پیش کرے +

۸۷

اپنے آدمیوں کو مقرر کرکے حکم دیتے کہ اُسے باندھ کر لاؤ - اور پاؤں میں بیڑیاں ڈال کر گُرز بردار کے ہمراہ ہمارے پاس بھیج دیتے - معلوم ہوتا ہے کہ واقعہ نگار نے کسی قسم کی رُو رعایت سے کام نہیں لیا ہم یہاں سے سخت گرز بردار مقرر کرتے جو اُس ملعون کو مُشکیں باندھ کر لے آتا - نالائق آدمی جب با اختیار ہو جاتے ہیں تو ایسا ہی کرتے ہیں - ہمیں تو ایسے حالات میں اپنے کسی فرزند کی بھی رعایت منظور نہیں عنایت اللہ خاں اور دُوسروں کا تو کیا ہی ذکر ہے +

فرمان ۲ے

یہ فرمان نزع کی حالت میں لکھا گیا۔ تم پر اور جو تمہارے پاس ہے - اس پر سلامتی ہو +

بڑھاپا آگیا - اور کمزوری زیادہ ہو گئی -

۸۸

اعضا میں قوت نہیں رہی - یگانہ آیا تھا اور سب سے بیگانہ ہو کر جا رہا ہوں مجھے اپنے آپ کی خبر نہیں - کہ کون ہوں - اور کس کام کے قابل ہوں - جو دم عبادت کے بغیر گزرا - اس کا افسوس باقی ہے حکومت اور رعیت پروری کوئی بھی مجھ سے نہ ہوئی - قیمتی عمر غفلت میں ضائع ہو گئی گھر کا مالک (خدا) تو موجود ہے - لیکن میں اپنی تاریک آنکھ میں اس کی روشنی نہیں دیکھتا - زندگی پائیدار نہیں - گزرے ہوئے دم کی نشانی ظاہر نہیں ہے - اور مستقبل کے متعلق کوئی امید نہیں - تپ نے جدائی اختیار کی - اور چمڑے کو تنہا چھوڑ دیا +

فرزند کام بخش اگرچہ بیجاپور کو چلا گیا ہے - لیکن نزدیک ہے - اور وہ عالی جاہ (اعظم) اس سے بھی زیادہ نزدیک ہے - عزیز القدر شاہ عالم سب سے زیادہ دُور ہے - فرزند زادہ محمد عظیم - اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہندوستان کے نزدیک پہنچ گیا - فوج کے آدمی سب کے

۸۹

سب بے دست و پا - پریشان اور میری طرح بے قرار ہیں - جو اپنے خداوند سے تنہائی اختیار کرکے بے تابی کی حالت میں ہے - اور پارے کی طرح تڑپ رہا ہے - وہ لوگ نہیں سمجھتے - کہ ہم صاحب نعمت رکھتے ہیں - میں اپنے ساتھ کچھ نہیں لایا تھا - اور گناہوں کا بوجھ ساتھ لے جا رہا ہوں - میں نہیں جانتا - کہ کس عذاب میں گرفتار ہونگا - اگرچہ اللہ تعالیٰ کے لطف و کرم پر نظر اور اس کی رحمت کی قوی اُمید ہے - لیکن اپنے اعمال و افعال کو دیکھتے ہوئے ہر وقت ڈر لگا رہتا ہے - جب میں اپنے آپ سے گزر گیا - تو دُوسرا کہاں رہا - ع

ہرچہ بادا باد ما کشتی در آب انداختیم

جو ہو سو ہو - ہم نے کشتی دریا میں ڈال دی +

اگرچہ پروردگار اپنے بندوں کی حفاظت کریگا لیکن ظاہری حالات پر نظر رکھتے ہوئے فرزندوں کے لئے بھی ضروری ہے - کہ

۹۰

خلق خدا اور مسلمان ناحق نہ مارے جائیں فرزند زادۂ بہادر کو آخری دُعا کہہ دیں - ہم نے رُخصت کے وقت اُسے نہ دیکھا شوق باقی رہا - بیگم اگرچہ رنجیدہ خاطر ہے - لیکن دلوں کا مالک خدا ہے - عورتوں کی کوتہ اندیشی ناکامی کے سوا اور کوئی نتیجہ نہیں رکھتی - الوداع - الوداع - الوداع

فرمان ۳ے

تیسرے شہزادہ سلطان کام بخش کے نام جو آخر وقت صادر فرمایا +

میرے فرزند! میرے جگر بند! اگرچہ میں نے با اختیار ہونے کی حالت میں نصیحت کی کہ اللہ کی رضامندی حاصل کرو - اور طاقت سے زیادہ وصیتیں کیں - لیکن چونکہ اللہ تعالیٰ کی مرضی نہ تھی - اس لئے وہ رضا کے کانوں سے کسی نے نہ سُنیں - اب کہ میں بیگانہ ہو کر جا رہا ہوں - مجھے تمہاری بے

٩١

ماں کی پر رحم آتا ہے ۔ مگر کیا فائدہ ۔ عذاب اور گناہ جو کچھ میں نے کیا ۔ اس کا ثمرہ اپنے ساتھ لے جا رہا ہوں ۔ قدرت کا عجیب کرشمہ ہے ۔ کہ تنہا آیا تھا ۔ مگر قافلہ ساتھ لے کر جا رہا ہوں ۔ اگرچہ بخار نے بارہ دن تک ساتھ دیا ۔ لیکن آخر تاب نہ لا کر مجھے چھوڑ گیا ۔ جدھر دیکھتا ہوں ۔ خدا کے سوا کوئی نظر نہیں آتا ۔ عذاب آخرت پر نظر رکھتے ہوئے فوج اور فوجیوں کا خیال دل کی رنجیدگی کا باعث ہُوا ۔ مجھے اپنے آپ کی خبر نہیں ۔ میں نے بہت گناہ کئے نہیں جانتا ۔ کہ کس عذاب میں گرفتار ہونگا بندوں کی حفاظت اگرچہ ربّ العالمین خود کرے گا ۔ لیکن بظاہر مسلمانوں اور فرزندوں پر بھی بندوں کی حفاظت اور احتیاط ضروری ہے ۔ عالی جاہ بھی نزدیک ہے ۔ تمہارے حق میں جو کچھ ضروری تھا ۔ وہ میں نے کہہ دیا ہے ۔ اُس نے بھی جان و دل سے قبول کر لیا ہے ۔ ایسا نہ ہو ۔ کہ مسلمان مارے جائیں

٩٢

اور وبال اس ناکارہ (راقم) کی گردن پر رہے + میں تمہیں اور تمہارے فرزندوں کو خدا کے سپرد کرتا ہوں ۔ اور خود رخصت چاہتا ہوں ۔ میں بے قراری کی حالت میں ہوں ۔ بہادر شاہ جس جگہ تھا ۔ وہیں ہے ۔ فرزند زادۂ عظیم الشان ہندوستان کے نزدیک آ گیا ہے ۔ اور فرزند زادۂ بہادر گجرات کے نواح میں ہے ۔ جیوۃ النسا نے زمانے کی کوئی چیز نہیں دیکھی ۔ اس لئے وہ رنجیدہ ہے ۔ اور بیگم کے حالات بیگم جانتی ہے ۔ اودے پوری تمہاری والدہ بیماری میں میرے ساتھ رہی ہے ۔ اور ساتھ رہنے کا ارادہ رکھتی ہے ۔ دربار کے آدمی ۔ اور غلام اگرچہ گندم نما جَو فروش ہیں ۔ لیکن ان کے ساتھ نرمی و صلح سے پیش آنا اور چادر دیکھ کر پاؤں پھیلانا چاہئے ۔ والسلام +

لہ ظاہر میں نیک اور باطن میں بُرے +

٩٣

رُقعہ ۷۴

سلطان محمد معظم شاہ عالم بہادر کے بڑے بیٹے شہزادہ محمد معز الدین بہادر کے نام +

فرزند زادۂ بہادر ! یہ امر ایک نمایاں خدمت اور زیادہ تعریف کا موجب ہُوا ۔ کہ تم نے ملک غازی پر فتح پا کر اُسے شکست دی ہے ۔ ہم نے تمہیں ان عمدہ خدمات کے صلے میں لکھی جنگل کی فوجداری اور دو ہزار دو اسپہ و سہ اسپہ سوار بطور عطیہ مرحمت کئے اس کے بعد تمہیں خلعت ۔ تلوار ۔ گھوڑے ۔ ہاتھی اور جواہرات کے ساتھ فرمان پہنچے گا چاہئے ۔ کہ تم ملک گیری اور اس صوبے کے فتنہ پردازوں کو جڑ سے اکھاڑنے پر جو شہزادوں کا جوہر ہے ۔ توجہ کرو ۔ اور باغیوں کو سزا دینے میں حکم کے منتظر اور نوکروں کی طرح اضافہ کے امیدوار نہ رہو ۔ کیونکہ ملک تمہارا ہے ۔ اور ہم خود چھپنے والے سورج کی طرح ہیں +

٩٤

رُقعہ ۷۵

فرزند زادۂ بہادر ! مزاج دان بیٹے محلہ داروں اور واقعہ نگاروں کے اضافہ کے لئے نہیں لکھتے ۔ وہ فرزند زادہ (تم) کیوں ایسی بیجا تجویز پیش کرتا ہے ۔ بلکہ اگر تم سمجھو ۔ تو واقعہ نگاری کی خدمت پر کسی دوسرے کو مقرر کرو ۔ کہ اب واقعہ نگار واقعہ نگار نہیں رہا ۔ شعر

چوں غرض آمد ہنر پوشیدہ شُد
صد حجاب از دل بسوئے دیدہ شُد

جب غرض سامنے آ گئی ۔ تو ہنر پوشیدہ ہو گیا ۔ سَو پردے دل سے آنکھ کی طرف چلے گئے +

رُقعہ ۷۶

سلطان محمد اعظم شاہ بہادر کے بڑے بیٹے شہزادہ محمد بیدار بخت کے نام +

میرے بہادر فرزند زادہ! مجھے باہر سے اطلاع ملی ہے۔ کہ جب وہ فرزند زادہ (تم) فتح پور میں تھا۔ تو بے حیا سرکشوں نے موضع دوہرہ پر جو جہاں آرا بیگم کے باغ کا خرچ پورا کرنے کے لئے ہے۔ حملہ کر دیا بیگم نے اس باب میں اس بیدار بخت کو (تمہیں) لکھا۔ اور تم نے بیگم کی خدمت میں معافی نامہ تحریر کیا۔ تم نے یہ معاملہ ہمیں کیوں نہ لکھ بھیجا۔ اور جو سوال و جواب ایک دوسرے کے درمیان ہوئے۔ وہ کیوں پوشیدہ رکھتے؟

رُقعہ ۷۷

فرزند زادۂ بہادر! تم بیتی شاہ راک کے قلعے کی جو پہلے فتح ہو چکا ہے۔ نذر پیش کر چکے ہو۔ یہ دوبارہ دی گئی ہے۔ چونکہ فرزند عالی جاہ جنگ کی تیاری کر رہے ہیں اس لئے اُن سے نذرانہ نہیں لیا گیا

لیکن عالی جاہ کی طرف سے فراموشی کی کوئی وجہ معلوم نہیں ہوتی +

رُقعہ ۷۸

فرزند زادۂ بہادر! ظاہری بیماریوں۔ جادو کے نقصان کے رفع دفع اور قبول ہونے والی دعا کی اُمید رکھیں۔ تمام عالم و فاضل اس بات پر متفق ہیں۔ کہ قل ھو اللہ اور الحمد للہ پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ اور اُسے پی جائیں۔ اس کا اثر بہت جلد ہوتا ہے۔ اگرچہ اپنے تمام جسم کو سونے چاندی۔ تانبے نقول اور روغن وغیرہ اجناس کے ساتھ وزن کرنا اس ملک کا اور وہاں کے مسلمانوں کا معمول نہیں۔ لیکن چونکہ اس عمل کا فیض بہت سے محتاجوں اور مسکینوں کو پہنچتا ہے۔ اس لئے اعلیٰ حضرت (شاہ جہاں) بھی سال میں دو مرتبہ اپنے جسم مبارک کو وزن کرکے اس کے برابر اجناس

وغیرہ مستحق لوگوں میں بطور خیرات تقسیم کیا کرتے تھے۔ اگر وہ نورِ چشم (تم) بھی سال میں دو بار اور ہر مرتبہ نسات دفعہ جداگانہ اجناس جن کا ذکر اوپر کیا گیا ہے۔ اپنے جسم کے ہم وزن خیرات کیا کریں۔ تو رُوحانی و جسمانی مصیبتوں کو رفع کرنے کے لئے خوب و مناسب ہے۔ شعر۔

ضعف و فقر و عجزِ ما دانستۂ ۔۔۔ دردِ ما را ہم دوا دانستۂ

تُو نے ہماری کمزوری۔ غریبی اور عاجزی کو سمجھ لیا ہے۔ اور ہمارے درد اور اُسکی دوا کو بھی اللہ شافی۔ اللہ کافی۔ اللہ معافی +

رُقعہ ۷۹

فرزند زادۂ عزیز! کسی کی غائبانہ سفارش کا یہ کیا سودا ہے۔ بادشاہی منصب خدمت کرنے اور بلند جھنڈوں کے سائے میں آئے بغیر ممکن نہیں۔ فرزند عالی جاہ بھی اس طرح نہیں کرتے۔ دربار میں بھیج دیتے ہیں

یا اپنے پاس نوکر رکھ لیتے ہیں۔ یہ فیروز جنگ اور نصرت جنگ کا طریقہ ہے۔ اس نورِ چشم کو (تمہیں) اس کام سے کیا غرض۔

رُباعی

دورانِ بقا چو بادِ صحرا بگذشت
تلخی و خوشی و زشت و زیبا بگذشت
پنداشت ستمگر کہ جفا بر ما کرد
بر گردنِ او بماند و بر ما بگذشت

زندگی کا زمانہ جنگل کی ہوا کی طرح گزر گیا تلخی۔ خوشی۔ برائی اور اچھائی سب گزر گئی۔ ظالم نے تو سمجھا۔ کہ ہم پر ظلم کیا ہے مگر اس کی گردن پر رہ گیا اور ہم پر گزر گیا +
آئندہ ایسا عمل میں نہ آئے +

رُقعہ ۸۰

میرے بہادر فرزند زادہ! اس زمانے میں کہ نیک مردوں اور عورتوں کا قحط ہے۔ کام دل کے مشورے سے کرنے چاہئیں۔

نہ کر بد راہ لوگوں کے کہنے سُننے سے۔ ہم اس سے زیادہ اور کچھ نہیں لکھ سکتے۔ کیونکہ ایسا کرنا بدگوئی اور گناہ ہے۔ (رع)

دیوار گوش دارد فہیدہ لب بجنباں

دیوار کان رکھتی ہے۔ سمجھ کر لب ہلا +

رقعہ ۸۱

میرے بہادر فرزند زادہ! میاں خان عالم ظاہری اور باطنی دونوں قسم کی بیماریوں میں مُبتلا ہے۔ اور نصرت جنگ مخالف ہے۔ رائے دلیپ کے ذریعے سے دونوں میں صُلح کرا دینی چاہئے۔ اور نصرت جنگ کی دلجوئی میں کوشش کرو۔ مالوہ کی نیابت اپنے دیوان کے سپرد کرو۔ ہم نے میر سامانی کے لئے فدا خان کو بھیج دیا ہے +

رُقعہ ۸۲

میرے عزیز فرزند زادہ! خدا تمہیں دین و دُنیا سے مستفید اور فتح مند کرے!

تم نے ترکنہ بوکلنڈ کا قلعہ گمراہ و بدبخت دُشمنوں سے لے لیا۔ خدا کا شکر ہے۔ کہ اس نُورِ چشم کے (تمہارے) کام ہر روز بہت قابلِ تعریف ثابت ہو رہے ہیں۔ تمہارا شمشیر خان بھی ہوشیار و دُور اندیش ہے۔ اچھا کام اچھے آدمی ہی سے انجام پاتا ہے۔ ہم نے ترکنہ کا نام شمشیر گڑھ رکھ دیا ہے۔ ایک کو لینا اور دُوسرے کا دعویٰ کرنا عالمگیری بیت المال کا خاصہ ہے۔ شعر

کاسۂ چشمِ حریصاں پُر نہ شد

تا صدف قانع نہ شد پُر دُر نہ شُد

لالچی آدمیوں کی آنکھ کا پیالہ کبھی نہیں بھرا جب تک سیپ نے قناعت اختیار نہ کی۔ موتیوں سے نہ بھری گئی +

رُقعہ ۸۳

فرزند زادۂ بہادر! فوجیوں کی دِل جوئی فتح مندی کا جُزوِ اعظم ہے۔ وہ نیک ذات عالی نسل (تم) ہماری ہدایت سے لبریز حکم کے مطابق اِس مہم کے انجام دینے میں پوری پوری کوشش کریں۔ کیونکہ ہندوستان کی سلطنت میں یہ روئی کا ٹکڑا حضرت صاحب قِران عرش آشیاں (تیمور) کا مُبارک عطیہ ہے۔ بے مثال بزرگی دینے والے (خدا) کی برکت وفضیلت ہے اس میں جدّت یا اضافہ ہوگا۔ سلطنت کے حالات لکھنے والے خوش تحریر مؤرّخ اس کی تفصیلات سپرد قلم کریں گے۔ جو ہمیشہ کے لئے صفحۂ عالم پر یادگار رہیں گی

شعر

اگر بہ سیرِ چمن سے روی قدم بردار

کہ ہمچو رنگِ حنا سے رود بہار از دست

اگر تُو باغ کی سیر کو جاتا ہے۔ تو قدم اُٹھا

کیونکہ بہار مہندی کے رنگ کی طرح ہاتھ سے چلی جائے گی +

رُقعہ ۸۴

خان فیروز جنگ نے اپنے ہمراہیوں کا جائزہ لیا۔ جس سے معلوم ہُوا۔ کہ وہ اُس کی تنخواہ اور منصب کے لحاظ سے زیادہ ہیں۔ ہم نے توپ۔ رہکلہ۔ بان۔ رام جنگی۔ جزائر۔ کھڑنال۔ شتر نال۔ گجنال۔ سوار معہ ہتھیاروں کے۔ گھوڑے اور ہاتھی معہ زرق برق جنگی لباسوں کے اور طمطراق کے دُوسرے لوازم جس قدر چاہئیں۔ بلکہ نہ چاہئیں۔ معائنہ کئے۔ چنانچہ ان میں سے اکثر ہمارے پاس آئے۔ تم کہ اس سے دُگنا سامان رکھتے ہو۔ کیوں روپیہ ضائع کرتے اور بے محل صرف کرتے ہو۔ جو کچھ درکار ہو۔ اُس کا مہیا کرنا ضروری اور باقی فضول ہے +

رقعہ ۸۵

فرزند زادۂ بہادر! عرضداشت بعینہٖ نظر سے گزری۔ دو صورتوں کے سوا چارہ نہیں یا یہیں مالوہ اور اکبر آباد جانا چاہئے۔ اور تم دکن میں رہو۔ یا اس کے برعکس۔ ان دونوں صورتوں میں سے جو بہتر ہو۔ لکھو +

رقعہ ۸۶

فرزند زادۂ بہادر! وہ نورِ چشم (تم) اکثر عرضداشتوں میں میرے نام کے ساتھ باقبال ابد اتصال (ہمیشہ رہنے والے اقبال کے ساتھ) لکھتے ہیں۔ اور یہ بات تو قرنوں کے لئے بھی ممکن نہیں۔ ابد کا تو کیا ہی ذکر ہے۔ ہمیشہ بمیامن افضال بیہمال ایزد متعال (اللہ تعالیٰ کے بے مثل فضل و کرم کی برکتوں کے ساتھ) لکھا کریں۔ کیونکہ انسان ضعیف پیدا کیا

گیا ہے۔ شعر

از خدا داں خلافِ دشمن و دوست
کہ دلِ ہر دو در تصرفِ اوست

دشمن اور دوست کی مخالفت خدا کی طرف سے سمجھ۔ کیونکہ دونوں کا دل اسی کے قبضے میں ہے +

رقعہ ۸۷

محمد معظم شاہ عالم بہادر کے بیٹے عظیم الدین کے نام +

ہمیشہ سے چلے آنے والے قرآن کریم کے حافظ فرزند زادہ! بعض ملکی کام بھی درپیش ہیں۔ اور اس نورِ چشم کو (تمہیں) دیکھنے کا شوق بھی حد سے زیادہ ہے۔ چاہئے۔ کہ حکم پہنچنے کے ساتھ ہی سرکار والا کے کاموں اور ہمارے شوق پر نظر رکھتے ہوئے اس جگہ کی قائم مقامی مرشد قلی خان کے سپرد کرکے خود شاہی خزانے اور فیل خانے کے ساتھ

ہمارے حضور میں روانہ ہو جاؤ۔ بلکہ اگر حکم پہنچنے سے پہلے ہی کوچ کرو۔ تو اطاعت کے زیادہ قریب ہے +

رقعہ ۸۸

فرزند زادۂ عظیم! خدائے کریم سے بے خبر غافل کی مانند مخلوق سے غافل رہنا جو خالق کی امانت ہے؛ اچھا نہیں۔ خاص کر بادشاہوں کے بیٹوں کو تو ایسا کرنا بہت برا ہے۔ ہمیشہ الموتُ حقٌ والبعثُ حقٌ والصراطُ حقٌ والجزاءُ بالشر والخفی حقٌ (مرنا اور اس کے بعد جینا حق ہے۔ صراط اور پوشیدہ کاموں کا بدلہ حق ہے) کے سچے مسئلوں کو پیش نظر رکھنا چاہئے۔ اور ہر گھڑی اپنے آپ کو دنیا کی طرف سے مرے ہوؤں میں شمار کرنا چاہئے۔ تاکہ انتظار کی خاک سے مقصد کا پودا اُگے۔ اور آرزوؤں کے پھول مظلوموں کی آہ کی صرصر سے ٹوٹ کر گر نہ جائیں۔ یہ خاص سودا تم نے کہاں

سے سیکھا۔ نہ یہ سودا تمہارے دادا کو ہے نہ باپ کو۔ بہتر یہ ہے۔ کہ یہ سودا داغ سے نکال دو۔ ہم خود نہیں دوسروں سے بہتر جانتے اور اچھا سمجھتے تھے۔ (ع)

خود غلط بود آنچہ ما پنداشتیم
جو کچھ ہم سمجھتے تھے۔ وہ غلط نکلا +

رقعہ ۸۹

فرزند زادۂ عظیم القدر! تم نے شاہ عالی جاہ کی جاگیر سے پرگنہ شکر پور کی تنخواہ کے بارے میں جو کچھ عرض کیا ہے۔ معلوم نہیں ہوتا۔ کہ اس قسم کی خیرخواہی کس طرح تمہارے دل میں آئی۔ اگر شاہ عالی جاہ نے اس فرزند زادہ (تم) سے اس مطلب کی درخواست کی ہے۔ تو مضائقہ نہیں۔ ورنہ ان خام خیالیوں کو اپنے سر سے نکال دو۔ کیونکہ اس قسم کے کام اخلاص اور دوستی میں اضافہ نہیں کرتے۔ بلکہ غرور و تکبر کے اظہار کو زیب

دیتے ہیں +

رقعہ ۹۰

فرزند زادہ عظیم! اگرچہ سری بدروکی جاگیر میں تاڑی کی پیداوار سے روپیہ جمع کیا جا سکتا ہے۔ لیکن اس بات کے سننے سمجھ میں نہیں آتے۔ کہ کس حماقت خور مفتی نے فتویٰ دیا۔ اس قسم کے گھر کو برباد کر دینے والے خیر خواہوں کو اپنا جانی اور مالی دشمن اور دُنیا اور آخرت کا بدخواہ سمجھیں۔ اور حق سبحانہٗ تعالیٰ کی نعمت کا شکر بجا لائیں۔ کہ اُس نے تین زرخیز اور دولت پیدا کرنے والے صوبے اور ہر چیز سستی اور زیادہ عطا کی ہے۔ اور رعیت کی پرورش کو دنیا اور آخرت کی دولت کا سرمایہ جانیں +

رقعہ ۹۱

اکبر آباد کے صوبہ دار امیر الامرا شائستہ خاں کے نام +

ہمارے نیک اطوار وفادار دوست! اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہو۔

شوق سے سنو۔ کہ خط لکھنے کے دن یعنی منگل ۲۰ ربیع الاول کو شکست نصیب شجاع نے اس فتح مند لشکر کے ساتھ جو اللہ تعالیٰ کے اس نہایت عاجز بندے (راقم) کی فتح سے بھری ہوئی کمان میں تھا۔ مقابلہ کیا۔ اور اپنے اس بُرے فعل کی سزا پا کر اپنی تباہی دیکھ لی۔ شعر۔

از دست و زبانیکہ برآید کز عہدۂ شکرش بدر آید

کس کے ہاتھ اور زبان میں یہ طاقت ہے۔ کہ اس (خدا) کے شکریہ کو کما حقہ ادا کر سکے +

اس شان دار فتح کی تفصیل بعد میں لکھی جائیگی۔ نامرد جسونت سنگھ کل کی لڑائی سے پہلے جب ہم نے دشمن کے نزدیک پہنچ

کر ڈیرے ڈال دئے تھے۔ بھاگ کر اکبرآباد کی طرف چلا گیا۔ معلوم ہوتا ہے۔ کہ وہ اپنے وطن کو جائے گا۔ خسر الدنیا و الآخرۃ ذالک ھو الخسران المبین۔ اُس نے دُنیا اور آخرت میں نقصان اُٹھایا۔ اور یہ کھُلا ہُوا خسارہ ہے۔ عصمۃ الخلافت کو (تمہیں) چاہئے کہ اس فرمان والا کے مضمون کی اطلاع پاتے ہی مسرت اور خوشی کا اظہار کریں۔ حقیقی نعمت دینے والے (خدا) کا شکر بجا لائیں۔ اور اس (جسونت سنگھ) کے صوبے پر قبضہ جمانے میں اچھی طرح مشغول ہو جائیں۔ ہم نے بالفعل جان کے برابر عزیز بیٹے محمد سلطان بہادر کو اس ناحق شناس کے تعاقب کے لئے مقرر کیا ہے۔ اور ہم عنقریب اکبر آباد پہنچ جائیں گے +

رقعہ ۹۲

عمدۃ الملک مدار المہام اسد خاں کے نام

آں فدوی کی (تمہاری) خواہش کے مطابق دوسری بخشی گری کی نیابت پر صدر الدین محمد خاں صفوی مقرر کیا گیا ہے۔ اب آپ مُلّانا اور اس عطیہ کی اطلاع بھیجنا چاہئے۔ اس مزاج دان کو (تمہیں) چاہئے۔ کہ اس کے آنے تک دفتر کی خبر بھی رکھیں۔ تاکہ محرر اپنی بد عملی سے اپنے عیب چھپانے کا موقعہ نہ پائیں۔ رُباعی

ہرکس بہ ضمیر خود صفا خواہد داد
آئینۂ خویش را جلا خواہد داد
ہر جا کہ شکستہ بود دستش گیر
جستجو کہ ہمیں کاسہ صدا خواہد داد

جو شخص اپنے ضمیر کو صاف رکھیگا۔ وہ اپنے آئینے کو روشن کریگا۔ جس جگہ کوئی شکستہ حال ہو۔ اُس کا ہاتھ پکڑ۔ سُن لے۔ کہ یہی پیالہ آواز دیگا +

آں فدوی (تم) خان جہاں بہادر کو لکھیں کہ گھوڑے وغیرہ کے سوداگر داد رسی چاہتے ہیں۔ اور یہ خبر صحیح ہے۔ الظلم ظلمات یوم

القیامۃ ۔ ظلم قیامت کے دن اندھیرے کا باعث ہوگا۔ اس نے استغاثہ کیوں منظور نہیں کیا۔ اور موت کی یاد جو اس کی شاہ رگ سے بھی زیادہ نزدیک ہے کیوں چھوڑ دی۔ وہ اللہ کے غضب اور بادشاہوں کے غصے سے ڈرے اور ان کو راضی کرے۔ شعر

حلم حق با تو مواسا ہا کند چونکہ از حد بگذرد رسوا کند

اللہ تعالیٰ کا حلم تیرے ساتھ نرمی کرتا ہے۔ جب وہ حد سے گزر جاتا ہے۔ تو رسوا کرتا ہے +

تم اپنے گھر میں دیوان لگا کر بیٹھتے ہو (ع)

چند گوئی خانہ و ایں خوان من

تو کب تک کہیگا۔ کہ یہ میرا گھر اور میرا دسترخوان ہے۔

آں فدوی (تم) نصرت جنگ کو بلا کر پوچھیں کہ زمرد کا نگینہ اسے مرحمت کیا جاتا ہے۔ لیکن سارا خطاب اس پر نہیں آتا۔ اگر کہے تو ہم اس پر فقط نصرت جنگ کھدوا

کر عنایت کر دیں۔ فرد

دانی کہ بر نگین سلیماں چہ نقش بود
خطے بہ زر نوشتہ کہ ایں نیز بگزرد

کیا تو جانتا ہے کہ سلیمان کی انگشتری کے نگینے پر کیا لکھا ہوا تھا۔ سنہری حرفوں میں یہ تحریر تھا کہ یہ بھی گزر جائیگا +

جس فقیر کو آج روح اللہ خاں لایا تھا ہم نے اسے دیکھا۔ وہ نہ اونچے لوگوں کے طریقے پر تھا۔ اور نہ بزرگوں کے اصول پر۔ اس شخص کو دیکھ کر میاں عبد اللطیف قدس سرہ الشریف (ان کا بزرگ بھید پاک ہو) کی نصیحت یاد آ گئی۔ ایک روز انہوں نے اس گناہ گار (راقم) سے فرمایا۔ کہ تم فقیروں کو نہ دیکھا کرو۔ ہم نے کہا۔ کہ ہم دنیا دار جو گناہوں میں ڈوبے ہوئے ہیں۔ کسی صاحب کمال فقیر کو ایک لحظہ دیکھنے سے بھی حق کی طرف مشغول نہ ہوں تو ہمارا حال اور انجام کیا ہوگا؟ انہوں نے فرمایا کہ میں اس لئے منع کرتا ہوں کہ اس

زمانے کے درویش پچھلے بزرگوں کے طریقے پر نہیں رہے۔ جب ان کو دیکھو گے تو تمہارا باطن زیادہ خراب ہو جائے گا۔ اور یہ بات اچھی نہیں۔ نعوذ باللہ منہ۔ ہم اللہ تعالیٰ سے اس بات کی پناہ مانگتے ہیں +

آں فدوی (تم) اس عزیز سے کہہ دیں کہ اللہ تعالیٰ کی بے نیازی اور اس کے بلند مرتبے کے احترام میں یہ حکم ہوا ہے کہ وہ جس جگہ چاہے رہے۔ اور اس کے بعد ہم کو اور اپنے آپ کو ملاقات سے تکلیف نہ دے۔ وظیفہ جو کچھ مقرر ہو چکا ہے۔ پہنچتا رہیگا +

رقعہ ۹۳

آں فدوی کو (تمہیں) معلوم ہو کہ اس گناہ گار (راقم) نے جس نے اس کام کو چھوڑ دیا تھا۔ تمام شریعت کی مضبوط روایات کے مطابق سے گناہوں سے توبہ کر کے جب اپنے

دل میں خوب سوچا۔ تو نفس امارہ کی کارستانی اور حیلہ سازی کے سوا کچھ نہ نکلا۔ لیکن خواہش کو کوئی شخص روک نہیں سکتا۔ فرد

نفس اژدرہاست ایں کے مردہ است
از غم بے آلتی افسردہ است

نفس اژدر ہے۔ یہ مردہ کب ہوا ہے۔ بے ہتھیار ہونے کے غم سے مرجھایا ہوا ہے +

خدا کا شکر ہے۔ کہ میں اس سے اور اس کے فریب سے خوش نہیں۔ خصوصاً نقصان سے خوش ہونا نفس کا کام ہے +

آں فدوی (تم) خلوص دل کے ساتھ باکرامت فقیروں سے خیر و عافیت اور نفس کی قید سے رہائی کی دعا کرائیں۔ تم خود بھی نیک اور شریف سید ہو۔ اگر دل کی گہرائی سے عاجزی کے ساتھ دعا کرو تو قبول ہو جائے۔ اللھم احینی مسکیناً و امتنی مسکیناً و احشرنی فی زمرۃ المساکین۔ اے خدا! مجھے مسکینوں کی طرح زندہ رکھ۔ اور مسکینوں کی طرح موت دے۔ اور مسکینوں ہی کے

گروہ میں مجھے اٹھا۔ آمین۔ آمین۔ آمین +

رقعہ ۹۴

آں فدوی کی (تمہاری) درخواست کے مطابق جو عتیق اللہ خاں بحال ہوا ہے اس میں بہت سی شرطیں ہیں۔ (۱) ہر سال پرگنہ کی آمدنی میں اضافہ کرے (۲) کسی شخص پر ظلم نہ کیا جائے۔ اور کوئی گاؤں ویران نہ ہو۔ (۳) اپنی فوجداری کی حدود کو چوروں سے اس طرح پاک اور پُر امن بنائے کہ مسافر آنے جانے والے سوداگر اور بیوپاری آمد و رفت جاری رکھیں۔ اگر یہ شرائط اُسے منظور ہوں۔ اور ان پر عمل کیا جا سکے تو عہد نامہ لکھ دے۔ ورنہ نہیں +

خلیفہ ثانی امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنی خلافت کے زمانے میں جس کسی کو نواحی علاقوں کا سردار مقرر کرتے

تھے۔ اُس سے چند چیزوں کا عہد نامہ لیتے تھے۔ (۱) دروازے پر دربان مقرر نہ کرے تاکہ لوگ بے تکلف اپنی حاجتیں اُس کے سامنے پیش کر سکیں (۲) اپنا وقت خدا اور خلق خدا کے کاموں میں گزارے (۳) سواری سے کام نہ لے (۴) ۱/۱۲ حصہ یا اپنے لڑکوں کے لئے شاہی خزانہ سے کوئی چیز نہ لے۔ کما کر حلال طریق سے روٹی کھائے۔ اگر کسی وقت بڑھاپے یا بیماری کے باعث خود نہ کما سکے تو مومنوں کے مشورے سے ایک درہم سے تین درہم تک سالانہ لے۔ سال سے زیادہ جائز نہ رکھے (۵) ہمت کو عدل و انصاف میں صرف کرے۔ اور مقدموں کا فیصلہ کرنے میں قبیلہ داری اور دوستی کی رعایت روا نہ رکھے +

اور بھی بہت سی شرطیں تاریخ۔ اور سوانح عمریوں کی کتابوں میں لکھی ہوئی ہیں ہمیں جو اُن کے سمجھتے ہیں۔ چاہئے کہ اپنی طاقت کے موافق کوشش کریں۔ بسم

اھدنا الصراط المستقیم والسلام علیٰ اہل الکریم۔ یا اللہ! ہمیں سیدھے راستے پر چلا۔ اور عزت والوں پر سلامتی ہو +

رقعہ ۹۵

آں فدوی (تم) شاہ عالم کے وکیل منعم خاں کو جو اُن کی (شاہ عالم کی) سرکار کا دیوان بھی ہے۔ آج رخصت کے لئے لائیں تاکہ وہ تباہ حال اکبر کو جو بے وفا ایرانیوں کی امداد کی اُمید پر قندھار کے قریب ہرات میں مقیم ہے۔ اور وہاں کے حاکم کا اشارہ پا کر اور کسی طرف کو نہیں جاتا۔ اور اس ناخوشگوار معاملے کا انتظار کر رہا ہے۔ اُسے اس نادرست ارادے سے باز رکھے۔ نظم

نرفت از دلم قول آں کاسہ گیر کہ مے گفت با کاسۂ پُر خطر

ندانم کہ سنگ سپہر قضا ترا بشکند پیشتر یا مرا

اس پیالے بنانے والے کی بات میرے دل سے محو نہیں ہوئی جو خوف ناک

پیالے سے کہہ رہا تھا۔ کہ میں نہیں جانتا۔ کہ قضا کے آسمان کا پتھر پہلے تجھے توڑیگا یا مجھے +

اس کی تدبیر سوا اس کے اور کچھ نہیں کہ مقدمہ فیصل ہونے یعنی اس ملتانی (راقم) کے جانے اور بلخ اور ملک کی تقسیم پر راضی ہونے تک اپنے ایک بیٹے کو کافی اور بھاری فوج کے ساتھ کابل میں اور محمد معز الدین بہادر کو بہت بڑے سامان کے ساتھ ملتان میں رکھا جائے +

نصیحت کے طور پر لکھا جاتا ہے۔ کہ بہت سے صاحب ارادہ نامور آدمیوں میں سے جو قتل و غارت کی آگ بھڑکا کر سلطنت کو حسرت سے ترک کرنے۔ تلخی سے زندگی بسر کرنے اور شرم کے مارے جان دینے پر مجبور ہو گئے۔ ایک دارا شکوہ تھا۔ اگر وہ اعلیٰ حضرت (شاہ جہاں) کی نصیحتوں پر کان دھرتا۔ تو کیوں بُرا دن دیکھتا۔ اور حق بھی اُس کی طرف تھا

لیکن غرض آدمی کو چند سانس بھی آرام سے لینے
کی مہلت نہیں دیتی۔ اللھم اصلح امۃ محمدؐ
و ارحم امۃ محمدؐ صلی اللہ علیہ و آلہ فی الاول
و الآخر۔ والسلام۔ یا اللہ محمدؐ کی اُمت کو
نیک کر۔ اور محمدؐ اور ان پر اور اُن کی آل پر
اللہ تعالیٰ کا درود ہو) اور اُن کی اُمت پر اوّل
اور آخر رحم کر۔ والسلام ٭

رقعہ ۹۶

امجد خاں کی بھیجی ہوئی فرد جس میں
امیر الامرا کے نواسوں اور محمد ظفر بخش
کے بیٹے کی بے اعتدالیاں درج ہیں۔
آں فدوی (تم) کو ارسال کر دی گئی۔ تم
محمد یار خاں کو جو میری طرح خدا سے غافل
ہے۔ حسب حکم دار الخلافہ کے فتنہ پردازوں
کو قید، اور آئندہ ایسے ضروری دُنیوی معاملات
میں جو اصل میں دینی ہیں۔ غفلت کرنے کے
باب میں لکھ دو۔ اور میں حکم بھی بھیجتا

ہوں۔ اگرچہ اس کی ضرورت نہیں۔ فرد

چشمے داری و عالمے در نظر است
دیگر چہ معلم و کتابت باید

تو آنکھ رکھتا ہے۔ اور ایک دُنیا تیری نظر
میں ہے۔ پس تجھے کس اُستاد، اور کس کتاب
کی حاجت ہے ٭

تمہاری تحریر سے معلوم ہوا۔ کہ محمد اعظم
اپنے ہمراہیوں کو شاہراہ میں ڈاک چوکی
کی طرح بٹھاتا ہے۔ ایسا کرنا کیا معنے رکھتا
ہے؟ تعجب ہے۔ کہ واقعات کی فردیں پہنچ
جانے کے باوجود اُس نے اس مقدمے کو
ہمارے سامنے پیش نہیں کیا۔ شاید اُسے
یہ بات بھول گئی ہو۔ اگر اسے کام کی
واقفیت نہیں۔ تو وہ بادشاہی امور میں
جو درگاہ الٰہی کے معاملات کا نمونہ ہیں۔
کیوں دخل دیتا ہے؟ اُسے لکھ دو۔ کہ اس
خود ساختہ بدعت کو جو اُس نے جال کی
طرح راستے میں بچھا دی ہے۔ اُٹھا لے۔
ورنہ ہم اُٹھوا دیں گے۔ استغفر اللہ ربی من

کل ذنب و اتوب الیہ۔ میں اللہ تعالیٰ سے
جو میرا پروردگار ہے۔ اپنے تمام گناہوں کی
معافی چاہتا ہوں۔ اور اسی کی طرف لوٹ کر
آتا ہوں۔ شعر

بس کنیم و زیرکاں را ایں بس است
بانگ زد کردیم اگر در دہ کس است ٭

ہم ختم کرتے ہیں۔ اور داناؤں کے لئے یہی
کافی ہے۔ ہم نے آواز دے دی۔ اگر گاؤں
میں کوئی سننے والا ہو۔

زمرد کے نگینے والی انگشتری پر جو رات
قلیچ خان کے لئے علیحدہ کی گئی تھی۔ کچھ
بھی کندہ نہیں کیا گیا۔ اب دل میں یہ
خیال آیا ہے۔ کہ اس کا خطاب چین قلیچ
خاں ہے۔ جواہر خانہ کے داروغہ سے کہو۔
کہ مہر کھودنے والے کو طلب کر کے اس
کا سارا خطاب کندہ کرائے۔ اور خان
مذکور کو بھیج دے ٭

رقعہ ۹۷

جو خط رُوح اللہ خاں نے آں فدوی کو
(تمہیں) بھیجا تھا۔ وہ کاغذات کے ساتھ
مطالعہ میں آیا۔ لیکن اس سے تسلی نہ
ہوئی۔ اپنی تحریر کے مطابق نقشہ بھیج دو۔
عبد اللہ خاں کے منصب میں جو کمی ہوئی
تھی۔ اُس نے اُس کی بحالی کی درخواست
کی ہے۔ لیکن بغیر اس کے کہ وہ کوئی کام
کرکے دکھائے۔ درخواست کا منظور کرنا کیا
معنی رکھتا ہے؟ لیکن چونکہ خان مذکور (روح
اللہ خاں) بر سرِ کار ہے۔ اس لئے اُس کی
درخواست منظور کی جاتی ہے۔ ان اللہ یرزق
من یشاء بغیر حساب۔ تحقیق اللہ تعالیٰ جسے
چاہتا ہے۔ بے حساب رزق دیتا ہے۔ اب
اُسے چاہئے۔ کہ کمربستہ ہو کر کام کرے۔
تاکہ یہ رعایت اُس کے گلے کا ہار نہ ہو
جائے۔ اور جس کام کے لئے آں فدوی
(تم) نے راؤ دلیپ کے واسطے درخواست

کی ہے۔ اگر اس کے پہنچنے سے پہلے وہ یہ آدمی فتح کر لیتا۔ تو اس کے بدلے میں اسے یہ رعایت دے دی جاتی۔ مگر اب کہ تم خود پہنچ گئے ہو۔ دلیپ کے لئے کیا حجت باقی رہ گئی ہے۔ سوا اس کے کہ صرف تمہاری خاطر اس پر مہربانی کی جائے۔

رقعہ ۹۸

پاس سال امیر خاں نے نذر کی ڈالی دیر سے بھیجی ہے۔ چنانچہ اکثر چیزیں خراب نکلیں اسے لکھو۔ کہ جلد جلد ارسال کیا کرے۔ اگرچہ ضرورت نہیں۔ فرد

حرص قانع نیست بیدل! ورنہ اسباب معاش
آنچہ ما در کار داریم اکثرے درکار نیست

اے بیدل! لالچ کو صبر نہیں آتا۔ ورنہ زندگی کے جو اسباب ہم استعمال میں لاتے ہیں ان میں اکثروں کی ضرورت نہیں +

رقعہ ۹۹

ہم آں فدوی کے (تمہارے) پاس ماتم پرسی کا اظہار کرتے ہیں۔ کیونکہ میر خان کا انتقال ہو گیا۔ اگرچہ تمہیں بھی مرنا ہے۔

رع: تا نفس باقیست راہ زندگی ہموار نیست

جب تک سانس باقی ہے۔ زندگی[1] کا راستہ ہموار نہیں +

تم (آں فدوی) دارالسلطنت لاہور کے دیوان کو جو تمہارا بھائی ہے۔ لکھو۔ کہ وہ مرحوم کے تمام مال و اسباب پر جس میں دام و درم اور سب چھوٹی بڑی چیزیں شامل ہوں۔ اور معمولی سے معمولی چیز بھی چھوٹنے نہ پائے۔ کوشش کے ساتھ قبضہ جمائے۔ باہر کی چیزوں کے متعلق بھی پوری پوری آگاہی حاصل کرے۔ اس کے عزیزوں اور قریبیوں سے لالچ دے دلا کر اور ڈرا

لہ زندگی میں ہر گھڑی بیماری اور موت کا خطرہ ہے +

دھمکا کر دریافت کرے۔ اور جو مال مل سکے اسے اپنی حفاظت میں لے لے۔ کیونکہ یہ وارثوں کا حق ہے +

جس شخص کو خلیفۂ وقت اچھائی یا برائی سے شرع کی حد سے زیادہ رعایت دیتا ہے گویا وہ عام مسلمانوں کے حق کو پامال کرتا ہے۔ اس کی زندگی کے دنوں میں ہم نے اس کی دلجوئی کے لئے یہ گناہ اپنے سر پر لیا تھا۔ اب ہم واپس کیوں نہ لیں۔

شعر

گفتگو بسیار شد کم نفس شدم
مسئلہ بسیار گفتم دم زدم

گفتگو بہت ہو گئی اس لئے میں خاموش ہو گیا۔ میں نے بہت سی باتیں کہہ ڈالیں اس وجہ سے۔ میں چپ ہو گیا +

رقعہ ۱۰۰

محمد خاں کے منصب میں یک صدی کا اضافہ کیا گیا۔ آں فدوی (تم) بخشی الملک کو حکم بھیج دیں۔ کہ وہ کچہری میں تسلیمات کرایا کریں۔ اور مخلص خاں کچہری کی مدد کرنے کے باب میں ناظم کو لکھے گا۔ اور کرم خاں کے لئے جو ہو سکے گا۔ کرے گا +

رقعہ ۱۰۱

ہم نے محمد امین خان کے بیٹے کو دستار پہنا دی۔ جواہر خانہ کے داروغہ کو حکم بھیج دو۔ کہ وہ شام کے وقت مناسب قیمت کے دو تین کاغذ کے تختے ہمارے ملاحظہ کے لئے پیش کرے۔ اگرچہ یہ کوئی قانون نہیں۔ کہ کسی ایسے شخص کو جس کا منصب چار ہزاری سے کم ہو۔ دستار عنایت کی جائے لیکن چونکہ وہ لڑکا ہے۔ اس لئے اُس

کا دل خوش کرنے کے لئے ایسا انعام عطا کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں۔ اعلیٰ حضرت (شاہ جہاں) نے بھی صادق خاں بخشی کے بیٹے کو پگڑی انعام دی تھی مگر جب اس نے ہوش سنبھالا۔ اور بڑا ہوا۔ تو حضور نے اس کے باندھنے سے منع فرمایا +

رقعہ ۱۰۲

درگاہ کے ملازم حسن علی خاں نے فرزند زادہ محمد معز الدین بہادر کے ساتھ بدمزگی پیدا کی۔ اور اجازت کے بغیر اٹھ کر چلا آیا۔ چنانچہ شہزادہ نے اس کی شکایت کی ہے تم اس کا منصب کم کر دو۔ اور اس کی جاگیر ضبط کر لو۔ تاکہ دوسروں کو عبرت ہو۔ شعر

کند تحمل بسیار مرد را بے قدر
کماں چوں تن بکشیدن دہد کبادہ شود

بہت برداشت آدمی کو بے قدر کر دیتی ہے

جب کمان زیادہ کھچ جاتی ہے۔ تو بالکل نرم ہو جاتی ہے +

اعوذ باللہ من شرور انفسنا و من سیات اعمالنا۔ میں سب کے نفسوں کی شرارتوں اور اعمال کی برائیوں سے اللہ کے پاس پناہ مانگتا ہوں +

رقعہ ۱۰۳

وہ فرمان جو فرزند ارجمند نے اس مخلص فدوی کو (تمہیں) لکھا تھا۔ ہم نے پڑھا۔ انہوں نے مجتہد اعتر کے لئے جس کے ساتھ انہیں بہت محبت ہے۔ جاگیر مقرر کرنے کی درخواست کی ہے۔ ان کے لئے کوئی علاقہ جاگیر کے طور پر مقرر کر کے ان کی تسلی کے لئے لکھ بھیجنا چاہئے +

رقعہ ۱۰۴

کاش فدوی (آپ) اپنے دل میں سوچیں۔ کہ شاید فتح اللہ خاں کو کابل بھیجنا اچھا نہ ہوگا۔ کیونکہ اول تو وہ بہت لاؤ لشکر رکھتا ہے۔ دوسرے بہادر بھی ہے۔ تیسرے اُسے غصہ بہت جلد آ جاتا ہے۔ اور وہ باتیں بہت کرتا ہے۔ ہم نے اسے رُوح اللہ خاں کا رفیق کار بنایا تھا مگر وہ خان مذکور کے ساتھ ایسا سلوک کرتا رہا۔ کہ گویا وہ اس کا ماتحت ہے۔ باوجود اس کے کہ خان مذکور میں آدمیت اور صلح جوئی کی خوبیاں تھیں۔ اور اس کا مرتبہ اور جمعیت بھی کم تھی۔ اور حضور نے اسے اطاعت کے باب میں تاکید کردی تھی۔ لیکن پھر بھی وہ خان مذکور کو ایسی تلخ اور تند باتیں کہتا تھا۔ کہ اسے لوگوں کے سامنے شرمندہ اور بے عزت ہونا پڑتا تھا۔ ایسے شخص کو جو ہزاری کے منصب پر ممتاز اور بہادری کے خطاب سے سرفراز ہو۔ دور

بھیجنے کے بجائے باخبر اور ہوشیار بادشاہ کے ساتھ رکھنا چاہئے۔ دیکھنا چاہئے۔ کہ وہ کیا کرتا ہے۔ اگر ان مرتبوں سے اس مخلص کی (تمہاری) دلجمعی ہو جائے۔ تو بھیجنے میں کیا مضائقہ ہے۔ ورنہ اس کا ہمارے پاس رہنا ہی اچھا ہے +

رقعہ ۱۰۵

فدوی مخلص الحمد اخلاص کی زبانی عنایت اللہ خان نے عرض کی۔ کہ معین پور خلافت مقروض ہیں۔ اور فوج کی تنخواہ بہت بڑھ گئی ہے جس جگہ اس قدر نامناسب عہدے۔ اور غیر ضروری تنخواہیں لوگوں کی لیاقت کا ملاحظہ کئے بغیر مقرر کی جائیں۔ اور اس قسم کی تمام بے جا رعایتیں اور انعام ظہور میں آئیں۔ بھلا وہاں ایسا کیوں نہ ہو؟ وہ قرآن کریم کے حافظ اور فاضل بے بدل ہیں۔ انہیں "ولا تبذر تبذیرا" (اور نہ

فضول خرچ کر اُن کا فضول خرچ کرنا) یاد نہیں۔ شاید وہ اس کی تفسیر کو کبھی بھول کر بھی نہیں پڑھتے۔ شعر۔

چشم باز و گوش باز و ایں ذکا
خیرہ ام در چشم بندئ خدا

کان اور آنکھیں کھلی ہوئی ہیں۔ اور طبیعت کی تیزی کا یہ عالم ہے۔ لیکن پھر بھی خدا کی طرف کوئی رغبت نہیں ہے۔

دیوان بھی سست اور کشمیری ہے
کچھ فکر کرکے کوئی اور دیوان تجویز کرنا چاہئے
اسلم خاں بُرا نہیں +

رقعہ ۱۰۶

فدوی مخلص! رات ابوالوفا نے عرض کی کہ جانماز خانہ کا سامان پُرانا اور بوسیدہ ہو گیا ہے۔ یہ بات اسلام سے بعید ہے۔ کہ دُوسرے کارخانے تو تیار کئے جائیں۔ اور یہی کارخانہ جسے تیار رکھنا چاہئے

پُرانا ہو جائے۔ خانساماں کو جلد حکم دو۔ کہ جو کچھ درکار ہو۔ داروغہ سے کہہ کر لے لے۔ اور اس کام کو انجام دے۔ (ع)

حیف صد حیف کہ ما دیر خبردار شدیم

افسوس صد افسوس۔ کہ ہمیں دیر سے اطلاع ملی +

رُقعہ ۱۰۷

رات جو فقیر آیا تھا۔ وہ علم سے بے بہرہ تھا۔ اور خشک زاہد معلوم ہوتا تھا۔ شاید اس میں بھی مکر و فریب ہو اس کی اکثر باتیں اور کام جن میں سے ایک نذروں کا رد کر دینا ہے۔ شریعت کے خلاف ہیں۔ خلیفۂ وقت بادشاہی خزانے کا امانت دار ہے۔ جو کچھ وہ کسی کو دے۔ اُس پر حلال ہے۔ اور اگر وہ اس محصول میں سے جو اُس نے علمائے دین کے فتووں اور ملک و سلطنت کے شریک

اُمرا کے مشورے سے اپنے لئے پسند کرکے اُسے اپنا خاص خرچ قرار دیا ہو۔ کسی کو کچھ دے۔ تو وہ بھی حلال ہے۔ خاص کر اس حالت میں کہ وہ بے سر و سامان ہو۔ اس کو حرام کس طرح کہہ سکتے ہیں۔ اس کی وجہ پُوچھو۔ اور اگر وہ معقول جواب دے تو اطلاع دو۔ تاکہ یہ نفس کا بندہ (راقم) بھی سمجھ جائے۔ ورنہ ایسے بدعتی لوگوں کو جو خود بخود ہی ایسی باتیں وضع کرکے اُنہیں شریعت سے منسوب کرتے ہیں۔ تنبیہ کرنی چاہئے +

سلطان محمود غفر اللہ لہٗ (اللہ تعالیٰ اُنہیں مغفرت کرے) سست مذہب اور بدعتی لوگوں کو مجلس میں نہیں آنے دیتے تھے۔ بلکہ اپنے ملک میں بھی داخل نہیں ہونے دیتے تھے۔ تاکہ دُوسرے لوگ اُن کو فقیروں کی صورت میں دیکھ کر گمراہ نہ ہوں۔ اور اُنہیں بھی گمراہ کرنے کا موقع نہ مل سکے۔ اللّٰھم اھدنا الصراط المستقیم و السلام علی اہل

اتبعنا و التسلیم۔ یا اللہ! تو ہمیں سیدھے راستے پر چلا۔ اور اُن لوگوں پر سلامتی ہو جو خدا کی رضا پر راضی اور اُس کے حکموں کے آگے سر جھکانے والے ہیں +

رُقعہ ۱۰۸

فدوی با اخلاص (تم) نے ابھی فتح اللہ خاں کی شکایت لکھی ہے۔ خان مذکور کی رُخصت کے وقت تک ہم سمجھتے تھے۔ کہ شہزادہ کو اس بیہودہ کی صحبت مفید نہیں ہوگی۔ لیکن کیا کریں۔ امرا ہمیں اپنی مرضی کے مطابق کچھ نہیں کرنے دیتے۔ اور اپنا مطلب بیان کرنے میں اصرار کرتے ہیں۔ رقعہ مختصر فتح اللہ خاں کے منصب سے پانسو پیادے اور تین سو سوار کم کر دینے چاہئیں اس کمی کا حکم بہادری کے خطاب کی منسوخی کے ساتھ بخشی دوم کے دفتر میں بھیج دیا جائے۔ اور ہمارے حکم کے مطابق

اس باتونی کو لکھا جائے۔کہ کیا نمک حلالی اسی کا نام ہے۔کہ مرشد زادہ کو اپنے سے رنجیدہ کرو۔ اور احسان فراموشی کرکے مہین پور ولی نعمت کو ناراض کر دو۔تمہاری یہ حرکت کمینے آدمیوں کا فعل ہے۔ اور جرأت پر جان قربان کرنے والے مردوں کا یہ طریقہ نہیں۔ چاہئے تھا۔کہ تم اس بڑے وسیلے سے ہماری رضامندی حاصل کرتے۔اور اُن کی سفارش سے ترقی پاتے۔ اب بھی اگر نقصان کی تلافی کر دو۔تو اچھا ہے۔ اُس کو یہ حکم بھیج دیا جائے۔اور شہزادہ کو تحریر کیا جائے +

یہ قلعہ بھی انشاء اللہ تعالیٰ عنقریب فتح ہو جائیگا۔ لیکن شیطان صفت سنتا کی فکر ضرور چاہئے۔ اور خان فیروز جنگ کو اس قابلِ سزا شریر کی گوشمالی کے لئے تاکیداً لکھو۔کہ حملے سے پہلے اس کا ناطقہ بند کر دے۔(ع)

مردِ آخر بیں مبارک بندہ ایست

مبارک ہے وہ شخص جو انجام پر نظر رکھتا ہے +

رُقعہ ۱۰۹

منعم خاں سے یہ کام اچھی طرح انجام کو نہیں پہنچا۔اور جیسا کہ چاہئے تھا۔وہ اس فرض سے عہدہ برآ نہیں ہُوا۔ وہ نالائق اور فضول باتیں بنانے والا ہے۔ اسے تعلیم دینی اور منصب کم کر دینے کی تنبیہ کرنی چاہئے۔ اگرچہ مجھے خود تربیت کی ضرورت ہے۔

ع۔ پیرم و سرگشتہ و گم کردہ را

میں بُوڑھا۔حیران اور راستہ بھولا ہُوا ہُوں +

ابولنصر خاں نے لاہور میں ہنگامہ برپا کرکے وہاں کے لوگوں کو سخت تنگ کر رکھا ہے شاید[1] اس کی عافیت کا سر کھجاتا ہے۔یا اُس نے ملک کو بغیر بادشاہ کے سمجھا ہے بخشی سے اس کے مراتب لکھا کر اپنے پاس رکھو۔اور آج شام یا کل ہمارے

[1] شاید اسے آرام کا کھانا ہضم نہیں ہوتا +

باعث پیش کرو۔تاکہ مرتبے بحال کرکے اس بے وقوف کے ہوش ٹھکانے لگائے جائیں۔فرد۔

باید نواخت فرقِ خراں را بچوب دست
بیروں نہند چوں قدم کجروی ز راہ

جب گدھے ٹیڑھا چلنے کے باعث راستے سے قدم باہر رکھیں۔تو ہاتھ کی لکڑی سے ان کے سر کی تواضع کرنی چاہئے۔

زبردست خان سپاہی ہے۔ اور بادشاہی کے کام میں اپنے باپ سے بہتر۔اُس نے دار السلطنت (لاہور۔ پنجاب) خوب کام کیا۔ اور شہر اور نواح کے اکثر فتنہ پردازوں کو تنبیہ کرکے اُن کے گھروں کو ویران کر دیا ہے۔حسب الحکم اُس کی تحسین و تعریف کرو اور اُس کے لئے مہربانی کا خلعت علیحدہ کرا دو۔(ع)

کہ مزدور خوش دل کند کار بیش

کیونکہ خوش دل مزدور زیادہ کام کرتا ہے +

رُقعہ ۱۱۰

فدوی با اخلاص! کام بخش کو جسے معاملے کی سمجھ نہیں۔ محمد اعظم شاہ کے گھر لے جا کر عذر خواہی کرنی اور باہم صلح کرا دینی چاہئے۔(ع)

دُنیا نہ متاعیست کہ ارزد بہ نزاعے

دُنیا ایسی پونجی نہیں۔جو جھگڑنے کے لائق ہو +

رُقعہ ۱۱۱

مقرب خاں کو جو برنالہ کی فتح کے لئے مقرر ہُوا ہے۔ ہمارے حکم کے مطابق اپنے زمیندار کو گرفتار کرنے کے باب میں لکھا جائے۔ اور تاکیداً لکھا جائے۔کہ خان مذکور اس وقت کہ وہ غرور کی شراب سے بے ہوش ہو کر قوم برگی کے ساتھ لڑ جھگڑ کر تن تنہا قلعہ کھلنہ کی طرف چلا گیا ہے۔ اُس پر جلد حملہ کر دے۔غالباً

وہ اس پر فتح پا لیگا - اور اِس مُسلمانوں کو دُکھ دینے والے گمراہ سے بدلہ لے گا - استغفر اللہ - وہ کیا بدلہ لیگا - جو کچھ کرتا ہے خدا کرتا ہے - اور خدا ہی عملوں کی سزا دیتا ہے +

رُقعہ ۱۱۲

آں فدوی (آپ) کل باغ میں جائیں - اور سَیر و تفریح کا لُطف اُٹھائیں - تمام چوکی کے آدمی کیا سیر کرنے والے اور کیا اُن کے علاوہ تمہارے ساتھ ہونگے - اور تمہارے دِل کو خوش کرنے کی کوشش کرکے سرُور کو بڑھانے کا باعث ہونگے (ع)

چوں ازو گشتی ہمہ چیز از تو گشت

جب تُو اُس سے پھر گیا - تو تمام چیزیں تجھ سے پھر گئیں +

رُقعہ ۱۱۳

فدوی درگاہ ! عالی جاہ تشریف لائے ہیں - محمد کام بخش کو استقبال کے لئے جانا چاہئے اور اُن اُمرا کو بھی جن کے نام تمہارے رُوبرو لئے گئے تھے - حکم بھیج دیں +

رُقعہ ۱۱۴

فدوی درگاہ ! مخلص خاں بیمار ہے - اِس با اخلاص کی بیمار پُرسی کے لئے جائیں - اور ہماری طرف سے بھی حال پوچھیں - یہ لوگ غنیمت ہیں - اس کے اخلاق اعلیٰ حضرت (شاہ جہاں) کو بہت پسند آتے تھے - حقیقت یہ ہے - کہ دیانت اور ایثار کا جوہر جیسا کہ چاہئے - اُس میں موجود ہے خدا اُسے صحت بخشے - اُس کا بیٹا آج نہیں آیا - وہ کہاں ہے - اور کیا کرتا ہے - اُسے یونہی نہیں چھوڑنا چاہئے - بلکہ اُس کی تربیت

کرنی چاہئے - اس نے چند سیپارے حفظ کئے تھے - کہیں وہ اُنہیں بُھلا نہ دے +

قاسم خاں نے قلعہ جنجی کی فتح کے بارے میں درخواست کی ہے - کہ شہزادہ محمد کام بخش کو حضور میں بھیج کر آں فدوی کے (تمہارے) پاس روانہ کر دیا جائے - معلوم کرنا چاہئے - کہ اِس کی کوئی اصل و بُنیاد بھی ہے - یا آں فدوی کے دِل توڑنے کی تمہید ہے - دنیا دار لوگ نفسانی خواہشوں کے لئے کیا کچھ نہیں کہتے - اور اپنا کام بنانے کے لئے کیا کچھ نہیں بگاڑتے - اگر وہ بے حیا راما ہی کو گرفتار اور قلعہ فتح کر سکے - تو اس سے بہتر اور کیا ہے - ورنہ سردار خاں بھی پُرانا تجربہ کار ہے - اُسی کو بحال کر دینا چاہئے +

رُقعہ ۱۱۵

فدوی درگاہ ! کل شہزادہ شاہ عالم بہادر ہمارے حضور میں آئیں گے - بخشی الملک اور

دُوسرے لوگوں کو اپنی فوجوں کے ساتھ استقبال کے لئے جانا چاہئے - اور اُنہیں عمدہ طریق سے لا کر ہماری آنکھیں روشن کرنی چاہئیں۔

شعر

خوشا وقتے و خُرّم روزگارے کہ یارے برخورد از وصلِ یارے

وہ وقت کیسا اچھا اور وہ زمانہ کیسا مبارک ہے - جب ایک دوست کو دُوسرے دوست کی مُلاقات نصیب ہو +

رُقعہ ۱۱۶

فدوی با اخلاص ! عرضیوں پر دیوان کے دستخط جو حرف عین کی صُورت میں کئے جاتے ہیں - درکار نہیں - اِس عین علّت کو درمیان سے اُٹھا دینا چاہئے - عنایت اللہ خاں کی معتبری کا میم کافی ہے - اور ہمارے خیال میں پروانہ پر "حسب المسطور" بھی لکھنا زائد ہے +

مشہور بات ہے - کہ پہلے جہان میں ظلم

کی بنیاد تھوڑی تھی۔ جو کوئی آیا۔ اس میں اضافہ کرتا گیا۔ یہاں تک کہ اس انتہا کو پہنچ گیا۔ جب تک قاضی اور دوسرے کشمیری آدمیوں کے مقدمے کا فیصلہ نہیں ہو جاتا ابراہیم خان کے منصب میں تخفیف بدستور رہے گی۔ (ع)

کلوخ انداز را پاداشِ سنگ است

ڈھیلا مارنے والے کی سزا پتھر ہے (اینٹ کا جواب پتھر ہے)

خدا کا شکر ہے۔ کہ جنجی کا قلعہ فتح ہو گیا۔ اور رانا بھاگ گیا۔ اُسے گرفتار کر لینا چنداں مشکل نہ تھا۔ لیکن تجربہ کار آدمیوں کی چشم پوشی سے وہ ہاتھ سے نکل گیا۔ اور کچھ دیر اور ان کا سرد ہونے والا بازار گرم رہے گا۔ انہیں کہنا چاہئے کہ دُنیا کو نہ کھاؤ۔ پیشتر اس کے کہ وہ تمہیں کھا جائے +

ف ہوا و ہوس کو پورا کرنے سے پرہیز کرو۔ کیونکہ تمہیں مرجانا ہے +

رقعہ ۱۱۷

فدوی بارگاہ! یار علی بیگ نے اپنے آپ کو کیوں اس قدر تکلیف میں ڈالا ہے۔ اور کیوں وہ کلوا و اشربوا (کھاؤ اور پیو) پر عمل نہیں کرتا۔ حالانکہ شریعت میں اس بات (کھانا پینا) سے منع نہیں کیا گیا۔ اور اُسے ولایت کا مرتبہ بھی حاصل نہیں۔ پھر وہ کیوں بھیں اور اپنے آپ کو لوگوں میں بدنام کرتا ہے۔ آدمی کو چاہئے کہ ہر دلعزیز ہو۔ لیکن وہ بھی کیا کرے۔ کیونکہ یہ بات اپنے اختیار کی نہیں

فرد

بخت و دولت بزور بازو نیست

تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

قسمت اور دولت بازو کے زور سے نہیں ملتی۔ جب تک بخشنے والا خدا نہ بخشے +

اعلیٰ حضرت (شاہ جہاں) باغ حیات بخش کی تازگی۔ دارالخلافہ کے دولت خانہ کے

مکانات درختوں کی آرائش۔ پھلوں کی پرورش شیشوں اور حوضوں کی صفائی اور پودوں اور نہروں کی غور و پرداخت کی طرف بہت توجہ فرماتے تھے۔ دارالخلافہ کے قیام کے دنوں تک یہ مسافر (راقم) بھی ان چیزوں کا خیال رکھتا تھا۔ اگر محمد یار خاں ہمیشہ خود جا کر ان چیزوں کی تازگی و شادابی کی طرف متوجہ ہو۔ تو اس سے بہتر اور کیا ہو سکتا ہے۔ ورنہ اب تم ہر روز ایک دفعہ خود جایا کرو۔ اور قلعے کی عمارتوں کی صفائی و مرمت اور باغوں کی آرائش کے لئے کماحقہٗ واقف ہو کر تمام باغوں۔ قلعۂ مبارک کی عمارتوں اور صاحب آباد۔ اعز آباد۔ نور باڑی سرہند باڑی (جو ہمشیرہ عزیز القدر سے متعلق ہے) وغیرہ اور نہروں اور درختوں کی کیفیت اس مسافر (راقم) کے دارالخلافہ سے باہر آنے کے وقت سے اب تک مع نمبروں کے معائنہ کر کے لکھو۔ بلکہ نقشہ بھیجو۔ باغ انگوری۔ قلعہ کے دُوسرے پائیں باغوں اور

باغ حسن نماں کی کیفیت جس کی بے حد تعریف عام لوگوں اور نیز معتبر آدمیوں کی زبانی سننے میں آئی ہے۔ تحریر کرو۔ تاکہ اصل حالات بہت اچھی طرح معلوم ہو جائیں۔ اور اس زر و مال کی جو ٹوٹی پھوٹی صورت میں ہے۔ اصلاح عمل میں آسکے +

افسوس کہ ہم نے دل کے ویرانے کو تعمیر نہ کیا۔ اور لڑکوں کی طرح عمر کھیل کود میں گزار دی۔ شعر۔

صرفت العمر فی لہو و لعب فآہ ثم آہ ثم آہ

میں نے زندگی کھیل کود میں بسر کر دی افسوس ہے۔ افسوس ہے۔ افسوس ہے۔

رباعی

افسوس کہ عمر رفت و ہشیاری نیست

نہ ذاکر امید خویشتن داری نیست

گفتم کہ چو بیدار شوم روز بود

ہیہات کہ روز رفت و بیداری نیست

افسوس کہ عمر گزر گئی۔ اور ہوش نہ آیا۔

افسوس کہ اپنی حفاظت کی اُمید باقی نہیں رہی میں نے کہا۔ کہ جب میں جاگوں گا - تو دن ہوگا۔ افسوس کہ دن گزر گیا - اور میں نہیں جاگا +

مدعی کو قید کرنا تو شریعت کے خلاف ہے - اُن کو اِس پابند (راقم) کے ہاتھ سے رہائی دلانا اور قاضی[1] القضاۃ کی طرف رجوع کرنا چاہئے - تاکہ وہ شریعت غرا کے مطابق فیصلہ کرے - اور کسی کو افسوس و رنج نہ ہو - خدا کا شکر ہے - کہ ہمارا قاضی دین دار نیک اور پرہیزگار ہے - اُسے کسی قسم کا لالچ اور لحاظ نہیں - اور وہ مقدموں کے فیصلے میں حق و حساب پر نظر رکھتا ہے ارضوا بحکم القاضی - قاضی کے حکم پر راضی ہو جاؤ +

صوبۂ احمد آباد کا ناظم شجاعت خان ہزاری ہزار سو کے منصب پر سرفراز ہو گیا۔

---

[1] معنی سے بڑا قاضی + [2] روشن +

ت - اسے بلکہ دینا چاہئے - فرد

این قدرا کہ دیدۂ جزو است
کار کلی ہنوز در قدر است

یہ جس قدر (اضافۂ منصب) تو نے دیکھا ہے - جزئی ہے - آئندہ پوری ترقی ہونے والی ہے ہمارے دل میں ہے کہ اگر وہ سلطنت کے کاموں میں اسی قسم کا ایثار اور جاں فشانی دکھاتا رہے - اور فتنہ پردازوں کی تنبیہ اور زمینداروں کی دلجوئی میں ایسی ہی سرگرم کوشش کرتا رہے - تو وہ اور عنایات سے بھی ممتاز کیا جائیگا - اور اس سے بھی بلند تر مرتبے پر سرفراز ہوگا - نظم -

نردبان این جہان ما و منی ست
عاقبت زین نردبان افتادنی ست
ہرکہ بالا تر رود ابلہ تر ست
استخوانش خرد تر خواہد شکست

اس جہان کا زینہ غرور اور تکبر ہے آخرکار اس زینے سے گرنا ہے - جو شخص زیادہ اُوپر کو جاتا ہے - وہ زیادہ احمق

ہے - اس کی ہڈیاں چور چور ہو جائیں گی +

رقعہ ۱۱۸

شجاعت خاں کا انتقال ہو گیا - انا للہ و انا الیہ راجعون (تحقیق ہم اللہ ہی کے لئے ہیں - اور اسی کی طرف رجوع کرنے والے ہیں) وہ تجربہ کار آدمی تھا - گجرات میں اس نے خوب کام کیا - اب اس علاقے کے لئے کوئی صوبہ دار تجویز کرنا چاہئے - یا خود ہی سوچ کر دو تین آدمیوں کے نام پیش کرنے چاہئیں - عالی جاہ کی بھی خواہش ہے - اگر وہ شہزادگی سے کام نہ لیں - اور دوسروں سے بہتر اپنے فرائض انجام دے سکیں - تو ہم انہیں یہ عہدہ دے سکتے ہیں - باللہ التوفیق و الیہ الرشاد - اللہ ہی کو توفیق ہے - اور اسی کی طرف راہِ ہدایت ہے - اس معاملے میں خیر اندیش خان سے بہتر اور کوئی

نہیں - لیکن کہتے ہیں - کہ اس کی آنکھیں بیکار ہو چکی ہیں - خیر اسے یا کسی اور کو مقرر کر دیں - عتیق اللہ خاں بھی بُرا نہیں +

حفظ اللہ خاں نے ابراہیم خان - اور کشمیریوں کے مقدمے کا فیصلہ اچھا نہیں کیا - اور دُور اندیشی سے کام نہیں لیا -

شعر

حیف بریں دانش و آئین او
کور شدہ دیدۂ حق بین او

اُس کی اِس عقل اور قاعدے پر افسوس ہے - اس کی حق کو دیکھنے والی آنکھ اندھی ہو گئی +

دین داری کے معاملے میں حق کی تحقیق کو ہاتھ سے دے دینا کیا معنی رکھتا ہے؟ اور اسی لئے کہا کرتے ہیں - کہ قاضی اور امین کو تحقیقات میں بہت سختی کرنی چاہئے تاکہ مقدمے میں انکار اور اقرار کی گنجائش نہ رہے - اور مقدمے فیصل کرنے میں ہرگز کوتاہی نہیں ہونی چاہئے - اور غالب

فریق کے اعتبار کا لحاظ نہیں کرنا چاہئے۔ اس قسم کے آدمی پہلے بھی کم تھے۔ اور اس وقت تو جب ایمان کمزور۔ اور شیطان طاقتور ہے۔ بالکل نایاب ہیں +

رُقعہ ۱۱۹

ابراہیم خان سے احکام کی تعمیل میں بہت دیر ہو جاتی ہے۔ ہزار سوار اس کے منصب سے کم کر دینے چاہئیں۔ یہ صحیح ہے۔ کہ ہماری نرمی کاموں کو برباد کر دیتی ہے۔ (ع)

راستی یا خواجگی یا بندگی

انسان یا راستی کو حاصل کر سکتا ہے۔ یا آقائی یا غلامی کو +

رقعہ ۱۲۰

روح اللہ خاں نے دیوانِ دکن اور اس

طرف کے قلعہ داروں کے نام احکام صادر کرنے کی درخواست کی ہے۔ تاکہ اس ضلع کے پرگنوں کے حالات۔ خواہ وہ سرکاری علاقہ ہو۔ یا جاگیر ہو۔ یا کچھ اور جو بذیت مسعود خاں کی تبدیلی سے ضبط ہو گیا ہے دریافت کرکے عرض کرے۔ جو کچھ سرکاری علاقہ مقرر ہو۔ اس کے لئے امین اور کروڑی[1] مقرر کر دیں۔ اور جو کچھ جاگیر قرار پائے۔ اس کے لئے پروانہ دیں۔ ضرورت کے وقت توپ خانہ اور مورچوں کا جو سامان درکار ہو۔ بھیجا جائے۔ اسے لکھ دینا چاہئے۔ اور ایک شزاول مقرر کر دینا چاہئے۔ کہ وہ بیلداروں کو خزانے کے ہمراہ اس کے پاس پہنچا دے۔ اور فرزند بہادر کا نشان جس کے متعلق انھوں نے خان مذکور کو لکھا ہے۔ وکیل کے حوالے کر دیا جائے۔ یا اپنے خط میں لپیٹ کر بھیج دیا

[1] محصل۔ سرکاری روپیہ وصول کرنے والا۔ تحصیلدار۔

جائے۔ دوسری بات پر عمل کیا جائے۔ تو بہتر ہے +

یہ شخص اس جماعت میں سے نہیں۔ جو ہمیشہ ایک ہی طریق پر چلتی ہے۔ یہ ساری عاجزی اپنا مطلب نکالنے کے لئے ہے۔ شاید اس کا دل بھی صاف نہ ہو۔ اسے فہمائش کے طور پر لکھا جائیگا۔ فرد

از اختلاط چساں بیگانہ کے شود خویش
ہرچند جامہ تنگ ست مجزو بدن نہ گردد

متواتر میل جول کے ساتھ پرایا اپنا کب بنتا ہے۔ جامہ خواہ کتنا ہی تنگ ہو۔ جسم کا حصہ نہیں بن سکتا +

رُقعہ ۱۲۱

ذوالفقار خان نے بظاہر شزاولوں کو توپ خانے لے جانے کے لئے مقرر کرکے روح اللہ خان کو عین جنگ کی حالت میں پریشان کیا ہے۔ اگرچہ یہ بھی بادشاہی کاموں میں

سے ہے۔ لیکن خان مذکور لکھے۔ کہ قلعہ فتح کرنے تک اُسے توپوں کی ضرورت ہے۔ یا اس کا شزاول کام کی اس صورت کو ضروری نہیں خیال کرتا۔ قلعہ اور مورچوں کا نقشہ جو اس نے بھیجا تھا۔ نظر سے گزرا۔ جو سمت اس نے مورچے کے لئے مقرر کی ہے۔ وہ اچھی ہے اور کئی وجوہ سے دوسرے علاقوں پر فوقیت رکھتی ہے۔ لیکن خندق کے نہ ہونے سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ اس طرف بظاہر زمین پتھریلی ہوگی۔ سرنگ بنانا مشکل ہوگا۔ دو تین جگہ زبردست دمدمے بنانے چاہئیں۔ تاکہ توپوں کی ضربوں سے اہلِ قلعہ استقلال کا رشتہ ہاتھ سے چھوڑ دیں قلعے کی دیواروں میں زلزلہ آ جائے اور یہ مہم جلد سر ہو جائے +

اس بارے میں ہم اپنا فرمان بھی بھیجتے ہیں۔ اور جیسا کہ چاہئے۔ ہم اپنے ہاتھ سے تاکید لکھ دیتے ہیں۔ شعر

بامید ہائے چنیں شاخ شاخ

نداریم چشم کشائش فراخ
ایسی قسم تکلم کی اُمیدوں کے ساتھ ہماری کشائش کی آنکھ فراخ نہیں۔ استغفراللہ - استغفراللہ - میں اللہ سے بخشش طلب کرتا ہوں - میں اللہ سے بخشش طلب کرتا ہوں +

رُقعہ ۱۲۲

اُن حالات سے جو فرزند زادۂ بہادر کی فوج کے واقعہ نگار نے بھیجے ہیں معلوم ہُوا - کہ شکر اللہ خاں دُشمن کے نزدیک آ جانے کے باوجود شراب پینے میں مشغول رہا - اس نے مخالفین کی گوشمالی کے لئے خود سوار ہو کر جانے کے بجائے دُوسرے لوگوں کو بھیج دیا - رات نوازش خان کے گھر جا کر شراب پینے اور ناچ رنگ دیکھنے میں شام سے صبح کر دی - اور وہ منع کرنے کے باوجود باز نہیں آتا - بلکہ اِن

بُرائیوں پر قائم رہنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ یہی وجہ ہے ،کہ واقعہ نگار نفسانی اغراض کے لئے ہمارے تربیت کردہ خانہ زادوں پر بہت سے الزام عائد کر دیتے ہیں۔ چاہیئے - کہ آں فدوی (تم) دیوان کو لکھیں کہ وہ تمام مراتب کی کماحقہٗ تحقیق کرکے ہمارے حضور میں عرض کرے +

رُقعہ ۱۲۳

فتح اللہ خان کو لکھو - کہ عریضوں سے تمہاری عمدہ خدمات کی مفصّل کیفیت معلوم ہوئی - اور تمہارا حسن خدمت منظور کر لیا گیا - تم اِس[1] جاں فشانی کو خدمت فروشی میں تبدیل نہ کرنا - اور سوار کو رنجیدہ کرکے ہمیں آزردہ نہ کرنا +

[1] اپنی خدمت پر فخر اور اپنی ذات کی تعریف نہ کرنا +

رُقعہ ۱۲۴

مستمند خاں کی جو فرد اس کی جاگیر کی خرابی کی مظہر تھی - اور اُس نے چوروں کی چھاؤنی کے سبب خود لکھ کر اور اپنی مُہر لگا کر بھیجی تھی - ہمارے ملاحظہ میں آئی اس نے التماس کی ہے - کہ اس بدبخت گروہ کی گوشمالی کے لئے معمور خاں کا تقرر عمل میں آئے - حسب الحکم خان فیروز جنگ کو لکھو - کہ چونکہ دشمن کی تعداد زیادہ ہے اِس لئے وہ اپنے بیٹے کو مناسب فوج کے ہمراہ اِس طرف بھیج دے +

رُقعہ ۱۲۵

سیّد سعد اللہ نے دوبارہ ہمیں خط بھیجے ہیں اور بہت سی باتوں کا اظہار کیا ہے کہ بندرگاہ سُورت کے واقعہ نگار کو تبدیل کر دینا چاہیئے - اور حکیم اشرف مرحوم کے

بیٹے کو دار الشفا کی خدمت سپرد کرکے اُس کے روزینہ میں اضافہ کر دیا جائے - سیّد کو لکھ دو - کہ اس کے بعد وہ ملازموں کے معاملے میں جو آیہ کریمہ ولا ترکنوا الی الّذین ظلموا فتمسّکم النار (اور ان لوگوں کی طرف رغبت نہ کرو - جنوں نے تمہارے نفسوں پر ظلم کیا - اور آگ تمہیں جلا دیگی) کے مطابق اصل میں ظالم ہیں - دخل نہ دے - اگرچہ یہ گروہ دوسروں پر ظلم نہیں کرتا - لیکن اپنے نفس پر ظلم کرتا ہے +

تم اپنے ہر خط میں اللہ کی راہ میں مرنے کی دُعا مانگتے ہو - سچ ہے - اِس موت میں زندگی ہے - خدائے بے نیاز کی درگاہ کا یہ نیازمند (راقم) بھی ہمیشہ یہ آیۂ کریمہ وردِ زباں رکھتا ہے - کہ اللّٰھم فاطر السمٰوات والارض انت ولیّی فی الدنیا و الاخرۃ توفّنی مسلما و الحقنی بالصّالحین - اے آسمانوں اور زمینوں کے پیدا کرنے والے خدا ! تو ہی دُنیا اور آخرت میں

میرا دوست ہے۔ تو مجھے مسلمان کی موت دے۔ اور نیکوں کے ساتھ ملا دے۔ اور میں اس مقولے پر عمل کرتا ہوں۔ کہ یعنی قبل التقاء الانبیا و الاولیاء اجمعین۔ تمام انبیا اور اولیا کی طرف سے فیض آنے سے پہلے ان فیوض کی صورتیں میرے دل میں آ جانی چاہئیں۔ اگرچہ دربار کے فاضلوں نے اس بارے میں عمدہ عمدہ نکتے پیدا کئے ہیں۔ مگر جیسا کہ چاہئے تسلی نہیں ہوتی۔ آں معرفت آگاہ (تم) اس مقولے کے متعلق اپنی تحقیق لکھیں۔ والسلام +

رقعہ ۱۲۶

یاقوت کا جلد پہنچنا اور تحقیق کے بعد محمد کام بخش کے بدبخت کو۔ کا نشانہ ہونا آں فدوی کو (تمہیں) معلوم ہو گیا ہوگا چونکہ اس کی تنبیہ اور نادان شہزادے کو اس سے جدا کرنا ضروری تھا۔ لہذا ہم نے

ایسا ہی کیا۔ اور اس برے ہمنشیں کے ساتھ جو سلوک کرنا چاہئے تھا۔ ہم نے کیا۔ و من یکن الشیطان لہ قرینا فساء قرینا۔ اور جس کا ہم نشین شیطان ہوتا ہے۔ وہ ہم نشینی کے رُو سے برا ہوتا ہے۔ فرد

صحبت سفلہ چو انگشت نماید نقصان
گرم سوزد بدن و سرد کند جامہ سیاہ

کمینے کی صحبت کوئلے کی طرح نقصان پہنچاتی ہے۔ کہ جب وہ گرم ہوتا ہے۔ تو بدن کو جلاتا ہے۔ اور جب سرد ہوتا ہے۔ تو کپڑے کو سیاہ کر دیتا ہے +

اس کی ہم نشینی کی بدبختی سے شہزادہ بھی گمراہ ہے۔ اس کے خیمے کے گرد چند غلام پاسبانی کے لئے بٹھانے چاہئیں۔ اور اس کے حالات کی خبر رکھنی چاہئے +

رقعہ ۱۲۷

خان جہاں بہادر نے اس مستعدی کے باوجود پہلے ترچڑانے حاکموں کی طرح اس مہم میں سستی اختیار کی۔ جب ہمارے حضور سے سخت تاکید ہوئی۔ تو اس نے چاہا۔ کہ نقصان کی تلافی کرے۔ لیکن وہ ایسا نہ کر سکا۔ یہ تمام خرابی خلوص دل سے کام نہ کرنے کے باعث ہے۔ ایسا کیوں نہ ہو۔ کیونکہ اس برائی سے بدتر اور کوئی برائی نہیں۔ انّ المنافقین فی الدرک الاسفل من النار۔ تحقیق منافق لوگ دوزخ کے سب سے نچلے طبقے میں ہونگے۔ اس کی تسلی کے لئے کچھ لکھنا چاہئے۔ اور اس مقولے کی طرف بھی اشارہ کر دینا چاہئے۔ تاکہ اس کی آنکھ کھلے اور آئندہ تنبیہ ہو۔ اگرچہ ممکن نہیں۔ کیونکہ دل کا دشمن طاقت ور ہے۔ اعدیٰ عدوک نفسک بین جنبیک۔ تیرا سب سے بڑا دشمن تیرا نفس ہے۔ جو تیرے دونوں پہلوؤں

کے درمیان ہے۔ بھلا اس کا نفس اسے کس طرح اجازت دیگا۔ کہ وہ حق بات پر کان دھرے +

یا اللہ! ہمیں نفس کی قید سے چھڑا۔ اور اس کے تابع نہ رکھ۔ نظم

مہربانی دید و آں لطف نخست
آنکہ کردی گمرہاں را باز جست
ہم دعا از تو۔ اجابت ہم ز تو
ایمنی از تو۔ مہابت ہم ز تو

خدا نے اپنی مہربانی کو پہلے سے دیکھ لیا۔ اور وہ پہلی مہربانی یہ ہے۔ کہ اس نے گمراہوں کو خود تلاش کر لیا۔ تجھی سے دعا ہے۔ اور تجھی سے اس کی قبولیت کی امید تجھی سے بے خوفی اور تجھی سے ڈر ہے +

رقعہ ۱۲۸

امیر الامرا کا انتقال ہو گیا۔ پچاس آدمیوں میں سے یہی ایک شخص باقی

ره گیا تھا۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ تحقیق
ہم اللہ ہی کے لئے ہیں۔ اور اُسی کی طرف
رجوع کرنے والے ہیں۔ اس صوبے کے دیوان
جاگیرات سے مطالبہ کرو۔ کہ وہ مرحوم کے
تمام مال پر قابض ہو جائے۔ اُسے لکھو۔
کہ اُس کی جائداد پر اچھی طرح قبضہ کر لو۔
اور اُس کے آدمیوں سے جبراً و قہراً
غرض جس طرح بھی ہو سکے۔ بادشاہی روپیہ
لے لو۔ دیوان مذکور کو سمجھا کر کہو۔ کہ حُسن
خدمت کی شرط پر رعایات دی جائیں گی۔
اور مرحوم کے بیٹوں کی حقیقت بیان کرو۔
ہم نے اس بارے میں ایک اور شخص
کو بھی کہہ رکھا ہے۔ لیکن گمان یہ ہے۔
کہ وہ اپنایت کی وجہ سے ان کے عیب
بیان نہیں کریگا +
اس پر آں فدوی (تم) اس کام
کے لئے مقرر کئے گئے۔ یقین ہے۔ کہ تم
اپنی پسندیدہ رائے کے مطابق سچ سچ
بیان کروگے۔ امان اللہ خاں بھی اس کام

کے لئے بُرا نہیں۔ اُسے ہی مقرر کر دینا
چاہئے۔ اور درجہ و مرتبہ کا اظہار کرو۔ تاکہ
اس میں اضافہ کیا جائے۔ ایک اور رعایت
بھی ہمارے دل میں ہے۔ وہ بھی عمل میں
آیا چاہتی ہے +

رقعہ ۱۲۹

یہ کام یوسف خان کے سپرد ہُوا ہے۔
آں مخلص کا (تمہارا) تجویز کیا ہُوا شخص
بھی خوب ہے۔ لیکن وہ سپاہی ہے۔ اُس
کی عملداری کی حقیقت معلوم نہیں۔ آں
فدوی کو (تمہیں) جو کچھ معلوم ہو۔ عرض
کریں۔ برہان پور کی دیوانی کے لئے ایک
دیانت دار شخص کی ضرورت ہے۔ یہ
کام سخت اور نہایت سخت ہے +

رقعہ ۱۳۰

مکرم خاں کیا کام کرتا ہے؟ حرمین شریفین
(مکہ و مدینہ) کی زیارت کے شوق کے باوجود
توقف کس لئے ہے؟ اس سے بہتر اور کیا
ہے۔ شعر۔

حج رب البیت مردانہ بود
حج زیارت کردن خانہ بود

حج تو خانہ کعبہ کی زیارت کرنے کا نام ہے
لیکن اس گھر کے مالک کا حج اصل مردانگی
ہے +
اللّٰھم ارزقنا خیرا۔ یا اللہ ہمیں نیکی دے +

رقعہ ۱۳۱

فرزند زادہ بہادر کی بھیجی ہوئی چیز لے
لینی چاہئے۔ لیکن ان کے وکیل کو کہہ
دینا چاہئے۔ کہ اطلاع دئیے بغیر نہ بھیجے۔
والسلام +

رقعہ ۱۳۲

مرشد قلی خاں منتظم ہے۔ اور دین داری
سے بھی خالی نہیں۔ اگر اُسے کہا جائے۔ تو
شاید وہ اس کام کو دُوسروں سے بہتر انجام
دے۔ تم اپنی طرف سے اُسے پوچھو +
فضل علی خان پر جو کچھ گزری۔ اس کے
متعلق آں قدیم الخدمت (تم) نے سُنا ہوگا۔
پس قزلباشوں کی تنبیہ کے لئے ایک فوج
مقرر کرنی چاہئے +
خان بہادر حمید کا کیا حال ہے۔ یہ گناہ گار
(راقم) چاہتا ہے۔ کہ کوئی گناہ و جُرم اور خاص
کر ظلم نہ کرے۔ لیکن چونکہ ملک خوف و تنبیہ
کے بغیر قبضے میں نہیں رہتا۔ اور حکومت
سزا و رعب کے بغیر نہیں ہو سکتی۔ اس
لئے بعض اوقات غلبۂ نفس کی وجہ سے
حالات کے موافق بے اختیار احکام صادر
ہو جاتے ہیں۔ عالموں سے مسئلہ پُوچھو۔
خدا کا شکر ہے۔ کہ میری نیت نیک ہے

شاید اللہ تعالیٰ مجھ سے باز پُرس نہ فرمائے۔ اِنّما الاعمال بالنیّات (تحقیق اعمال نیّتوں پر موقوف ہیں) صحیح حدیث ہے اور بسلسلہ وار پہنچی ہے +

رُقعہ ۱۳۳

خواجہ عبد الرحیم نے اس دُنیا سے کُوچ کیا دین دار پرہیزگار تھا۔ محنت و مشقّت سے اُسے پُورا پُورا حصّہ ملا تھا۔ ایک دن وہ ہمارے حضور میں کھڑا تھا۔ ولایتی خنجر اُس کی کمر میں تھا۔ ہمیں پسند آیا۔ ہم نے کہا یہ بہت خوش وضع ہے۔ اُس نے جواب میں عرض کیا۔ کہ اس کی صورت سے اس کا نام زیادہ اچھا ہے۔ ہم نے پُوچھا۔ کیا ہے۔ اُس نے کہا۔ رافضی کُش (رافضی کو مار ڈالنے والا) ہم نے فرمایا۔ کہ سرکار والا میں بھی اِسی وضع اور نام کے خنجر تیار کئے جائیں۔ اُس نے کمر سے خنجر اُتار دیا۔ اور

بطور نذر پیش کرکے عرض کیا۔ کہ جب تک وہ تیار ہوں۔ یہ ناچیز تحفہ سرکار اشرف میں رہے۔ یہ کہہ کر وہ آداب بجا لایا۔ اور چلا گیا +

اس کے بیٹوں کا حال بیان کرو۔ یا عنایت اللہ خاں سے کہو۔ کہ وہ عرض کرے تاکہ ہر ایک کو اُس کی قابلیت کے مطابق مرتبہ دیا جائے +

رُقعہ ۱۳۴

خان جہان بہادر کا انتقال ہو گیا۔ اِنّا لِلّٰہ و انا الیہ راجعون (تحقیق ہم اللہ ہی کے لئے ہیں۔ اور اِسی کی طرف رجُوع کرنے والے ہیں) سبحان اللہ۔ آدمی کس قدر غافل اور نفس کہاں تک اُس پر غالب ہے۔ وہ ان دنوں دکن کی صُوبہ داری کا خواہاں تھا اور کس شوق سے اس کی خواہش کرتا تھا بے شک نفس کا کام سب سے بُرا ہے۔

نظم

کشتنِ ایں کارِ عقل و ہوش نیست
شیرِ باطن سخرۂ خرگوش نیست

نفس کا شیر معمولی خرگوش نہیں۔ اور اس کا مارنا عقل و ہوش کے بس کی بات نہیں +

عالمے را لقمہ کرد و در کشید
معدہ اش نعرہ زناں ہل من مزید

اُس نے ایک دُنیا کو نوالہ بنا کر نگل لیا۔ مگر پھر بھی اس کے معدے سے ہل من مزید (کیا اور بھی ہے؟) کا نعرہ بلند ہو رہا ہے +

دوزخ است ایں نفس دوزخ اژدہاست
کو بدریاہا نہ گردد کم و کاست

یہ نفس دوزخ ہے۔ اور دوزخ اژدہا ہے۔ جس کا زور کئی دریاؤں سے بھی کم نہیں ہوتا +

ہفت دریا را در آشامد ہنوز
کم نہ گردد سوزشِ ایں خلق سوز

یہ سات دریاؤں کو پی جاتا ہے۔ پھر بھی اس کی دُنیا کو جلا دینے والی سوزش کم نہیں ہوتی +

سنگ ہا و کافرانِ سنگ دل

اندر آیند اندر آں خوار و خجل

اس کے اندر پتھر اور سنگ دل کافر خوار اور شرمندہ ہو کر آتے ہیں +

ہم نہ گردد ساکن از چندیں غذا
تا ز حق آید مرا و را ایں ندا

یہ اس قدر غذا کھا کر بھی بس نہیں کرتا۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اُسے آواز آتی ہے۔

سیر گشتی سیر۔ گوید نے ہنوز
اینست آتش اینست تابش اینست سوز

کیا تُو سیر ہو گیا۔ وہ کہتا ہے۔ ابھی نہیں۔ یہ آگ ہے۔ یہ گرمی ہے۔ یہ جلن ہے +

حق قدم بر وے نہد از لامکاں
آنگہ او ساکن شود از کُن فکاں

حق تعالیٰ لامکاں سے اس پر قدم رکھتا ہے۔ اس وقت وہ اللہ کے حکم سے ساکن ہو جاتا ہے +

چونکہ جزوِ دوزخ است ایں نفسِ ما
طبعِ کل دارد ہمیشہ جزوہا

ہمارا یہ نفس دوزخ کا ایک جزو ہے۔ اور جزو ہمیشہ کل کی خواہش رکھتا ہے +

این قدم حق را بود کو را کشد
غیر حق خود کے کمان او را کشد

یہ خدا کا قدم ہے۔ جو اُسے مار ڈالتا ہے۔ خدا کے بغیر کمان کے ذریعے سے ہی اُسے کب مارا جا سکتا ہے +

قوتے خواہم ز حق دریا شگاف
تا بہ سوزن بر کنم این کوہ قاف

میں خدا سے دریا کو چیر دینے والی قوت چاہتا ہوں۔ تاکہ سوئی سے اس کوہ قاف کو اکھاڑ پھینکوں۔ اللہ تعالیٰ محمدؐ اور آلِ محمدؐ (ان سب پر درود اور سلام ہو) کے وسیلے سے تمہیں توفیق دے۔ اور اس سیاہ بختی سے رہائی بخشے +

رقعہ ۱۳۵

وہ خط جو نصرت جنگ نے آں مزاج دان کو (تمہیں) بھیجا تھا۔ ہم نے پڑھا۔ اس میں اُس نے داؤد خان کے متعلق

لکھا ہے۔ اور اپنی خدمت گزاری کا اظہار بھی کیا ہے۔ اسے جواب دے دینا چاہیئے اور قلعہ فتح ہونے تک اُسے اُمیدوار رکھنا چاہیئے۔ اس کے بعد شاید اُن درخواستوں میں سے جو اُس نے کی ہیں۔ بعض منظور کر لی جائیں۔ مگر اس سے پہلے اُن کی منظوری کا کوئی امکان نہیں۔ قلعہ فتح کرنے کی تیاری کے لئے تربیت خان کو حکم بھیج دو۔ کہ جو کچھ ضروری ہو۔ روانہ کر دے۔ اور اُس طرف کے قلعہ داروں کو بھی لکھو۔ کہ توپ خانہ کا سامان مثلاً جزائر۔ رام جنگی اور گولہ بارود خان نصرت جنگ کے لشکر میں پہنچا دیں +

الحکم للہ الواحد القہار ویفعل اللہ ما یشاء

حکم اللہ کے لئے ہے۔ جو ایک اور زبردست ہے۔ اور اللہ جو چاہتا ہے۔ کرتا ہے +

رقعہ ۱۳۶

سپہ دار خان کے خط سے واضح ہوا۔ کہ بے مہابت کو سزا مل گئی۔ الحمد للہ علیٰ ذالک۔ اس بات پر خدا کا شکر ہے۔ اس کے منصب میں ہزاری ذات اور ہزار فرد بردار سواروں کا اضافہ کرنا چاہیئے نیز خلعت۔ تلوار۔ گھوڑا اور ہاتھی بھیجنا چاہیئے اور اُس کے ہمراہیوں کے منصب میں اضافہ کرنے کی تجویز بھی سوچنی چاہیئے۔ اُسے اس خوش خبری سے خوش کرنا چاہیئے اور اگر ضروری ہو۔ تو اس کے وکیل کی بھی ترقی کرنی چاہیئے۔ نعم المولیٰ ونعم الوکیل (اللہ تعالیٰ نیک مددگار اور نیک وکیل ہے)

رقعہ ۱۳۷

ہم نے فرزند زادہ بہادر کے لئے پانچ ہاتھی نکالے ہیں۔ ان میں سے دو کو پسند

کرکے اُن کے وکیل کے حوالے کرو۔ اور گھوڑا۔ خلعت اور جڑاؤ خنجر معہ دستگی بھی اُسے عنایت کئے ہیں۔ جواہر خانہ سے دریافت کر لو +

رقعہ ۱۳۸

واقعہ نگار اور زبردست خان نے سید میرک کے بارے میں چند باتیں لکھی ہیں۔ کیا اُن کی کچھ اصل ہے یا نہیں؟ وہ اپنے آپ کو دین دار لوگوں میں شمار کرتا ہے۔ اس بارے میں عنایت اللہ خاں سے پوچھو۔ صالح خان نے اکبرآباد کی صوبہ داری کے فرائض خوب انجام دئے ہیں۔ گوپال سنگھ کو بھی اس کی مدد کے بارے میں لکھا جائے۔ اور خان مذکور کو تسلی کا خط تحریر کیا جائے۔ (ع)

چنار تا بکجا عیب مفلسی پوشد
چنار کب تک مفلسی کا عیب ڈھانپے گا +

رقعہ ۱۳۹

اہتمام خاں مرحوم پر جو ہنگامہ گزرا۔ اس کا سبب انہی لوگوں کی غفلت ہے ان کی طرف توجہ نہیں کرنی چاہئے۔ بلکہ ان کی پیٹھ اور کمر کو بے توجہی کے تازیانے سے توڑ دینا چاہئے۔ ایسا دین دار۔ اور ہوشیار آدمی کہاں ملتا ہے۔ اس نے گھوڑوں کو ایسا تیار کیا تھا۔ اور اصطبل کو اس طرح رونق دی تھی۔ کہ کچھ کہنے کی بات نہیں واللّٰھم اغفرہ وارحمہ وانت خیر الراحمین۔ یا اللہ! اسے بخش دے۔ اور اس پر رحم کر۔ کہ تو سب سے بڑا رحم کرنے والا ہے +

سیف خان کو فتنہ پردازوں کی تنبیہ کے بارے میں تاکید سے لکھیں۔ اس کی مدد بھی کی جائیگی۔ اور اس کے لئے انتظار کی زحمت نہیں اٹھانی پڑے گی یہ کام اہم اور نہایت اہم ہے +

جرمانہ کا روپیہ ہضم کر لے۔ یہ غلط ہے۔ جاگیر سے روپیہ اس وقت لیتے ہیں۔ جب منصب دار دربار میں اس کے ادا کرنے کی طاقت نہ رکھتا ہو۔ وکیل کو بٹھا کر اسی وقت بادشاہی روپیہ لے لو۔ اور ہماری اشرفیاں کو نقد وصول کرو۔ باقی کا خیال رکھو۔ اعلیٰ حضرت (شاہ جہاں ؛ طاب ثراہ (اُن کی قبر خوشبو دار ہو) جرمانے کے روپیہ کے لئے بہت تاکید فرمایا کرتے تھے۔ اور فوراً سخت و شریر غلاموں کو مقرر کرکے روپیہ وصول فرما لیا کرتے تھے +

ہمیں یاد ہے۔ کہ ایک دن انہوں نے جعفر خاں کو جن دنوں وہ وزارت کے منصب پر سرفراز تھا۔ غسل خانہ میں بٹھا کر اس سے اشرفیاں لے لی تھیں۔ خان مذکور نے غسل خانہ کے داروغہ سے جس کے فرائض میں جرمانہ کا روپیہ وصول کرنا بھی تھا۔ بگڑ کر اسے نقصان اور تکلیف پہنچانے پر کمر باندھ لی۔ اعلیٰ حضرت نے برادر

رقعہ ۱۴۰

معین پور خلافت نے چوتھے بیٹے کے منصب میں اضافہ کرنے کے لئے لکھا ہے بظاہر بلند مرتبہ سوار زیادہ ہیں۔ برابر کر دینے چاہئیں۔ مگر چھوٹے کو بڑے سے بڑھا دینا مناسب نہیں۔ ان کی دل جوئی کی خاطر اور طرح رعایت کی جا سکتی ہے۔ رضوی خان اور ہندو میں اتفاق نہیں۔ ھٰذان خصمان اختصموا فی ربھم۔ یہ دونوں ایک دوسرے کے دشمن ہیں۔ اُن کی دشمنی خدا کے معاملے میں ہے +

رقعہ ۱۴۱

رُوح اللہ خان نے اس طریق سے روپیہ ادا کیا۔ جو حد سے زیادہ خرچ کرنے والے دل دار کے شایاں ہے۔ کہ اس طرح

نامہربان سے فرمایا۔ کہ دیوان برخاست ہونے کے بعد دونوں میں صفائی کرا دیں۔ اور داروغہ کو خان مذکور سے ایک دوشالہ دلا دیں +

رقعہ ۱۴۲

صدر الصدور (سب سے بڑا صدر) کا پیش کار مستحقین کو دوبارہ حضور میں لا رہا ہے۔ اگر وہ کچھ عرض کرنا چاہتا ہے۔ تو اسے منع کر دو۔ کہ پھر ایسا نہ کرے +

رقعہ ۱۴۳

آج تربیت خاں نے دو تین منگباشیوں[1] کے بارے میں جنہوں نے اس جنگ میں ہمت و کوشش سے کام لیا تھا۔ عرض

[1] منگباشی: ہزار جوانوں کا سردار +

کی۔ کہ انہیں دو جڑاؤ پگڑیاں عنایت کی جائیں۔ خان مذکور سے کہنا چاہئے۔ کہ باوجود اس کے کہ تم نے ملازمت میں عمر بسر کی ہے۔ اور ہمارے حضور میں پرورش پائی ہے۔ اتنا بھی نہیں جانتے۔ کہ یہ لوگ اس بات کے اہل نہیں۔ کہ اُنہیں اس قسم کی رعایت دی جائے۔ تاہم تمہاری دلجوئی اور بادشاہی خدمات میں سرگرمی کے باعث ایک کلغی مرحمت کی جاتی ہے۔ جو جواہر خان پہنچا دے گا۔ منہ الامداد و التائید۔ امداد اور تائید اللہ کی طرف سے ہے مگر آئندہ منگباشیوں کے حق میں ایسی عرض نہیں کرنی چاہئے۔ اور اگر کسی سے کوئی نمایاں بادشاہی خدمت ظہور میں آئے گی۔ اور وہ تمام شرائط کے ساتھ شاہی خدمت انجام دے گا۔ تو ہم اسے خلعت اور نقد روپیہ انعام دیں گے۔ اور اگر سرکار والا کی خدمت انجام دیتے ہوئے اُس کا گھوڑا مر جائیگا۔ تو ہم اور گھوڑا عنایت کر کے

اُسے سرفراز و دل شاد کر دیں گے +

رقعہ ۱۴۴

تربیت خان ابھی تربیت کا محتاج ہے۔ باہر سے اطلاع ملی ہے۔ کہ جو روپیہ اُس نے قلعوں کے نوکروں کے واسطے لیا ہے۔ اُس کا حساب کسی کو نہیں دیا۔ شریر واقعہ نگار کیا کرتا ہے۔ جسے ہم نے اسی بات کے لئے تو مقرر کیا ہے۔ یہ لوگ اپنے مطلب کے لئے عمدہ بادشاہی خدمات انجام دیتے ہیں۔ اور اپنا منہ سیاہ کر کے خبریں بھیجنے میں جان بوجھ کر نادان بنتے ہیں۔ بڑے بڑے فتنہ پردازوں کا مضبوط قلعے بنانا۔ اور عیسوی خاں کا نگہبانی کرنا کس لئے ہے۔ اگر پہلے سے خبر لیجاتی۔ تو ہرگز یہاں تک نوبت نہ پہنچتی اُسے جاگیر سے معزول کرنے کے بعد نصراللہ خاں کو جس نے جاگیر نہ ہونے کی شکایت کر رکھی ہے۔ اُس کی جگہ مقرر

کر دینا چاہئے۔ اور اُس کو جاگیر دے دینا خدا کی مہربانی کا شکر کرنا ہے +

ہمارے حکم کے مطابق خان مذکور کو تنبیہ کے طور پر لکھا جائے۔ کہ یہ معاملہ اِس طرح کیوں ہوا۔ اور کس وجہ سے انجام کار پر نظر نہ رکھی گئی۔ جب نوکروں کی تنخواہ نہیں پہنچیگی۔ قلعوں میں غلہ نہیں ہوگا۔ اور چور ان نامردوں پر غالب آ جائینگے۔ اس وقت تم کہاں ہو گے۔ اور اگر دربان تنخواہ لے کر ہمارے کام میں مصروف ہیں۔ تو غنیمت ہے۔ ہم جانتے ہیں۔ کہ اِس خیال کے بغیر اور ہو بھی کیا سکتا ہے اپنی غرض کے لئے ولی نعمت کے کاموں کو جو اصل میں خدا کا کام ہے۔ درہم برہم کر دینا۔ اور دو دن کی زندگی کے لئے جہاد کرنے والے لوگوں کا حق پامال کرنا۔ جس سے نقصان اُٹھانے والے اغیار کو تقویت پہنچتی ہے۔ کون سے نمک حلال مسلمان کا قاعدہ ہے۔ بہر حال تمام نوکروں سے تنخواہ

کا قبض الوصول لے کر بھیجو۔ اور اگر تم ایسا نہیں کرو گے۔ تو خیانت کرنے والوں اور بے دینوں کے مددگاروں کی سزا کے لئے تیار ہو جاؤ۔ کیونکہ و ان اللہ لا یھدی کید الخائنین۔ اور تحقیق اللہ تعالیٰ خیانت کرنے والوں کے مکر و حیلہ کو راہ نہیں دیتا +

رقعہ ۱۴۵

اُس امین نے جو عنایت اللہ خاں کی تجویز سے کئی ذریعوں سے آیا تھا۔ اور ہمارے دربار سے مقرر ہو کر گیا تھا۔ کیا کیا ہے (ع)

ہر چیز کہ در کان نمک رفت نمک شد

جو چیز نمک کے کان میں گئی۔ نمک بن گئی +

اُس میں مقابلے کی بھی طاقت نہیں۔ کیا کرے۔ مجبور ہے۔ لیکن اگر ایسا تھا۔ تو وہ اُٹھ کر چلا کیوں نہ آیا۔ اگر وہ

تنخواہ نہیں دیتے تھے۔ تو آپ نے تو دیتے تھے۔ اُسے بھی اپنی طرف سے تاکید لکھ دو +

رُقعہ ۱۴۶

معلوم ہوتا ہے کہ مہابت خان حیدرآبادی نے لاہور میں وفات پائی۔ اُس کا پوتا جس کا باپ اپنے والد یعنی مہابت خان کے سامنے انتقال کر چکا ہے۔ اور کوئی ورثہ نہیں رکھتا۔ وہاں کے دیوانِ جاگیرات کو لکھ دو۔ کہ اُس کے مال و اسباب پر پُوری طرح مستعدی اور دیانت داری سے قبضہ کر لے۔ کیونکہ پادشاہی خزانہ عوام کا مال ہے۔ خلیفہ امین ہے۔ اور نوکر خلیفہ کے گماشتے ہیں مستحقوں اور ضعیفوں کے سوا اوروں کو اِس میں سے کیا مل سکتا ہے؟

رُقعہ ۱۴۷

مرحمت خان آج قیمتی لباس پہن کر دربار میں آیا تھا۔ مگر اُس کے پاجامے کا پائنچہ اِس قدر لمبا تھا۔ کہ پاؤں نظر نہیں آتا تھا۔ ہم نے محرم خان کو حکم دیا۔ کہ اس بے وقوف کے پائنچے میں سے دو گرہ کپڑا کاٹ ڈالے۔ آں فدوی (تم) بھی اُسے کہیں۔ کہ پائنچہ اسی قدر رکھنا چاہیئے۔ جس قدر دربار میں مقرر ہے۔ ورنہ دربار میں قدم نہ رکھے۔ مرد کو چاہیئے۔ کہ سادہ اور مفید لباس پسند کرے۔ زینت اور تکلف عورتوں کا خاصہ ہے۔ اور اُنہیں کو زیب دیتا ہے۔ اِس موقع کے مناسب اور باتیں بھی نصیحت کے طور پر اُسے کہنی چاہئیں +

رُقعہ ۱۴۸

ہم تو پان تمک نہیں کھاتے۔ لیکن اِس کارخانہ نے اور ہی رنگ اختیار کر رکھا ہے۔ جس سے آب دار خانہ کی بھی آب و تاب قائم نہیں رہی۔ داروغوں کی مستعدی۔ اور دُور اندیشی یہ ہے۔ کہ وہ ہر وقت ہر جگہ اپنے کارخانوں کو شان و شوکت سے آراستہ رکھتے ہیں۔ تاکہ اُن کا کام ظاہر اور اُن کی نفاستِ مزاج و پاکیزگیٔ طبع ہم پر آشکارا ہو۔ تمام اہلِ نظر ہماری دولتِ خدا داد کی عظمت و شان معلوم کریں۔ اور اُس کی رونق اور اوج دیکھ کر کوتاہ نظر لوگ پست ہو جائیں۔ افسوس فقیری کا دعویٰ اور یہ تمام فخر و ناز۔ خدا جو سب مالکوں کا مالک اُس کی قسم۔ یہ غیر موزوں۔ و نادرست ہے +

عاقل خان نے اس حکم کے مطابق جو دار الخلافہ کا قلعہ تعمیر کرنے کے بارے میں

مہابت خان کے نام صادر ہُوا تھا۔ خوب جواب لکھا ہے۔ نوکر ایسا ہی چاہیئے۔ اللہ تعالٰی کا شکر اور احسان ہے +

رُقعہ ۱۴۹

فدوی درگاہ وزارت نشان! عبدالرحمٰن خان کا انتقال ہو گیا۔ مالوہ کی دیوانی کے لئے چند ایسے لوگوں کے نام بھیجو۔ جنہوں نے نمایاں خدمات کی ہوں۔ رکھنا یہ سعد اللہ خان جن دنوں دیوانی کے فرائض انجام دیتا تھا۔ کہا کرتا تھا۔ کہ سرکار والا کی خدمت پر اُس شخص کو مقرر کرنا چاہیئے۔ جو تجربہ کاری کا جوہر اور معاملہ آرائی کا دماغ رکھتا ہو۔ نہ کہ غرض پرست آدمی کو +

رُقعہ ۱۵۰

آں فدوی مدار المہام (تم) ہمارے قضا۔

مثال حکم کے مطابق فرزند عالی جاہ کو کھیں کرن نیک نام خان کی تحریر سے معلوم ہوا۔ کہ تم نے اپنے قدیم دیوان کے تینوں بیٹوں کو برطرف کر دیا ہے۔ تم ذہین اور عقلمند ہو۔ جو جی چاہے کرو۔ اب کہ فضائل خان اور امیر ہادی کے ساتھ ان کی رنجش ہو گئی ہے۔ ہم نے عنایت اللہ خان کو اُن کا وکیل مقرر کیا ہے۔ تمہیں واضح ہو۔ کہ کوکلتاش خاں سے دکن کی نظامت اور روح اللہ خاں سے حیدر آباد کی صوبہ داری کے وقت بعض نامناسب حرکات سرزد ہوئی تھیں۔ ہم نے مصلحتاً کچھ مدت اُن پر غصہ و عتاب روا رکھا تھا۔ اور آخر اُن کی قدیم خدمات پر نظر رکھتے ہوئے اُن کے ساتھ موافقت کر لی تھی +

ہم نے اعلیٰ حضرت (شاہ جہان) کی زبان سے سُنا ہے۔ کہ ایک روز عرش آشیاں۔ اکبر بادشاہ نے فرمایا۔ کہ ٹوڈرمل مُلکی و مالی معاملات کی تہ تک پہنچنے میں

عقل رسا رکھتا ہے۔ لیکن اس کا غرور پسند نہیں آتا۔ ابوالفضل اسے اچھا نہیں سمجھتا تھا۔ چنانچہ اس نے ایک طرح کی شکایت کرنی شروع کی۔ اُسے جواب ملا۔ کہ ہم اپنے پروردہ کو برطرف نہیں کر سکتے لہٰذا ایسے آدمیوں کے ساتھ مجبوراً موافقت کرنی چاہیئے۔ فرد۔

خدائے را نسبت مسلّم بزرگی و الطاف
کہ جُرم بیند و نان بر قرار مے دارد

خدا کی بزرگی اور مہربانی مسلم ہے۔ جو قصور دیکھتا ہے۔ اور رزق قائم رکھتا ہے +

رُقعہ ۱۵۱

خان فیروز جنگ نے اپنے کام کو ادھورا چھوڑ دیا۔ باوجودیکہ فرزند زادہ برہان پور سے آیا ہے۔ وہ اُس کی مُلاقات کو نہ گیا۔ اور وہ جو اپنے آپ کو سپہ سالار لکھتا ہے۔ کیا یہ وکیل

کی تحریر سے معلوم ہوا ہے۔ یا کوئی غیبی خبر ہے۔ اِس بارے میں نہ کوئی حکم صادر ہوا ہے۔ اور نہ ہم نے کہا ہے۔ وہ بتائے کہ اُس نے سپہ سالاری کا منصب کہاں سے حاصل کیا؟ +

رُقعہ ۱۵۲

دیوان کی کچہری کے داروغہ محمد باقر کا انتقال ہو گیا۔ اور شکارہ خاں کی نسبت عام لوگوں میں طرح طرح کی افواہیں مشہور ہو رہی ہیں۔ ایک روز ہم نے سواری میں سُنا، کہ لوگ اِس کو اُس کی نسبت کیسی قدر بُرا کہتے تھے۔ ہم نے دوبارہ کہا۔ کہ اُس کا شرارت ہے اور اِس کا عداوت سے باز آنا مفید نہ ہوگا۔ اعمال کا بدلہ ضرور ملے گا۔ تم بہتر جانتے ہو۔ کہ اُس مرحوم کے سر پر کیا گزری۔ اور اِس جانے والے کے سر پر کیا گزرے گی؟ +

نفس امارہ آدمی کو نیک کام کرنے۔ اور عاقبت کا توشہ جمع کرنے نہیں دیتا۔ ورنہ سب جانتے ہیں۔ کہ ظلم کرنا بُرا۔ اور ظالموں کو کسی کام پر مقرر کرنا اس سے بھی بُرا ہے۔ بھوکے کو عہدہ دینا غریبوں کو ہلاکت میں ڈالنا ہے۔ اگر کسی کو آخرت کی باز پرس پر شک ہو۔ تو جان بوجھ کر اُس سے عہدہ برآ ہونا مشکل ہے۔ اور یقین دیکھنے کی صورت میں تو واقعی مشکل ہے۔ اُسے جاگیر دے دی جائے۔ لیکن عہدہ نہ دیا جائے۔ (ع)

داد داد از دستِ غفلت داد داد

غفلت کے ہاتھ سے فریاد ہے۔ فریاد ہے عالی جاہ کے لشکر میں ایک شخص غلام محی الدین نے فقیری کی دوکان لگا رکھی ہے۔ حالانکہ اُس پر فقیری کی صرف تہمت ہے۔ اُسے نکال دینا ضروری ہے۔ شعر

ایں نہ مردانند ایں ہا صورتند
بستۂ نانند و مردِ شہوتند

۱۹۱

یہ مرد نہیں ہیں - صرف اُن کی صورت مردوں جیسی ہے - یہ لوگ تو روٹی کے غلام اور خواہش کے بندے ہیں +

ان ذلیل جاہلوں کے مزاج میں خلل ہے - اور ان کے قول باطل ہیں - ایسے لوگوں میں ایمان کہاں اور اسلام کہاں!

رُقعہ ۱۵۳

سرکار والا میں اُن کی جو تنخواہ باقی ہے اس کے متعلق اُنہوں نے التماس کی ہے - کہ وہ پرگنہ لودھی پر مقرر کی جائے اُنہیں لکھنا چاہیئے - یا وکیل سے کہہ دینا چاہیئے - کہ اگر اِن کی تنخواہ باقی رہ جائیگی - تو کیا مضائقہ ہے - مطالبہ نقدی - قیمت - اور جواہر وغیرہ کے حساب میں شمار ہو جائیگی - یہ سوداگری کا اصول نہیں ہے - اعلیٰ حضرت (شاہ جہاں) شہزادوں اور اُمرا کی جاگیروں میں سے چوتھے حصے سے زیادہ

۱۹۲

کاٹ لیا کرتے تھے - ہمارے زمانے میں تمام قاعدے اُلٹ پلٹ ہو گئے +

بعض اوقات جدۃ الملک خود کہا کرتے تھے - کہ ہم کبھی باہر کے علاقوں میں مقرر نہیں ہوئے - اگر کبھی اتفاق ہوگا - تو لوگ ہماری محنت و سرگرمی کا جوہر دیکھ لینگے

یہ بات ہرکاروں کی زبانی لفظ بہ لفظ ہمارے پاس بیان کی گئی تھی - اِس وقت کہ مخبروں - کے عرضیوں سے معلوم ہوا ہے - کہ کم بخت دشمن ذوالفقار خان پر حملہ کرکے پیچھا نہیں چھوڑے گا - اور خان مذکور کو عاجز کر دے گا - اس کے لئے مددگار فوج کی ضرورت ہے - جدۃ الملک کے نام حکم بھیجا گیا - کہ وہ کمک کے طور پر اپنے بیٹے کو جلد روانہ کر دے - چونکہ اس کے پہنچنے میں دیر ہو گئی - اِس لئے ہمارے دستخط سے ایک شاہی پروانہ صادر ہوا -

لے کمک کا سردار +

۱۹۳

کہ وہ اپنے آپ کو بیٹے کا عاشق سمجھتے ہیں - اب کہ وہ عاجز آ گیا ہے - جلد دوڑنے میں غفلت کیوں ہے - مدعی ہونا اور بات اور دعویٰ کو پورا کر دکھانا اور بات ہے - (ع)

دیگر بخود مناز کہ تُرکی تمام شد

پھر اپنے آپ پر ناز نہ کرنا - کیونکہ تُرکی تمام ہو گئی +

رقعہ ۱۵۴

قدیم الخدمت فدوی! باوجودیکہ تم نے ایک عمر تک ہمارے حضور میں پرورش پائی اور خدمت کی ہے - اور تمہاری نسبت قانون دانی اور شرافت اِنسانی کا گمان اوروں سے زیادہ ہے - بادشاہی منصب داروں کی توہین کرتے ہو - اور شیخ سعدیؒ کا قول یاد نہیں کرتے - شعر

من وتو ہردو خواجہ تاشائیم بندۂ بارگاہ سُلطانیم

۱۹۴

مَیں اور تُو دونوں ایک ہی بادشاہ کے غلام اور ایک ہی سلطان کی بارگاہ کے بندے ہیں +

سخت تعجب ہے +

سعد اللہ خاں کا مقولہ ہے - کہ الف قلم کی صورت اور نُون دوات کی شکل ہے - جو دیوان مُلکی خوبیوں سے آراستہ نہ ہو - وہ ایک دیوہ ہے - جس کے آگے قلم - دوات رکھی ہوئی ہو - یا ایک جانور یا تصویر ہے - جو عقل و ہوش کے روح سے خالی ہے +

آئندہ احتیاط رکھو - اور اپنے خیال میں درگاہ والا کے ہرنوکر کو بھی اپنا ہم پلہ سمجھو اور جو امتیازہ چاہیئے - اُس کی رعایت سے اُسے محروم نہ رکھو +

رُقعہ ۱۵۵

فرزند زادہ محمد عظیم نے آج عرض کیا

۱۹۵

ہے۔کہ لشکر پور کا پرگنہ شاہ عالی جاہ
کی جاگیر میں مرحمت کیا جائے۔ اُن سے
پوچھنا چاہئے۔کہ کس اُمید پر ان کے دل
میں اس خیر خواہی کا خیال آیا؟ اگر شاہ
نے اس فرزند زادہ کو اس بات کا اشارہ
کیا ہے۔ تو اور بات ہے۔ ورنہ وہ خیال
ان خیالات سے در گزریں۔کیونکہ اس
طرح دلی اخلاص زیادہ نہیں ہوتا۔ بلکہ
غرور و تکبر میں اضافہ ہوتا ہے۔ کفی باللہ
تعالیٰ وکیلاً۔ انا ادعوا ان یرحم کلھم ویدخلھم
ظلاً ظلیلاً۔ اللہ تعالیٰ ہی کافی وکیل ہے۔
اور میں دعا کرتا ہوں۔کہ خدا ان سب
کو بخشے۔اور انہیں دائمی سائے میں داخل
کرے +

رقعہ ۱۵۶

تم نے مخلص خان کے انتقال کی خبر سنی
ہوگی۔ ہم اس کی شرافتِ انسانی اور خدا

۱۹۶

اور دل کی بات کا اظہار کرے +
تازہ میووں میں سے جو یہاں ملتا ہے
وہ انگور ہے۔ لیکن یونانی طبیب اسے ان
عمدہ مخلص مزاج والوں کے (تمہارے)
لئے نقصان دہ کہتے ہیں۔اس لئے ہم خود
بھی اسے نہیں کھاتے۔ اللہ پاک نے چاہا۔
تو پوری صحت اور جلد شفا کے بعد اکٹھے
کھائیں گے۔ شعر۔

یا رب ایں آرزوئے من چہ خوش است
تو بدیں آرزو مرا برساں

اے خدا! میری یہ خواہش کیسی اچھی ہے
تو مجھے اس خواہش تک پہنچا دے +

رقعہ ۱۵۸

میرے ہم مزاج دوست خان فیروز جنگ!
فوج کی تفریق لاعلاج ہے۔ اپنے صاحبزادے
کو ہمارے نوازشوں سے بھرے ہوئے حضور
میں بھیج دو۔ تاکہ وہ انعامات سے سرفراز

۱۹۷

شناسی۔ ہمہ دانی کے جوہر کا تذکرہ کیا کرتے
تھے۔ اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہو۔ اس
موت کے گھر یعنی دنیا میں سختیاں بہت
زیادہ اور اس کے فائدے غیر مستقل ہیں۔
سمجھنے والا دل اور دیکھنے والی آنکھ کہاں ہے۔
ایک شخص نے شکایت کے طور پر ہم
سے کہا تھا۔کہ یہ شخص کسی کو اپنے سے
بہتر نہیں سمجھتا۔ ہم نے جواب دیا۔کہ وہ
اپنے سے بہتر کسی کو پاتا ہی نہیں +

رقعہ ۱۵۷

غازی الدین خان بہادر فیروز جنگ کے نام
ہم مذاق دوست خان فیروز جنگ! ہم
چاہتے تھے۔کہ اس خیر خواہ کی (تمہاری) بیمار
پرسی کے لئے خود آئیں۔لیکن کس طرح۔
اور کس نظر سے دیکھیں۔ اس لئے ہم
نے سعادت خاں کو اپنا قائم مقام بنا کر
بھیجا ہے۔تاکہ وہ ہماری آنکھ سے دیکھے

۱۹۸

ہو کر پھر اس دولت خواہ کے (تمہارے)
پاس پہنچ جائے۔فرد۔

ہاں مشو ناامید چوں واقف نۂ ز اسرارِ غیب
باشد اندر پردہ بازیہائے پنہاں غم مخور

ہاں۔ ناامید نہ ہو۔کیونکہ تو غیب کے
بھیدوں سے واقف نہیں ہے۔ پردے
کے اندر پوشیدہ تماشے ہوا کرتے ہیں۔غم نہ کر

فرد

آنچہ دل از فکر آں می سوخت بیم ہجر بود
آخر از بے مہری گردوں بآں ہم ساختیم

جس چیز کی فکر سے دل جلتا تھا۔ وہ ہجر کا
خوف تھا۔ آخر آسمان کی نامہربانی سے ہم
نے اس کے ساتھ بھی موافقت کر لی +

رقعہ ۱۵۹

میرے ہم مزاج دوست! خان فیروز
جنگ! خدا کا شکر ہے۔کہ ہمارے دل
دور نہیں۔ شعر۔

۱۹۹

گر در یمنی و با منی پیش منی
ور پیش منی و بے منی در یمنی

اگر تُو یمن میں ہے۔ اور تیرا دِل مجھ میں ہے۔ تو تُو میرے پاس ہے۔ اور اگر تو میرے پاس ہے۔ لیکن تیرا دِل مجھ میں نہیں ہے۔ تو تُو یمن میں ہے +

اکثر رات اور دن کے حالات سے اطلاع دیتے رہیں۔ تاکہ ظاہری ملاقات میسّر ہو۔ ہم نے عنایت اللہ خاں ملازم کو نہیں دیکھا۔ اُس کی جگہ خالی ہے۔ (بیت)

شاخِ گل ہر جا کہ روید ہم گل است

پھُول کی شاخ جس جگہ پھوٹتی ہے وہیں پھُول کِھل جاتے ہیں +

رُقعہ ۱۶۰

ذوالفقار خاں بہادر نصرت جنگ کے نام۔

میرے بے لاگ دوست نصرت جنگ! پہلے پہل یہ مُلک، دہلی کے بادشاہوں کی

۲۰۰

سلطنت میں تھا۔ زبردست برہمنوں نے اُن سے یہ مُلک چھین لیا۔ اور اُن کو نفسانی لذّتوں میں مصروف اور مٹا ہُوا اور کمینی دُنیا کے کاموں میں غرق دیکھ کر فرصت کو ہاتھ سے نہ دیا۔ اور اپنے لئے تخت اور چتر بنا لیا۔ جو کچھ اُنہوں نے کیا تھا۔ اُس کا بدلہ حقیقی انتقام لینے والے (خدا) کی درگاہ سے پا لیا۔ یعنی وُہی بے وفائی اور نمک حرامی جو اُنہوں نے اپنے آقاؤں کے ساتھ کی تھی۔ اپنے نوکروں کے ہاتھ سے دیکھ لی۔ اور سیوا وغیرہ نے بھی اُن کے ساتھ بُرا سلوک کیا۔

شعر

دریاب کنوں کہ دولتت ہست بدست
کیں دولت و ملک مے رود دست بدست

اب کہ تیرے ہاتھ میں سلطنت ہے۔ جو کچھ تجھے حاصل کرنا ہے۔ حاصل کر لے۔ کیونکہ یہ دولت اور مُلک ہاتھوں ہاتھ چلا جاتا ہے +

۲۰۱

رُقعہ ۱۶۱

ہم زرخیز علاقہ مخالفوں کے شہر کے اِس کافر اور بادشاہ کے دشمن کے ہاتھ میں کس طرح چھوڑ دیں؟ اور حاصل ہو سکنے والے کام میں ظاہری رکاوٹ کے بغیر غفلت کیوں کریں؟ کیا ہم نے صحیح مسلم اور صحیح بخاری میں عزّت کی فضیلت نہیں پڑھی؟ یا ہم مُلک گیری اور فتنہ انگیز شخص کو قید کرنے کا سلیقہ نہیں رکھتے؟

رُقعہ ۱۶۲

خان نصرت جنگ! تم ملتفت خاں کے سوا اپنے مقرر کردہ آدمیوں مثلاً راؤ دلپت وغیرہ کو شہزادہ عالی جاہ کے پاس چھوڑ دو۔ کیونکہ وہاں بھی کام بہت ہے۔ اگر اُن کا ہاتھ کوتاہ ہوگا۔ اور کام میں کسی قسم کی خرابی واقع نہیں ہوگی۔ تو بہتر ہے۔

۲۰۲

کیونکہ بعض بے حیا آدمی رانا کے ساتھ ایمان[1] کی کمان سے تیر مارتے ہیں۔ اور نہیں سمجھتے۔ کہ وہ اپنے آپ کو وبالِ آخرت کے تیر کا نشانہ بناتے ہیں۔ اشعار

گندم از گندم بروید جو ز جو
از مکافاتِ عمل غافل مشو

گندم سے گندم اُگتی ہے۔ اور جو سے جو۔ عملوں کے بدلے سے غافل نہ ہو +

صبا بہ لطف بگو آں غزالِ رعنا را
کہ سر بہ کوہ و بیاباں تو دادۂ ما را

اے صبا! اُس بانکے ہرن کے بچے (دوست) کو مہربانی کے ساتھ کہہ۔ کہ[2] تُو نے ہمارے سر کو پہاڑ اور جنگل میں جھونک دیا ہے +

عاقبت بخیر ہو +

[1] ساتھ دیتے ہیں [2] تُو نے ہمیں پہاڑوں اور جنگلوں میں آوارہ کر دیا ہے +

رقعہ ۱۶۳

میرے بے باک دوست نصرت جنگ!
چونکہ دکن کا فتح کرنا ایک اہم کام تھا۔ اس لئے ساری ہمت اسی کام میں صرف ہو گئی۔ خدا کا شکر ہے۔ کہ کامیابی کی صورت نظر آئی۔ لیکن اس مبارک سفر میں جو خرچ ہوا اور ہو رہا ہے۔ اس کا انحصار ہندوستان کے خزانے پر ہے۔ تمام روپیہ ملازموں کی تنخواہ پر صرف ہو رہا ہے +
سنا جاتا ہے۔ کہ کرناٹک میں بہت سے بڑے بڑے پرانے دفینے ہیں۔ بیجا پور کا زمیندار جو بے تعلق ہے۔ زبردستی ان پر قابض ہے۔ اور سیوا کا پوتا اور باپ دونو پرانے گنہگار۔ اس کا (زمیندار بیجا پور کا) ملک بظاہر ویسا مضبوط نہیں۔ سیدی مسعود خاں مرحوم کہتے تھے۔ کہ اس کا محصول ستر اسی لاکھ ہون[1] ہے۔ یہ اس کے قبضے میں

[1] دکن کا سکہ +

کیوں رہے؟ اس سے اور اپنے نائب داؤد خاں سے ملک کی حقیقت اور لڑائی کی تدبیر دریافت کرو۔ چشم پوشی اور غفلت کس لئے ہے +

رقعہ ۱۶۴

میرے خان نصرت جنگ! سرکار کے اہل کار دین دار لوگوں کا حال کم پوچھتے ہیں۔ کیونکہ بیان سے ان کی تواضع اول سے آخر تک نہیں ہو سکتی۔ اور خوں ریز آدمی دوسروں سے لینے اور نیکوں کو دینے میں باک نہیں رکھتے۔ یعنی دریا سے پانی بخشنے میں کنجوسی کی ضرورت نہیں۔ اس کے خلاف کرنا مشکل ہے۔ میں نہیں جانتا۔ کہ قیامت کے دن مجھ پر کیا گزرے گی۔ اور اس کے بعد بندگانِ خدا کے سر پر کیا مصیبت آئیگی

فرد

فکر شنبہ تلخ دارد جمعۂ اطفال را

عشرتِ امروز بے اندیشۂ فردا خوش است

سنیچر کی فکر لڑکوں کے جمعہ کو تلخ رکھتی ہے آج کی خوشی کل کے اندیشہ کے بغیر اچھی ہے بہر حال معتبر اہل کاروں کو ہر حالت میں ڈرنا اور خوف کھانا اور ہر وقت الحفیظ و الاماں کہنا چاہیئے +

رقعہ ۱۶۵

میرزا صدر الدین محمد خان صفوی بخشی دوم کے نام:-
میرزا بخشی! مخلص پنجابی دو صد و پنجاہ کے منصب پر سرفراز ہو گیا ہے۔ دیوان میں آ کر سلامی دے +

رقعہ ۱۶۶

میرزا بخشی! محمد ابراہیم شرمسار بیگم کی سفارش پر سہ ہزاری و دو صد و پانصد

سوار کے منصب۔ میرزا خانی کے خطاب اور دس ہزار روپیہ کے نقد انعام سے سرفراز کر دیا گیا ہے۔ ہمارے حکم کے مطابق ان عنایتوں کی اطلاع اس کو دے دو۔ فمن عفا و اصلح فاجرہ علی اللہ۔ پس جس نے گناہ بخشا اور نیکی کی۔ اس کا اجر اللہ تعالیٰ دیگا +

رقعہ ۱۶۷

دار الخلافہ شاہ جہان آباد کے صوبہ دار و قلعہ دار عاقل خاں کے نام۔
اس قدیم الخدمت کی (تمہاری) عرضی نظر سے گزری۔ تم نے گوشہ نشینی اختیار کرنے اور منصب ترک کرنے کا ارادہ ظاہر کیا ہے جب ہم نے اپنے پاک دل کے گوشے کو جو خاص منظور نظر اور لطف و نوازش کا پالا ہوا ہے۔ تمہارے سپرد کر دیا ہے۔ تو تم اس سے بہتر اور کون سا گوشہ چاہتے

ہو۔ البتہ بے حد اصرار کی صورت میں تمہارا استعفا منظور کرکے اس قدیم الخدمت کی (تمہاری) التماس کو قبولیت کا درجہ دیا جائے گا۔ اور ایک ہزار روپیہ ماہوار جو بارہ ہزار روپیہ سالانہ بنتا ہے۔ نقد مقرر کر دیا جانے گا +

رقعہ ۱۶۸

حمید الدین خان بہادر کے نام۔

حمید کو واضح ہو۔ کہ چند روز کی بات ہے۔ شاہ عالی جاہ نے عرض کی۔ کہ تین شخص میرے جانی دشمن ہیں۔ حمید الدین خان۔ امیر خان۔ منعم خان۔ ہم نے کہا۔ امیر خان نیک ذات ہے۔ کسی کے ساتھ دشمنی نہیں رکھتا۔ خان حمید بھی شاید دشمن نہ ہو۔ اور منعم خاں کا حال اس ظالم و جاہل (راقم) کو معلوم نہیں۔ کیا تم نے اپنی فکر کی ہے؟ اپنے حال سے کیوں غافل

ہو۔ اور موت کا مقدمہ یہی ہے۔ کہ الموت قریب من شراك النعل و اقرب من حبل الورید۔ موت جوتے کے تسمے اور شہ رگ سے زیادہ قریب ہے۔ ہائے۔ ہائے۔ افسوس۔ شعر

گہ ز دست وگاہے ز دل وگاہے ز پایانم
بشرمت ز روی اے عمر سرسم کہ وامانم

کبھی تو اپنے ہاتھ سے کبھی دل سے اور کبھی پیچھے کی طرف ہے۔ اے عمر! تو تیزی کے ساتھ چلی جا رہی ہے۔ میں ڈرتا ہوں۔ کہ پیچھے نہ رہ جاؤں +

اگر مناسب جانو۔ تو ہم تمہیں عالی جاہ کے سپرد کر دیتے ہیں۔ اور اگر کوئی رنج ہے۔ تو ہم صلح کرائے دیتے ہیں۔ تاکہ تم اس فانی (راقم) کی امانت میں خیانت نہ کرو۔ جو کچھ دل میں آؤ۔ لکھو۔ یا عرض کرو +

رقعہ ۱۶۹

عنایت اللہ خان کے نام۔

کل ابو الوفا حاضر تھا۔ کہ ایک سادہ دل درویش نے آ کر اپنے عیال کے لئے کچھ مانگا۔ ہم نے کہا۔ فقیر کو غرض سے کیا کام۔ فقیر کا دل کٹا ہوا۔ اور گریبان پھٹا ہوا چاہئے۔ لوگ فقیر فقیر کہتے ہیں۔ لیکن نہیں سمجھتے۔ کہ فقیر کیا ہے۔ اور اس کے کیا معنے ہیں۔ فرد۔

جہاں آئینۂ وہم ست ایں صورت پرستانش
نفس پرداز تقلید اند و مے گویند للّٰہی

جہان وہم کا آئینہ ہے۔ اور یہ اس کے صورت پرست لوگ صرف نفس کی پیروی کرنے والے ہیں۔ اور کہتے ہیں۔ کہ ہم اللہ کے واسطے کرتے ہیں۔ اللہم نبہنا عن نوم الغافلین۔ یا اللہ ہمیں غافلوں کے خواب سے ہشیار کر آمین! آمین!! آمین!!!

رقعہ ۱۷۰

ہدایت کیش اور اخلاق اندیش اپنے مسلمان ہونے پر بہت فخر کرتے ہیں یہ ہم پر تو کوئی احسان نہیں۔ پہلے کا حال ایسا ہے۔ اور دوسرے کی کیفیت یہ ہے کہ وہ آپ کے مزاج کے مطابق نہ ہوا۔ انہیں سمجھا کر کہنا چاہئے۔ کہ۔ قطعہ۔

نخشبے خیز و با زمانہ بساز
ورنہ خود را نشانہ ساختن است
زیر کان زمانہ مے گویند
زیرکی با زمانہ ساختن است

نخشبی پیدا کر۔ اور زمانے کے ساتھ موافقت کر۔ ورنہ اپنے آپ کو نشانہ بنانا ہے۔ زمانے کے داناؤں نے کہا ہے۔ کہ عقل مندی زمانے کے ساتھ موافقت

لہ ترکستان کا ایک شہر جہاں حکیم ابن عطا مقنع نے سحر و طلسم سے ایک کنوئیں سے چاند نکالا تھا جس کی روشنی بارہ بارہ میل تک جاتی تھی۔

کرنے کا نام ہے۔ بخدا [illegible]
دیکھنے والی آنکھ عطا کرے۔ والسلام علیٰ
اہل الرشد۔ بے انتہا لطف۔ اور ہدایت پانے
والوں۔ اور نیکوں پر سلامتی ہو +

ان نمک حراموں نے شہزادہ کے ساتھ
جو سلوک کیا۔ وہ ہم نے سنا۔ کیا کریں
اپنے کئے کا علاج نہیں۔ اور ہم نے ان
عریضوں کے بارے میں حکم دے دیا۔ جو
ان نمک حراموں کے متعلق تھے۔ اور ایک
طرح ان کے گرفتار کرنے کی اجازت دے
دی۔ معلوم نہ تھا کہ ان بیلے دیوں نے
اسی قدر جہالت پیدا کر لی ہے۔ کہ یہ
بادشاہوں سے کہیں گے۔ حضور یہ جھوٹ بولیں گے
اور اس سعادت مند کی نسبت بے بنیاد
بات کہیں گے۔ اچھا۔ یار زندہ صحبت باقی
انشاء اللہ تعالیٰ ہم سمجھ لیں گے +

بالفعل ہمارے حکم کے مطابق فرزند عالی
جاہ کو خط لکھو۔ اور جلد یار علی بیگ کو
اطلاع دو۔ کہ چکلہ کوڑا کو ویران کرنے

والے حسن بیگ میں افضل اجل کی قرابت
کے باعث کوئی تبدیلی نہیں ہوئی۔ وہاں
کے باشندے برابر فریاد کر رہے ہیں۔ اور
واویلا کرتے ہوئے کہتے ہیں۔ کہ (ع)

اگر تو نمی دہی داد روز دادے ہست

اگر تو فریاد نہیں سنتا۔ تو (کیا ہوا) داد
رسی کا ایک دن مقرر ہے۔ آخر الدوا
الکی۔ آخری علاج داغ دینا ہے۔ یہ چکلا
اُن کی جاگیر سے بدل دیا جائیگا۔ اور انہیں
اس کا کچھ عوض نہیں ملیگا۔ زمین سخت
ہے۔ اور آسمان دُور ہے۔ اور دیوان کو
صاحب جاگیر رعایا اور عامل کے مابین
امین کہتے ہیں۔ دیوانی کرنا آسان اور امین
ہونا مشکل ہے۔ فوج کے حصے کی بعض
جاگیروں میں وہ ظالموں میں شمار کیا جاتا
ہے۔ سوچ سمجھ کر کسی خدا سے ڈرنے
والے۔ عقل مند اور جگہ کو آباد و با
رونق بنانے والے شخص کو جلد مقرر کر
دو۔ تاکہ قیامت کے دن ہم۔ اور تم

بری الذمہ ہو جائیں۔ عاملوں۔ اہل دفتر کے
بھائیوں۔ اور عام لوگوں کے حالات لکھنے
والوں کو امین اور فوجدار مقرر نہ کرو +

رقعہ ۱۷۱

ہدایت اللہ خان زرین رقم سے کہو
کہ یہ شعر اسی بیاض میں جو شہزادہ
کام بخش کو مرحمت ہوئی ہے۔ اپنے خط
سے لکھے۔ شعر

آتش بدست خویش در خرمن خویش
من خود زدہ ام چہ نالم از دشمن خویش

میں نے اپنے خرمن میں اپنے ہاتھوں سے
آگ لگائی ہے۔ اپنے دشمن کی کیا شکایت
کروں +

رقعہ ۱۷۲

معلوم ہوتا ہے۔ کہ میر جلال الدین جو

شاہ عالی جاہ سے جدا ہو گیا ہے ہمارے
سابق بخشی ہمت خان کا بھانجا ہے۔ وہ
تو شریف النسل اور عالی خاندان سید
زادہ ہے۔ اُسے کیوں نکالا؟ وکیل سے
دریافت کرو +

رقعہ ۱۷۳

معتمد خان کی تحریر وحی نہیں۔ کہ خواہ
مخواہ اُس پر عمل کیا جائے۔ ان چیزوں
کا بندوبست ہو رہا ہے۔ بہر حال چونکہ
وہ خود ہی بیزار ہے۔ اور اس نے آپ
ہی استعفا دیا ہے۔ اس لئے اُسے لکھو۔
کہ ۳ کر اکبر آباد کی دیوانی سنبھال لے +

رقعہ ۱۷۴

اسد خاں اور اُس کے بیٹے نے ہمیں
لکھا ہے۔ کہ شہزادہ صاحب جگی رانا کی

حمایت پر کمر بستہ ہیں۔ اور چاہتے ہیں۔ کہ قلعہ میں آئیں۔ چنانچہ ایک روز وہ اسی ارادے سے سوار ہو کر قلعہ کے قریب گئے لیکن زمیندار مردود بندگان شاہی کی خبرداری کے باعث قلعہ سے باہر آ کر انہیں اندر نہ لے جا سکا۔ فتح میں دیر اسی وجہ سے ہے۔ حسب الحکم شہزادہ کی حفاظت اور قلعہ فتح کرنے کے بارے میں انہیں لکھا جائے اور دوبارہ لکھ کر یار علی بیگ کے حوالے کیا جائے۔ کہ وہ ڈاک میں بھیج دے۔ ایسا نہ ہو۔ کہ وہ شہزادہ مرحوم و مغفور کی طرح مخالفت پر کمر باندھ لے۔ اور سلطنت کا کام درہم برہم ہو جائے۔ فرد۔

حقوقِ خدمتِ صد سالہ لعب اطفال است
بکشورے کہ درو کودکاں خداوندند

جس ملک کی حکومت بچوں کے ہاتھ میں ہو وہاں سو سال کی خدمت کے حقوق لڑکوں کا کھیل ہیں +

شریف مکہ معظمہ ہندوستان میں بہت سی

دیا جائے۔ کیونکہ اس پاک خدا کا جلوہ ہر جگہ ظاہر ہے۔ نحن اقرب الیہ من حبل الورید۔ ہم اس سے شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہیں۔ فقط +

رقعات بنام اسد خاں :-

رُقعہ ۱۷۵

مہین پور خلافت محمد معظم بہادر کو لکھو۔ بلکہ عرض کرو۔ کہ جلال آباد کی فوجداری کی خدمت شیخ کریم اللہ کے سپرد کرنے کی تجویز بہت ٹھیک ہے۔ اس کا باپ سپاہی تھا۔ اور وہ بھی سپاہی ہے۔ ہمیں اس کے مفصل حالات معلوم نہیں لکھو۔ کہ اس کا منصب کیا ہے +

باہر سے اطلاع پہنچی ہے۔ کہ اس منصب دار کا وکیل جس کی جاگیر صوبہ کشمیر میں ہے اور جس کی بابت کا محصول کشمیری حاکم کے ذمے ہے دیوانی کی

